مضامین

(حصۂ اوّل)

صفحات

(حصۂ دوم)

کلامِ عارفؒ

حضرت عارف و اجداد حضرت عارف

مرتبہ

ابو الفضل سید محمود قادری

مطبوعہ

نیشنل فائن پرنٹنگ پریس چار کمان حیدرآباد دکن

پیش لفظ

حضرت عارف کے کلام کی اشاعت کے لئے جو فرمایش آپ کے وصال کے بعد کی گئی تھی بالآخر وہ اصرار و مطالبہ کی حیثیت اختیار کرلی۔ عدیم الفرصتی سے زیادہ کلام کی فراہمی اور ترتیب میں دشواری تاخیر کی وجہ ہوئی۔ الغرض ؎ ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا۔

جب کبھی حضرت اشعار موزوں فرماتے تو کاغذ کے کسی پُرزے یا لفافے پر لکھ دیتے اور جو کتاب اُس وقت زیرِ مطالعہ رہتی اس میں اس کو لکھ دیتے فراہمیِ کلام کے لئے ان کتابوں کی ورق گردانی اور پھر اس کی ترتیب کے لئے کافی مہلت درکار تھی۔ چاہتا تھا کہ کچھ اور وقت لوں لیکن حضرت کی صاحبزادی کا اصرار ہوا کہ اس سال حضرت کے عرس تک کسی طرح کلام کی اشاعت ہوجانی چاہئے لہذا ان کی فرمایش کی تکمیل میں ؎ سامنے احباب کے جو کچھ تھا حاضر رکھ دیا

ف ۲ ۔ حضرت کے مواعظِ حسنہ کی ترتیب و اشاعت کا کام اس سے زیادہ اہم ہے شیخ الاسلام حضرت سید محمد بادشاہ حسینی صاحب قادریؒ نے حضرت کے وصال کے روز ہی مجھ سے اس کی فرمایش کی تھی۔ ان کی یہ فرمایش اب میرے لئے وصیت کا درجہ رکھتی ہے۔ میاں محمد ظہیر الدین حسین سلمہٗ نے حضرت کے مواعظ کا نوٹ لیا تھا جس کو وہ بغرضِ تعلیم کنیڈا جاتے وقت حوالہ کر گئے اور اب وہاں سے وہ توجہ دلا رہے ہیں۔ ارادہ ہو رہا ہے کہ یہ کام شروع کردیا جائے ؎ السّعی منّی والاتمام من اللہ۔

ف ۳ ۔ "کلامِ عارف" کتابت کے لئے دینے کے بعد خیال ہوا کہ "صاحبِ کلام" کے حالات بھی اجمالاً تحریر اور شایع کئے جائیں۔ چنانچہ لکھنا شروع کیا کچھ حصہ لکھنے کے بعد خیال ہوا کہ حضرت کے اسلاف کے حالات بھی لکھ دیئے جائیں تو مناسب رہے گا کہ ؎ یلوحُ الخطُّ فی القِرطاسِ دَهراً ٭ وکَاتِبُہٗ رَمِیمٌ بِالتُّراب

ظاہر ہے کہ ان حالات کا احصاء اس عجالہ میں دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف تھا۔ تنگیِ وقت بھی اس کی متحمل نہ تھی کہ پورے حالات ضبطِ تحریر میں آسکیں۔ ادھر کاپی نویسی جاری تھی اور ادھر مسوّدہ نویسی۔ جو کچھ لکھا جارہا تھا وہ بغرضِ کتابت پوسٹ کیا جارہا تھا۔ اس بردا شتگیِ قلم اور رواروی میں اگر کچھ سہو بیانی ہوگئی ہو یا بعض اہم واقعات رہ گئے ہوں تو عذر خواہی کے سوا چارہ نہیں ؎

إِذَا أَحسَستَ فِی لَفظِی قُصُوراً ۔۔۔ وحِفظِی وَالبَرَاعَةِ وَالبَیَان
فَلَا تَعجَلْ اِلَی لَومِی فَرِفقِی ۔۔۔ عَلٰے مِقدَارِ اِیقَاعِ الزَّمَان

ابو الفضل سید محمود
مارچ سنہ ۱۹۶۷ء

حضرتِ عارفؔ کا نسبی سلسلہ

نَسَبٌ تَحْسَبُ العُلاَ بِحُلاَہٗ   قَلَّدَتْھَا نُجُوْمُھَا الْجَوْزَاءُ

(۱) السیّد وحید القادری ابن (۲) السیّد محمّد علی القادری ابن (۳) ”شیخ المشائخ افتخار الاکابر والاکارم“ السیّد مرتضیٰ القادری ابن (۴) السیّد غلام محی الدین القادری ابن (۵) السیّد حسین القادری ابن (۶) قدوۃ المحققین السیّد موسیٰ القادری ابن (۷) السیّد محمّد القادری ابن (۸) السیّد درویش محی الدین القادری ابن (۹) السیّد عبد المحی الدین القادری ابن (۱۰) سیّد المحققین السیّد شاہ محی الدین ثانی القادری ابن (۱۱) سیّد الابدال السیّد عبد اللطیف القادری الحموی ابن (۱۲) السیّد طاہر القادری الحموی ابن (۱۳) السیّد شرف الدین زاھد القادری الحموی ابن (۱۴) السیّد کمال الدین عارف القادری الحموی ابن (۱۵) السیّد ناصر الدین ھاشم القادری الحموی ابن (۱۶) السیّد قطب الدین محمد القادری الحموی ابن (۱۷) السیّد شہاب الدین ابی العباس احمد القادری الحموی ابن (۱۸) السیّد بدر الدین حسن القادری الحموی ابن (۱۹) السیّد علاء الدین علی القادری الحموی ابن (۲۰) السیّد شمس الدین محمد الثانی القادری الحموی ابن (۲۱) السیّد سیف الدین یحیٰ القادری الحموی ”وھو اوّل من نزل بحماۃ“ ابن (۲۲) السیّد ظہیر الدین ابی السعود احمد القادری البغدادی ابن (۲۳) السیّد شمس الدین ابی النصر محمد القادری البغدادی ابن (۲۴) السیّد عماد الدین ابی صالح نصر القادری البغدادی ابن (۲۵) سیّد الاقطاب قطب الآفاق السیّد تاج الدین عبد الرزاق القادری البغدادی ابن (۲۶) قطب العارفین سیّد المعشوقین عارف باللہ القائم بامر اللہ ”قدمی ھٰذہٖ علیٰ رقبۃ کُلِّ ولی اللہ“ غوث الصمدانی صاحب الاشارات والمعانی السیّد عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ عنہٗ وعنھم اجمعین۔

۷۸۶
۹۲

اُحِبُّ الصَّالِحِیْنَ وَلَسْتُ مِنْھُمْ
لَعَلَّ اللّٰہُ یَرْزُقُنِیْ صَلَاحًا

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ کے ذریعہ جب "تکمیلِ دین" اور "اتمامِ نعمت" کی بشارت دی گئی اور سورۃ النّصر کے ذریعہ "نصرتِ الٰہی" اور جوق درجوق "دینِ الٰہی" میں داخلہ پر اظہارِ اطمینان کیا گیا تو یہ جشنِ مسرّت منانے کا موقع تھا لیکن دیکھا گیا کہ حضرت صدیقؓ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔ یہ وہ آنسو نہ تھے جو انتہائی خوشی اور فرطِ مسرت میں نکل آتے ہیں۔ یہ انتہائی حُزن و ملال رنج و غم کے آنسو تھے جو دل پر ٹھیس لگنے سے جاری ہو گئے تھے۔ ان کی حساس فطرت اور فراستِ ایمانی نے جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اتقوا فراسۃ المومن فانہٗ ینظر بنورِ اللہ یہ اندازہ کر لیا کہ جب مشن پایۂ تکمیل کو پہونچ چکا ہے تو اب اس کا چلانے والا بھی شاید نہ رہے گا، کارواں منزلِ مقصود پر پہنچ چکا ہے تو شاید میرِ کارواں بھی رخصت ہو جائے گا، قُرب و وصل کی گھڑیاں ہجر و فراق میں تبدیل ہو جائیں گی۔ یہ وہ اندیشے اور خیالات تھے جو ان کے دل و دماغ سے ٹکرا رہے تھے۔ سوال یہ تھا کہ اب آئندہ کیا ہو گا؟

جو مجسّم رحمت بن کر آیا تھا، جو رؤف بھی تھا رحیم بھی، جس کے نرم و نازک لبوں سے اس دُنیائے رنگ و بُو میں آنے کے فوری بعد پہلی بار جو بات سُنی گئی "اُمّتی اُمّتی" تھی وہ کس طرح ان کو جو اس کے ہو چکے تھے بے وسیلہ اور بے سہارا چھوڑ سکتا تھا صدیقؓ کی تیز نگاہی کا جب یہ حال تھا تو اس کی نظروں کا کیا حال ہو گا جن میں مَا زَاغَ کا سُرمہ لگا تھا، جو پیچھے بھی

اسی طرح دیکھتی تھیں جس طرح سامنے۔ ان نظروں نے تو قیامت تک آنے والے واقعات اور حالات کا جائزہ لے لیا ہوگا۔ پھر اس کے ناخنِ تدبیر و تدبّر نے ان ساری مشکلات کا حل بھی تجویز کیا ہوگا جو آیندہ پیش آنے والی تھیں اور اس کی فکرِ رسا نے ایک لائحہ عمل یا منصوبہ بھی مرتب کر کے پیش کر دیا ہوگا۔ ہاں یہی ہوا۔ اس نے علیٰ رؤسِ الاشہاد یہ اعلان کیا کہ میں جا رہا ہوں لیکن تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ رہا ہوں پہلی چیز قرآن اور دوسری میری اہلِ بیت۔ یہ دونوں ایک دوسرے سے قیامت تک جدا نہ ہوں گے تا آنکہ مجھ سے حوضِ کوثر پر آملیں گے۔ لہذا جب تک تم ان دونوں سے وابستہ رہو گے گمراہ نہ ہونے پاؤ گے۔ پھر اس کملی والے جسے اس کملی کے اوڑھنے کی ادا پر یا ایھا المزمّل سے مخاطب کیا گیا تھا اپنی اس نورانی کملی میں اپنے داماد فاتح خیبر علیؓ ابن ابی طالب، اپنی چہیتی صاحبزادی سیدۃ النسا فاطمہ الزہراؓ اور اپنے محبوب نواسوں سیّد اشباب اہل الجنۃ حسنؓ اور حسینؓ کو لے کر یہ اعلان بھی کر دیا کہ یہ اس کے اہلِ بیت ہیں اور پھر اپنے اہلِ بیت کو سفینۂ نوحؑ سے تشبیہ دیتے ہوئے فرمایا کہ جو اس سفینے میں سوار ہوگا وہ ہلاکت سے محفوظ رہے گا اور جو اسے چھوڑے گا غرق ہو جائے گا۔ الغرض "کتاب و حکمت" کی تعلیم دینے والے نے کتاب بھی چھوڑی اور حکمت کی تعلیم کا بھی انتظام کر دیا۔ اس طرح دورِ نبوت کے بعد امّت کی رشد و ہدایت کا مرکز منتقل خاندانِ نبوت ہو گیا۔

تاریخ شاہد ہے، زمانہ گواہ ہے کہ جب کبھی شرک و بدعت کی آندھیاں چلیں، حوادث کے طوفانوں نے دین کے "شجرۂ طیبہ" کو بیخ و بن سے اکھیڑنے کی کوشش کی تو اس کی حفاظت کے لئے جو طبقہ آگے بڑھا وہ یہی تھا۔ اس نے نہ صرف ان طوفانوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ان آندھیوں اور سیلابوں کا منہ پھیر دیا بلکہ اپنے خون سے اس پودے کی آبیاری کی جس سے وہ ایک تناور درخت کی شکل میں تبدیل ہو گیا۔ اس کی جڑیں مضبوط سے مضبوط ہو گئیں اور اس کی شاخوں نے شرق اور غرب کو اپنے سایۂ عاطفت میں لے لیا اصلھا ثابتٌ و فرعھا فی السماء کی یہ وہ عملی تفسیر تھی جو ان مفسّروں نے پیش کی۔

کربلا کا واقعہ دراصل ان قربانیوں کا نقطۂ آغاز ہے جس میں "گلشنِ نبوت" کے نونہالوں نے اپنی خاک و خون میں تڑپتی ہوئی نعشوں پر اسلام کی بنیاد رکھی ؎

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

جب تک دنیا میں حق و باطل کی آویزش رہے گی ان قربانیوں کا سلسلہ بھی قایم رہے گا ؎

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا بہ امروز
چراغ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

اور انشاء اللہ ہر قربانی ایک نئے دورِ حیات کا پیش خیمہ بنے گی۔ بقول مولانا محمد علی جوہر ؎

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

سیدہ نے بارگاہِ نبوت میں اپنے شہزادوں کو پیش کر کے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ ھٰذان ابناک فاعطھما شیئاً کہ اے اللہ کے رسول یہ دونوں آپ کے صاحبزادے ہیں انہیں کچھ عطا فرمایئے۔ استدعا مال و دولت کے لئے نہ تھی، دنیوی جاہ و جلال کے لئے نہ تھی، جن کی طہارت پر آیتِ تطہیر گواہ ہو وہ اپنے پاک دامن کو دنیا کی کثافت سے کیا آلودہ کرتے۔ مقصود کچھ اور تھا۔

ہر یکے میرد بہ طمع سیم و زر
در دلِ من آرزوئے دیگر است

اسی لئے کہا گیا ہے ؎ فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست

اس کونین کی دولت لٹانے والے نے جو دینے کے لئے ہی آیا تھا، جس کے بابِ کرم سے کوئی سائل تہی دست واپس نہ ہوا تھا، جن کی زبان سے کبھی بجز تشہد کے لفظ "لا" نہ نکلا تھا بقول حضرت حسانؓ ؎ لولا التشھد کان لاءہ نعم کہ تشہد نہ ہوتا تو اس کا یہ "لا" بھی "نعم" ہوتا بھلا وہ اپنی صاحبزادی کے سوال کو کیسے رد کر سکتا تھا۔ سوال سائل نے اپنے شایانِ شان کیا تھا اور مسئول وہ تھا کہ جس کی شان کا دینے والا اس کے سوا اور کوئی نہ تھا یعنے نعم الطالب والمطلوب والا معاملہ تھا۔ بہرحال جود و سخا کے در کھلے اور دینے والے نے وہ سب کچھ دے دیا کہ ما عین رأت ولا اذن سمعت۔

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحیٰ تیرا
نہیں سُنتا نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرہ تیرا

فیض ہے یا شہ تسنیم نرالا تیرا
آپ پیاسوں کی تجسس میں ہے دریا تیرا

آسماں خوان زمیں خوان زمانہ مہماں
صاحبِ خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا

اس کا جمال تو پہلے ہی شہزادوں میں تقسیم ہو چکا تھا۔ بڑے صاحبزادے سر سے لے کر ناف تک مرأتِ جمالِ مصطفیٰ تھے اور چھوٹے صاحبزادے ناف سے لے کر ناخنِ پا تک اپنے نانا کے ہم شبیہ تھے۔ غرض کانا تصویرین لرسول اللہ ۔ اب ان میں کمالاتِ مصطفوی بھی تقسیم ہو گئے۔ فرمایا امّا الحسن فلہ ھیبتی وسوددی وامّا الحسین فلہ جرءتی وجودی کہ حسنؓ کو میں نے اپنی ہیبت اور سرداری دی اور حسینؓ کو اپنی جرأت اور بخشش عطا کی۔ اور پھر شہادت کے منصب جلیلہ کو بھی ان دونوں میں بانٹ دیا۔ حسنؓ کو شہادتِ خفی دی اور حسینؓ کو شہادتِ جلی حضرت امیر مینائی نے کیا خوب کہا ہے

حسنؓ کو سبز تو رنگت ملی حسینؓ کو سُرخ
بٹی نواسوں میں کیسی حنا مدینے کی

حسنی اور حسینی جمال اور کمال کے ان دو دریاؤں کا قرانِ خامس میں سنگم ہوا تو اس مرج البحرین یا قِرانُ السعدین سے ایک ایسا گوہرِ نایاب پیدا ہوا جس میں حسنی سیادت بھی تھی اور حسینی شجاعت بھی جس میں ان دونوں کا جمال بھی تھا اور کمال بھی۔

فدائی کیا خوب کہتے ہیں ہے

اے علیؓ در دو جہاں جز تو نباشد مرتضیٰ
اے رضا جوئے نبیؐ با تو رضا جوید خدا

نامِ یک چشمت حسنؓ نامِ دگر چشمت حسینؓ
زاں دو شد یک نور پیدا نامِ او غوث الوریٰؓ

جس نے اس کے جمالِ جہاں آرا کو دیکھا بے ساختہ پکار اٹھا ہے

آں یار ہماں ست مگر جامہ دگر کرد
آں جامہ دگر کرد و دگر بارہ برآمد

کسی نے جھوم جھوم کر یہ گنگنانا شروع کیا ؎

وہی نقشہ ہے وہی رنگ ہے ساماں ہے وہی — یہ جو صورت ہے تری صورتِ جاناں ہے یہی

اور کوئی کہہ اُٹھا ؎ آرے ایں جمال جمالِ محمدؐ است — وایں کمال کمالِ محمدؐ است

(شیخ محقق حضرت عبدالحق محدث دہلویؒ)

آنے والے نے بالآخر خود ہی اعلان کر دیا کہ

هٰذا وُجُودُ جَدِّی لَا وُجُودُ عَبْدِ الْقَادِر

مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ عرض کرتے ہیں ؎

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا — اُونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا — اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

تو حُسینی حَسنی کیوں نہ محی الدین ہو — اے خضر مجمع بحرین ہے دریا تیرا

مُصطفےٰؐ کے تنِ بے سایہ کا سایہ دیکھا — جس نے دیکھا مری جاں جلوۂ زیبا تیرا

ابنِ زہرؓا کو مبارک ہو عروسِ قدرت — قادری پائیں تصدق مرے دولھا تیرا

کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابنِ ابی القاسم ہے — کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا

نبوی مینھ علوی فصل بتولی گلشن — حسنی پھول حُسینی ہے مہکنا تیرا

نبوی ظل علوی بُرج بتولی منزل — حسنی چاند حُسینی ہے اُجالا تیرا

نبوی خور علوی کوہ بتولی معدن — حسنی لعل حُسینی ہے تجلا تیرا

وہ نخلِ دین جس کی آبیاری حُسینؓ نے اپنے خون سے کی تھی اب خشک ہو رہا تھا۔ دین کے صاف وشفاف چشمہ میں شرک وبدعت کے نالے مل کر گندگی پیدا کر رہے تھے اسلام کی اصل شکل وصورت باقی نہ رہی تھی، اس کے چہرے سے ضعف و اضمحلال کے آثار نمایاں تھے اس کی حالت ایسے مردِ بیمار کی تھی جو مختلف بیماریوں اور عوارض میں مبتلا ہو کر بستر پر لیٹے ہوئے بس موت کا انتظار کر رہا ہو اسلام کا بیرونی ڈھانچہ رہ گیا تھا وہ ایک ایسا جسد تھا

جس میں رُوح موجود نہ تھی۔ عین اس عالم میں ہاتفِ غیبی نے ندا دی ؎

مُژدہ اے دل کہ مسیحا نفسے می آید — کہ زانفاسِ خوشش بوئے کسے می آید

از غم و ہجر مکن نالہ و فریاد کہ دوش — زدہ ام فالے و فریاد رسے می آید

حضرت حافظ نے فرمایا تھا کہ ؎

فیضِ رُوح القدس ار باز مدد فرماید — دیگراں ہم بکنند اُنچہ مسیحا می کرد

چنانچہ آنے والے نے جب دین کے تنِ مُردہ میں جان ڈالی تو سب نے جان لیا کہ یہ اسی فیض کا حاصل ہے۔ سچ پوچھیے تو احیائے دین کا یہ لافانی کارنامہ وہی انجام دے سکتا تھا جو "عبدِ قادر" بھی ہو "محی الدین" بھی "غوثِ اعظم" بھی ہو "پیر دستگیر" بھی اور جب اس کے ہاتھوں سے یہ انجام پایا تو سب پکار اُٹھے ؎

شریعت کو کیا زندہ طریقت کو کیا تازہ — مسیحائی میں لاثانی محی الدّین جیلانی ؓ

اس کے بعد اس کے نقشِ قدم پر چلنے والوں نے اس شمع کو جو اس نے جلائی تھی روشن رکھا اور نہ صرف روشن رکھا بلکہ اس کی روشنی دُنیا کے عرض و طول میں پھیلائی۔ ان پاکبازوں نے اپنا وطن چھوڑا، اپنے عزیز و اقارب چھوڑے، اپنے آرام و آسایش کو خیرباد کہا، مصیبتیں جھیلیں، دُور دراز علاقوں کا سفر کیا اور اس پیام کو گوشہ گوشہ میں پہونچا دیا جس کو لے کر محمدؐ عربی (روحی فداہٗ) آئے تھے۔ انھوں نے یہ نہیں کیا کہ کسی مقام سے گزرتے ہوئے کچھ احکام بیان کر دیئے یا کسی جگہ ٹھیرے تو کچھ کام کی باتیں بتا دیں اور پھر چل پھر کر اپنے گھر لوٹ آئے۔ اُنھیں جب کوئی تاریک منطقہ نظر آیا تو پھر ان کے قدم وہاں سے آگے نہ بڑھ سکے انھوں نے یہ سمجھا کہ یہی مقام ان کا میدانِ عمل ہے چنانچہ وہ وہیں کے ہو رہے۔ انھوں نے اپنی ساری زندگی وہیں گزار دی اور وہیں پیوندِ خاک ہو گئے۔ جزاھم اللہ تعالیٰ خیر الجزاء۔

آج اکثریت اور اقلیت کی اصطلاحوں نے ایک ہنگامہ برپا کر رکھا ہے۔ ہر اقلیت اکثریت کے جور و تشدد کا شکوہ اور اپنی بے بسی اور مظلومیت کا اظہار کرتی ہے لیکن ان شکوہ کرنے والوں نے کبھی یہ سوچا کہ یہ اللہ کے بندے جہاں کہیں گئے کیا ہزاروں اور لاکھ کی تعداد میں گئے اور پھر کیا ان کے ساتھ کوئی قوت اور طاقت تھی کیا وہ بھی کوئی عصری اسلحہ رکھتے تھے۔ کیا وہ بھی کوئی ہیڈروجن بم یا آکسیجن بم ساتھ لے گئے تھے کہ جس کو چلا کر انھوں نے فتح کے شادیانے بجائے۔ ان میں سے کوئی چیز بھی تو ان کے ساتھ نہ تھی یہ جہاں گئے تنہا یہ تقدیر گئے یا اپنے ساتھ چند شکستہ حالوں کو لے کر گئے جن کے پیٹ میں نہ پوری غذا تھی نہ جن کے جسم پر پورا لباس تھا۔ ان کی غذا خدا کا ذکر اور ان کا لباس تقویٰ تھا۔ ان کی پاکیزہ سیرت اور ان کا مضبوط کردار ان کا ہیڈروجن اور آکسیجن بم تھا وہ تعداد میں کم تھے لیکن کروڑوں پر بھاری تھے ان کے نورانی چہروں کو دیکھ کر خیال ہوتا تھا کہ آسمان سے فرشتے تو اتر کر نہیں آئے ہیں ان کی صحبت میں وہ مقناطیسی قوت تھی کہ جو ان کے نزدیک آیا وہ انہی کا ہو گیا۔ ان کی نگاہوں میں وہ سحر تھا کہ یہ جس پر پڑیں وہ ان کا بندۂ بے دام ہو گیا ان کی زبان میں وہ حلاوت اور شیرینی تھی کہ جس نے دلوں کو موہ لیا۔ الغرض وہ جہاں سے بھی ساز و سامان ساتھ لے گئے اور جس جگہ بیٹھے پھر وہاں سے نہ اُٹھے۔ دُنیا کے دُور دراز علاقوں میں چلے جاؤ آج بھی وہاں ان کی نشانیاں اور نقوشِ قدم نظر آئیں گے بقول کسے ؎

ابھی اس راہ سے گزرا ہے کوئی ٭ کہے دیتی ہے شوخی نقشِ پا کی

الحاصل ؎

وہ ایک بار ادھر سے گئے مگر اب تک ٭ ہوائے رحمتِ پروردگار آتی ہے

یہ ہے "سلسلہ قادریہ" کی اشاعتِ دین کی خدمت اور تبلیغی و اصلاحی سرگرمی جس کی مثال شاید دُنیا کی کوئی جماعت پیش نہ کر سکے۔

[illegible] کا ایک جھونکا تھا جو شاہ [illegible] کے گلشنِ قادریہ سے دسویں صدی ہجری

میں کرنول آیا اور جس نے اس بے برگ وگیاہ علاقہ کو ایک لہلہاتے گلستان میں تبدیل کر دیا۔
میرا اشارہ سید الابدال حضرت سید عبداللطیف حموی قدس سرہٗ سے ہے جو پندرھویں پشت
میں حضور غوثِ پاکؓ کے صاحبزادے ہوتے ہیں۔ کہاں حماہ اور کہاں کرنول ؎

ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا

اس بُعد مسافت کے علاوہ اُس زمانے کے سفر کی صعوبتوں کو بھی ذہن میں رکھو اور غور کرو کہ
اس مردِ مجاہد کو ان صعوبتوں کو برداشت کر کے اس قدر طویل سفر طے کرنے کی ضرورت کیا تھی
کیا یہاں اس کے کوئی خویش و اقارب تھے جن سے ملاقات مقصود تھی، کیا اس مقام سے اس
کی کوئی تجارت تھی کہ کہا جا سکے اس سلسلے میں اس کا آنا ہوا تھا، کیا یہاں اس کے کوئی دوست
احباب تھے کہ خیال کیا جا سکے کہ انھوں نے اسے دعوت دی ہوگی یا پھر یہاں کوئی خزانہ نکلا تھا یا یہ
کوئی زرخیز علاقہ تھا کہ کہا جا سکے کہ اس نے اپنی معاشی حالت دُرست کرنے کے لئے ادھر کا رُخ کیا
تھا ان میں کوئی چیز بھی تو نہ تھی۔ جب یہ کوئی محرکات نہ تھے تو پھر آخر کیا چیز کشاں کشاں یہاں
لائی تھی۔ اس کا جواب ایک اور صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ ؎

رشتۂ در گردنم افگندہ دوست می برد ہر جا کہ خاطر خواہِ دوست

"سیروا فی الارض" اور "ولتکن منکم اُمۃ یدعون الی الخیر یامرون بالمعروف و
ینھون عن المنکر" کی یہ وہ لگن تھی کہ جس کے آگے ہر مصیبت راحت اور ہر مشکل آسان
تھی اور جذبۂ شوق و عزیمت کا یہ عالم تھا کہ ؎

ہر لحظہ نیا طور نئی برقِ تجلا اللہ کرے مرحلۂ شوق نہ ہو طے

یہ جذبہ آج ہم کو عیسائی مبلغوں میں ملتا ہے کہاں امریکہ اور کہاں افریقہ کے جنگل اور کوہ ہمالیہ
و مراکش کے دامن تبلیغ کا ایک جال ہے کہ ساری دُنیا میں پھیلا ہوا ہے دُور دراز اور
پسماندہ سے پسماندہ مقامات پر زندگیاں صرف کی جا رہی ہیں نتائج سامنے ہیں جو چیز اپنی
تھی آج دوسروں کے پاس ہے اس "ضالۃ المومن" کو کبھی واپس لینے کا ہم کو بھول کر

بھی خیال نہیں آتا گویا اس میں کوئی میعاد عارض ہوگئی ہے۔ وقت اور زمانے کی شکایت کرنے والوں کو پہلے یہ سوچنا چاہئے کہ ہم کہاں تک اپنے اسلاف کی راہ پہ گامزن ہیں اور کہاں تک ان کے نقشِ قدم پر چل رہے ہیں ؎

تا کے ملامتِ مژۂ اشکبار من　　　　یکبارہ ہم نصیحتِ چشم سیاہ خویش

ذکر حضرت عارف کے جدِّ اعلیٰ کا ہو رہا تھا۔ بات دور تک جو پہونچی ؎

بات نکلی تھی ان کے قامت کی　　　　پہونچی یہ فتنۂ قیامت تک

کہہ رہا تھا کہ حماۃ سے کرنول کو تشریف آوری ایک خاص مقصد کے تحت ہوئی تھی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ کفر و ضلالت، فسق و فجور، جور و تشدّد کی ہر طرف ہنگامہ آرائی تھی اور اس شر و فساد کی بیخ کنی کسی کے بس کی بات نہ تھی۔ انتظار بس اس کا تھا کہ ؎

مردے از غیب بروں آید و کارے بکند

چنانچہ انتظار کی یہ گھڑیاں ختم ہوئیں "احیائے دین" کا کام "محی الدین" کے صاحبزادے کے سوا اور کون کر سکتا تھا مشیت ایزدی بھی شاید یہ چاہتی تھی کہ اس کا سہرا اس کے سر باندھا جائے جو راسِ اتقیا اور سر گروہ اصفیا ہو۔ اذا ارادَ اللہ شَیئاً ھیّی اسبابہٗ جب حق سبحانہٗ تعالیٰ کسی چیز کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کے اسباب بھی فراہم کر دیتے ہیں۔ صورت یہ پیش آئی کہ حاکمِ وقت راجہ گوپال کی لڑکی کے سانپ ڈس لیا جس سے وہ فوت ہوگئی سارے کرنول میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ ارتھی کا جلوس نکلا اور بڑے تزک و احتشام سے نکلا۔ راجہ و رعایا سب ہی ساتھ تھے۔ حسبِ طریق ہنود باجے بج رہے تھے حضرت لا اُبالی کے گوشِ حق نیوش میں جب یہ صدا پہونچی تو دریافت فرمایا "ایں چہ نوع تہنیت است" عرض کیا گیا کہ یہ مراسم تہنیت نہیں مراسم تعزیت ہیں۔ اس نواح میں ارتھی اسی طرح لے جائی جاتی ہے۔ یہ راجہ کی لڑکی کی میت ہے جو اس تزک و احتشام سے لے جائی جا رہی ہے۔ دریائے رحمت جوش میں آگیا۔ فرمایا راجہ سے دریافت کرو کہ اگر بحکم قادرِ مطلق لڑکی زندہ ہو جائے تو

کیا وہ اسلام قبول کرے گا۔ راجہ نے یہ پیام جاں بخش پایا تو کہلا بھیجا کہ "اگر چنیں نعمتِ بے غایت بما نصیب گردد مابہ توابعین ولواحقین تشریف اسلام در برکنم وحلقۂ زندگی آں بزرگ درگوشِ ارادت دارم"۔ جلوس رُکا میت کاندھوں سے زمین پر رکھی گئی اور اب وہ زبانِ حال سے کہہ رہی تھی ؎

دِہ بر سر تا بوتم یک جلوہ بہ رعنائی ۔۔۔ اے در لبِ لعلِ تو اعجازِ مسیحائی

دیکھنے والوں نے دیکھا کہ ادھر نگاہ جاں بخش پڑی اور اُدھر یخرج الحیّ من المیّت کا ظہور ہوا۔ لڑکی کیا زندہ ہوئی سارے مُردہ دل زندہ ہو گئے۔ راجہ مع اپنے خدم وحشم کے حلقہ بگوشِ اسلام ہو گیا۔ جو کل تک سیاہ دل اور سیاہ باطن تھے آج ان کی پیشانیاں نورِ ایمان سے چمک رہی تھیں ؎ یخرجھم من الظلمات الی النّور کی تفسیر سب کے سمجھ میں آ گئی۔ یہ وہ انقلاب انگیز واقعہ تھا جس نے گویا کرنول کی قسمت بدل دی اور اگر ایسا ہوا تو تعجب کا مقام نہیں کہ ؎ نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں۔

پھر اس انقلاب میں نہ کوئی کشت وخون ہوا نہ ہتھیار استعمال ہوئے۔ بس ایک نگاہِ ناز تھی جس نے سب کی قسمتوں کا فیصلہ کر دیا تھا۔ ہاں جس کی نظر تیر وسنان ہو اور جس کی زبان تلوار سے زیادہ تیز ہو اسے اور ہتھیاروں کی کیا ضرورت ہو سکتی ہے ؎

سیف ہو جس کی زباں شمشیر کی حاجت نہیں ۔۔۔ تیز ہو جس کی نظر پھر تیر کی حاجت نہیں

بقول حضرت جلیلؔ ؎

ادا اک دیکھنے کی ہے وہ جس سے قتل کرتے ہیں
نہ خنجر ہے نگاہوں میں نہ ہے تلوار آنکھوں میں

بہر حال چشم زدن میں سارے کرنول کا سر ارادت آپ کے قدموں پر تھا۔ سب کے دل آپ کی زلفِ گرہ گیر کے اسیر ہو چکے تھے۔ بمصداق ؎

تم ہوئے ہم ہوئے کہ میرؔ ہوئے ۔۔۔ سب اسی زلف کے اسیر ہوئے

رُشد وہدایت کے اس آفتاب سے نہ معلوم کتنے ذرّوں نے اکتسابِ نور کیا اور جگمگا اُٹھے

اور نہ معلوم اس بحرِ کرم سے کتنے چشمہ ہائے فیض جاری ہوئے اور کون کون سے بے برگ و گیاہ اور بنجر علاقوں کو سیراب کیا۔ اس اجمال میں اس تفصیل کی گنجایش کہاں؟

سفینہ چاہیئے اس بحرِ بیکراں کے لئے

یہ پہلے ہی گزر چکا ہے کہ ان اللہ والوں نے جس مقام کو اپنا میدانِ عمل بنایا وہیں اپنی زندگیاں صرف کردیں اُدخلوا فی السِّلمِ کافۃً کے تحت انھوں نے اپنے آپ کو پوری طرح خدا کے حوالہ کردیا تھا۔ وہ اپنے نفوس قدسی کو خدا کے ہاتھ بیچ چکے تھے۔ اِنَّ اللّٰہ اشتریٰ من المومنین انفسُھم۔ اس "سپردگی کُلّی" اور "بیع النفس" کا یہ لازمی نتیجہ تھا کہ ان کا جینا اور مرنا بس خدا کے لئے ہوتا تھا۔ اِنَّ صلاتی ونُسُکی ومحیایَ وَمماتی للہ ربّ العالمین وہ جہاں کہیں انَّ ارضی واسعۃ فتھاجروا فیھا کے تحت جاتے تو اس کو اپنا وطن بنالیتے اور یہ یقین رکھتے کہ

ہر ملک مُلکِ ماست کہ مُلکِ خدائے ماست

چنانچہ حضرت سیّد الابدال کے لئے کرنول نیا مقام تھا لیکن جب انھوں نے اس کو اپنا میدانِ عمل بنایا تو پھر اس کو اپنا وطن بنالیا یہیں انھوں نے اپنی زندگی کے زرین لمحات صرف کئے اور بالآخر اپنے رفیقِ اعلیٰ سے ۷ ذی حجہ ۱۰۴۷ھ کو جاملے۔

خرد گفت تاریخ آں دستگیر ٭ بہ بیخ آہ ۳ وھو اللطیف الخبیر

۱۰۴۷ھ

جس طرح سارے اقطاع ارض ان اللہ والوں کے سمندِ عمل کے جولان گاہ تھے اور ہر ملک کو وہ اپنا ملک سمجھتے تھے اسی طرح وہ پوری نسلِ انسانی کو ایک کنبہ یا قبیلہ سمجھتے تھے۔ جس طرح انھوں نے دریاؤں اور پہاڑوں کے فرضی جغرافی حدود فاصل کو گرادیا اسی طرح انھوں نے ذات پات، کالے گورے غرض یہ کہ جملہ نسلی امتیازات کی دیواریں گرادیں۔ وحدتِ نسلِ انسانی

کا یہ وہ تصوّر تھا جس کو دُنیا کے مُبلغِ اعظم (روحی فداہ) نے یہ کہہ کر پیش کیا تھا کہ کُلکُم من آدم و آدم من تراب ؎

بنی آدمؑ اعضائے یکدیگرند کہ در آفرینش ز یک جوہرند

اس ہمہ گیر تصوّر سے دُنیا کے کان پہلے آشنا نہ ہوئے تھے۔ ان اللہ والوں نے اس تصوّر کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھا اور جب کبھی اپنے ابنائے جنس کو مصیبت اور تکلیف میں پایا، تو وہ تڑپ اُٹھے، ان کی دستگیری کے لئے تن من دھن کی بازی لگا دی حضرت سیّد الابدالؒ کے حالات میں تو یہاں تک مرقوم ہے کہ

"حضرت سیّد الابدال را شغل وحدت و مرتبہ استغراق توحید چناں غلبہ کردہ بود کہ حرف دوئی در وجود شریف ایشاں نماندہ بود و تمامی وجود عالم وجود آنحضرت گشتہ"

وہاں تو یہ حال تھا کہ انسان تو کجا کسی جانور کو اذیت پہنچتی تو یہ بے تاب ہو جاتے چنانچہ صاحب لطایف قادریہ نے یہ واقعہ تحریر کیا ہے کہ ایک ہیزم فروش اپنی گائے پر لکڑیاں لاد کر لے جا رہا تھا۔ آپ کے روبرو اس نے گائے کو تازیانہ لگایا اور نتیجہ یہ ہوا کہ "سیّد الابدال از خود بے تاب شد و چہرۂ مبارک متغیر گشت و آہِ سرد کشید۔ چوں تفحص احوال کردند نشانِ چابکِ وے بر پشتِ مبارک آنحضرت بعینہ نمایاں دیدند"

اسی باعث اب تک یہ طریقہ ہے کہ اندرونِ احاطہ روضۂ انور نہ کسی پرند کو مارا جاتا ہے نہ کسی بچّے کو اس کی شرارت پر گوشمالی دی جاتی ہے نہ کسی کو سخت سُست کہا جاتا ہے۔ گویا جو یہاں آجاتا ہے اس کو امن و اماں کا پروانہ مل جاتا ہے ؎ ومن دخلہ کان امنا

کہا جاتا ہے کہ چالیس سال تک آپ نے تجرّد کی زندگی بسر کی بمصداق ؎

آں کس کہ ترا شناخت جاں را چہ کند فرزند و عیال و خانماں را چہ کند

اگر شریعتِ محمدیہ اور سنّتِ خیر البریہ کی اتباع مقصود نہ ہوتی شاید اس غیر متاہلانہ زندگی کا سلسلہ جاری رہتا۔ الحاصل جب اس کا وقت آیا تو بوقتِ واحد دو عقد فرمائے لیکن اس کے بعد یہ صورت پیش آئی کہ جب کبھی کوئی صاحبزادے تولد ہوتے تو آپ دستِ مبارک میں لے کر ھذا ابنیت فرماتے اور نومولود کی رُوح قبض ہو جاتی جب کئی دفعہ یہ صورت رونما ہوئی تو خدام نے عرض کیا "ما می خواہیم از وجود صاحبزادہا فیضِ دوام برداریم معاملہ برعکس می گردد" فرمایا "حضرت بما عہدہ کردہ است کہ ہر پسرے کہ چوں تولید زندہ خواہد ماند و آنکہ نہ باشد انتقال او موجب رفع ملال بود" یعنے شرطیہ ٹھیری کہ جو فرزند حضور کے جمال و کمال کا حامل ہو وہی زندہ رہ سکتا ہے۔ چنانچہ یہی ہوا کہ "چوں جواہر خمسہ از صدف شکم دو شریفہ بوجود آمدند حضرت عالی کلمۂ مذکور تفوہ نمودند یعنے از بطن یک عفیفہ دو ستارۂ فلک سیادت و از شکم ثانی سہ گوہر شاہوار بہ جلوہ ظہور آمدہ بزم جہاں رونق افزودند۔"

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ بطن حضرتہ فاطمہ؏ سے دو صاحبزادے سیّد عبد اللہ و سیّد عیسیٰ اور بطن حضرتہ ولی شاہ ماں صاحبہ سے سیّد موسیٰ، سیّد محی الدین اور سیّد طاہر پیدا ہوئے (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین)۔

عجیب اتفاق ہے کہ جس طرح جگر گوشۂ رسولؐ سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کے دونوں صاحبزادے شہادت کے بلند و بالا مقام سے سرفراز ہوئے اسی فاطمہ ثانی کے

؏ حضرتہ فاطمہ کا انتقال ۲۵ شعبان ۱۰۶۲ھ کو ہوا۔ مزار روضہ حضرت لا اُبالیؒ واقع کرنول میں ہے۔
حضرتہ ولی شاہ ماں صاحبہ حضرت سید شاہ حمزہ حسینی کی دختر نیک اختر تھیں جو اکمل مشایخ چشتیہ تھے حضرتہ کا انتقال ۹ رجب ۱۰۶۹ھ کو ہوا۔ مزار آپ کے چھوٹے صاحبزادے حضرت سید شاہ طاہر قادری کے روضہ واقع ادونی میں ہے (منقول از شجرہ طیبہ نزد مولوی سید ظہیر الدین صاحب قادری سجادہ درگاہ حضرت شہزادہ قادری آدونی)

دونوں قرۃ العین بھی اس منصبِ عالی سے مفتخر ہوئے۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔ یہ منصبِ بلند ملا جس کو مل گیا ؎ ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

مرقوم ہے کہ حضرت سید عبد اللہ کو جب ولادت کے بعد پدر بزرگوار کے روبرو پیش کیا گیا تو فرمایا۔ "فرزندم عبد اللہ در فلاں وقت عالم علم اللہ گردد۔ علم ظاہر نیز چنداں حاصل نماید کہ علمائے عصر بہ فضیلت او اقرار نمایند و اکثر مسایل صوفی را در قالب شریعت بیان کند" چنانچہ کہا جاتا ہے کہ بارہ سال کی عمر میں آپ نے علومِ ظاہری میں کافی دستگاہ حاصل کر لی تھی اور حفظ آداب شریعت کا یہ حال تھا کہ کسی نے آپ سے مستحبات و مسنونات کو تک ترک ہوتے ہوئے نہ دیکھا۔ بیعت و خلافت آپ نے اپنے پدر بزرگوار کے خلیفۂ اجل حضرت شیخ علیؒ (المتوفی ۲۲ ربیع الاول ۱۰۸۰ھ) اور اپنے خسر حضرت سید شاہ ابوالحسن قادریؒ سے جو "سبعہ قادری" میں شمار ہوتے ہیں حاصل فرمائی۔ حضرت ابوالحسن کی صاحبزادی پاشاہ صاحبہ سے عقد اور اپنے خسر سے خلافت کے بعد آپ کا بیجاپور اور کرنول دونوں جگہ قیام رہنے لگا۔ ۱۱ ذی قعدہ ۱۰۸۱ھ کو بمقام چیتل درگ جو بیجاپور اور کرنول کے درمیان واقع ہے جہادِ بالکفار میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔ کہا جاتا ہے کہ شہادت کے بعد بھی تین چار کفار کو آپ نے جہنم واصل کیا جبکہ انھوں نے آپ کے قبضہ سے تلوار لینی چاہی۔ رات میں راجہ نے خواب دیکھا کہ کوئی اس کو اٹھا کر زمین پر پٹکنا چاہتا ہے یکایک اس کی آنکھیں دہشت سے کھل گئیں دیکھتا کیا ہے کہ حضرت روبرو کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تیری سلامتی اسی میں ہے کہ قتل گاہ سے ہماری نعش ہمارے پدر بزرگوار کے پاس پہونچا دیں۔ راجہ نے رات لرزاں و ترساں گزاری جب صبح ہوئی تو دریافت کیا کہ کل جنگ میں کیا کوئی مہا پرش مارے گئے ہیں۔ کہا گیا کہ ہاں اس صفت کے ایک بزرگ شہید ہوئے ہیں۔ یہ خبر پاکر راجہ گھوڑے پر سوار ہو کر حضرت کی نعش کے پاس آیا اور پابوسی کے بعد

چاہا کہ دستِ مُبارک سے تلوار جُدا کرے کہ پھر دستِ مُبارک میں حرکت پیدا ہوئی۔ راجہ کے جسم میں لرزہ پڑ گیا آخر اسی حال میں اس نے حضرت کی نعش کرنول بھیج دی جہاں وہ اپنے والدِ بزرگوار کے روضہ میں مع شمشیر دفن کئے گئے۔ وَلَا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ سچ ہے ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را ہر زماں از غیب جانے دیگر است

حضرت سید عیسیٰ بھی جب ولادت کے بعد حضرت سیدالابدالؒ کے روبرو پیش کئے گئے تو اذان واقامت کے بعد فرمایا کہ "فرزندم عیسیٰ در ہیجدہ سالگی مرتبہ شہادت خواہد رسید" چنانچہ ۷ ار رمضان ۱۱۰۰ھ کو آپ نے منصبِ شہادت پایا اور آپ بھی مع شمشیر مدفون ہوئے۔ قبضہ سے بعد شہادت بھی کوئی تلوار جُدا نہ کر سکا۔ قرآن میں ہے اِنَّ بطش ربک لشدید تو ان کی نسبت یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ ؎ دستِ اُو جز قبضۂ اللہ نیست۔

جس طرح حضرت فاطمہ کے دونوں صاحبزادوں کے حصہ میں شہادت آئی، حضرت ولی شاہ ماں کے تینوں صاحبزادے مقام قطبیت سے سرفراز کئے گئے۔ حضرت کے بڑے صاحبزادے حضرت سید موسیٰ قادری جو حضرت سیدالابدالؒ کے دوسرے صاحبزادے ہوتے ہیں ولادت کے بعد جب پدرِ بزرگوار کے سامنے لائے گئے تو ارشاد ہوا "فرزندم موسیٰ بدرجہ تارکین خواہد رسید" چنانچہ یہی ہوا۔ سترہ سال کی عمر میں آپ نے اپنے پدرِ بزرگوار سے بیعت فرمائی اور اپنے والد ماجد کے وصال کے بعد غلبۂ حال میں جس حالت میں تشریف فرما تھے اسی حالت میں اُٹھے اور بیجاپور کا رُخ کیا۔ اِدھر بیجاپور کو سواری بادِ بہاری جا رہی تھی اور اُدھر قطبِ وقت حضرت شاہ میاں محمد مدرسؒ قلعہ کے اطراف چکر لگاتے

ہوئے سب کو یہ خوش خبری سنا رہے تھے کہ ؎ "یاراں مرا بوئے غوثِ اعظم می آید"
سبحان اللہ کیا قوتِ شامہ ہے ؎

نجد سے جانبِ لیلیٰ جو ہوا آتی ہے　　دلِ مجنوں کے دھڑکنے کی صدا آتی ہے

حضرت یعقوبؑ نے بھی تو اسی طرح پیراہنِ یوسفؑ کی بو ان کے آنے سے پہلے سونگھ لی تھی۔
انی لاجد ریح یوسف لولا ان تفندون۔ الغرض جب حضرت قلعہ بیجاپور پہونچے
تو حضرت شاہ مدرس نے اپنے فرزندوں شاہ زین العابدین و شاہ سید عبدالرحمٰن کو خیر مقدم
کے لئے روانہ کیا لیکن وفورِ شوق میں رہا نہ گیا۔ فرزندوں کو بھیجنے کے بعد خود بھی چل کھڑے ہوئے۔
اور حضرت کو اپنی قیامگاہ پر لے آئے اور ایک کمرے میں لے جاکر اندر سے دروازہ بند کر لیا جو
مسلسل تین روز تک بند رہا۔ تین روز کے بعد جب دونوں باہر نکلے تو یہ تمیز کرنا دشوار
ہوگیا کہ شاہ مدرس کون ہیں اور شاہ موسیٰ کون ؎

جذبۂ وصل بحدیست میانِ من و تو　　کہ رقیب آمد و پرسید نشانِ من و تو

آخر افضل التارکین شاہ موسیٰ نے رفع اشتباہ کے لئے نعلین چوبیں شاہ مدرس کے سامنے
رکھ دیئے اور اس وقت پتہ چلا کہ یہ شاہ محمد مدرس ہیں اور یہ شاہ موسیٰ۔ افضل التارکین
نے شاہ مدرس سے طریق شطاریہ میں اور شاہ محمد مدرس نے افضل التارکین سے طریق قادریہ
میں خرقہ پہنا یعنے ؎　　ایں دو شمع اند کہ از یکدگر افروختہ اند

کہا جاتا ہے کہ ایک عرصہ تک افضل التارکین حضرت سید شاہ مدرسؒ کی خدمت میں رہے
اور جب وہ بار ثانی حج کے لئے گئے تو آپ بھی ان کے ہم سفر رہے لیکن بار ثالث جب شاہ
مدرس حج کے لئے جا رہے تھے اور آپ نے بھی جانا چاہا تو ملک جہاں وزیر سکندر ثانی نے
حضرت کو روک لیا کہ اس کو آپ سے بڑی عقیدت تھی۔ ایک روز سکندر ثانی نے ایک دانہ
مروارید کو جو بیضۂ کبوتر کے برابر تھا ملک جہاں کو دے کر فرمائش کی کہ ایک اور دانہ مروارید
اس کے مساوی مہیا کرے۔ ایک زمانہ تک اس نے تلاش کی مگر کوشش کارآمد نہ ہوئی۔

حضرت کی خدمت میں بھی اس دانۂ مروارید کو بتانے کے لئے لایا تو آپ نے فرمایا کہ اگر فقیر کا اعتقاد
ہے تو آج ایک روز کے لئے اس کو یہاں رکھ دے چناں چہ ملک جہاں اسے حضرت کے پاس رکھ کر
چلا گیا دوسرے روز جب واپس لینے آیا تو حضرت نے دو موتی کے دانے پیش کر کے فرمایا کہ
ان میں سے اس کا لایا ہوا موتی وہ حاصل کر لے ملک جہاں کے لئے دونوں میں امتیاز کرنا مشکل
ہو گیا عرض کیا کہ اجازت ہو تو لے جا کر ایک نظر بادشاہ کو دکھاؤں غرض جب سکندر ثانی نے
دیکھا تو اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی کہا کہ ہمارے تاج کے اس کی سخت ضرورت تھی جو
اس کی جو قیمت بتائیں وہ دے دی جائے۔ ملک جہاں نے جب بادشاہ کا یہ پیام حضرت کو
پہونچایا تو ارشاد ہوا کہ "ما مردم فقیرایم سوداگر نیستیم کہ بیع کنیم اگر بادشاہ نزا مطلوب
بود چرا از فقیر درخواست نہ کرد کہ سخن خرید درمیان آورد" اور پھر ایک موتی لے کر فرمایا
کہ یہ تیرے بادشاہ کا ہے اس کو پہونچا دے اور دوسرے موتی کو آپ نے کنوئیں میں
پھینک دیا۔ اس واقعہ کے بعد ملک جہاں کی عقیدت میں اور بھی اضافہ ہو گیا اگرچہ سکندر ثانی
کے تعلقات حضرت سے کشیدہ ہو گئے۔ ایک روز ملک جہاں نے گزارش کی کہ "بزرگان پیشین
خادمان خود را سرفراز فرمودہ از بندۂ درگاہ عاجزہ دارد اگر بہ شرف خدمت و خلوت مقبول شود
زہے عز و شرف" فرمایا "ملک جہاں ما فقیریم و شما امیر۔ چگونہ موافقت کند" خان مذکور نے
گزارش کی کہ "من از آنحضرت ارادۂ نسبت نمی کنم بخدمت می گزرانم" حضرت نے بالآخر استدعا
قبول کی جب ملک جہاں کی دختر نیک اختر حضرت کے دولت خانہ میں آئی تو ارشاد ہوا کہ
جسم پر جس قدر زیور ہے اور جو ظروف طلائی و نقروی جہیز میں آئے ہیں سامنے پیش کرے۔
اور جب یہ پیش کئے گئے تو اس تمام زر و جواہر کو کوٹ کر اس قیمتی لباس کے جوڑوں کو جو
ساتھ بھیجے گئے تھے پارہ پارہ کر کے سیپ کے برابر پوٹلیوں میں باندھا اور دروازہ پر رکھ کر
یہ اعلان فرما دیا کہ ہر درویش ایک ایک پوٹلی اٹھا لے الغرض ایک ہی دن میں آپ نے زیور
اور سارے جہیز کو لٹا کر عفیفہ کو اپنے ہم رنگ بنا دیا اس کے بعد زوجۂ عالیہ کو اپنے باپ کے

گھر جانے کی اجازت نہ ملی۔ ایک مرتبہ خوشدامن کے اصرار پر اس شرط سے بھیجا کہ وہاں کوئی چیز استعمال نہ کی جائے اور ایک وقتِ معینہ کے اندر واپس ہو۔ جب اُمّ المومنین[ع] زہرہ صاحبہ اپنے والدین کے گھر آئیں اور وقت معہودہ گزرنے کا وقت آیا تو والدین سے اجازت واپسی طلب کیں۔ والدہ نے کہا کہ والدین کے گھر سے بغیر کھائے پیئے جانے کا قاعدہ نہیں ہے اُم المومنین نے عذر پیش کیا کہ حضرت نے ممانعت فرمائی ہے۔ ماں نے کہا کہ حضرت اپنے گھر میں تشریف رکھتے ہیں ان کو کیسی اطلاع مل سکتی ہے بہر حال مجبور کر کے ایک تلا ہوا انڈا کھلا دیا۔ جب واپس ہوئیں تو ارشاد ہوا کہ ایک شرط پوری ہوئی لیکن دوسری کی تکمیل نہ ہو سکی۔ تمھارے بطن میں فرزندِ لطیف ہے اس میں کسی قسم کی کثافت نہ ہونی چاہئے اس کے بعد املی کے کھٹے میں تانبے کے پیسوں کو جوش دے کر اُم المومنین کو پلانا شروع کیا جس سے اتنے استفراغ ہوئے کہ قریب تھا کہ حمل ساقط ہو جائے جب سفید پانی نکلنے لگا تو فرمایا کہ اب تمھارے شکم میں لطافت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے۔ اسی بناء پر حضرت افضل الناس لکین اپنے صاحبزادے کے متعلق فرمایا کرتے تھے ۔"فرزند غلام لطیف است لطیف خود بود و لطیف خواہد رفت" حضرت کے اس قول کو نقل کر کے صاحب لطایف قادریہ کہتے ہیں کہ "آرے وُجود ایشاں چناں بود" کسی نے آپ کی تاریخ وصال بھی اسی مناسبت سے خوب کہی ہے ۔

"لطیف بُد، لطیف آمد، لطیف رفت"

۱۱۲۰ھ

کہا جاتا ہے کہ سکندر ثانی نے بطور جاگیر ایک موضع تذر گزراننا چاہا اور اس کی سند تحریر کر کے حضرت کی خدمت میں روانہ کی۔ جس پر آپ نے یہ شعر لکھ کر واپس کر دیا کہ

شاہ مارا دیہہ دہد منّت نہد ۔۔۔ رازقِ ما رزق بے منّت دہد

[ع] زہرہ صاحبہ حضرت تاج الدین صاحب جمال کی اولاد سے تھیں جو حضرت شکر باراں فرید کی برادری سے تھے جن کا مزار پُلی کنڈہ (ضلع اننت پور) میں واقع ہے۔ حضرت کا انتقال ۱۶ ذی قعدہ ۱۱۲۹ھ کو ہوا۔ مزار بیجاپور میں واقع ہے۔ (منقول از شجرہ شاہ ظہیر الدین صاحب سجادہ آدونی)

حضرت کے مُریدوں کی تعداد ایک لاکھ بیان کی جاتی ہے جب کبھی اپنے عمّ بزرگوار حضرت سید شاہ محی الدین ثانیؒ سے شرفِ نیاز حاصل کرنے کے لئے حیدرآباد تشریف لاتے تو تقریباً چار سو مُریدین و معتقدین ہمرکاب رہتے اور کئی منزل تک رتھوں اور باربرداری کی سواریوں کا تانتا لگا ہوا ہوتا حُدودِ شہر میں داخل ہونے کے بعد عمِ بزرگوار کے متعلق دریافت فرماتے کہ کس مقام پر تشریف فرما ہیں اور پھر خدم و حشم کو چھوڑ کر پا پیادہ اس طرف نکل جاتے اور قدم بوس ہوتے عمِ بزرگوار اگر عالمِ استغراق میں ہوتے تو دریافت فرماتے کون ہے۔ آپ عرض کرتے کہ غلام عبدِ اللطیف ہے۔ ارشاد ہوتا " بابا عبداللطیف شمارا حق تعالیٰ بہ مرتبہ مشیختِ اعلیٰ رسانیدہ است پس چرا از من ملاقات می نمائید و عار می آید کہ مرداں چہ گویند کہ عمّ ایں بزرگ چنیں کہنہ دلق و فقیر است " آپ گزارش کرتے کہ " یا عمّی مارا از نسبت غلامیٔ حضرت افتخار دارین ست و فقرِ حضرت مشیخت مارا عزّت می دہد "

جب آپ باغ لنگم پلّی میں تشریف فرما تھے سلطان ابوالحسن قطب شاہ بھی باغ کے سیر کے بہانے سے نکلا تاکہ حضرت سے شرفِ ملاقات حاصل کرے حضرت نے ازراہ کشف اس کا ارادہ معلوم کرلیا اور زانو پر ہاتھ مار کر فرمایا کہ " کنیزک زادہ ایں جاہم خلل انداخت " اور وہاں سے اُٹھ کر حسین ساگر کی طرف چلے گئے۔ بادشاہ نے جب باغ میں حضرت کو نہ پایا اور اطلاع ملی کہ حسین ساگر کی طرف سواری گئی ہے تو اس نے بھی ادھر کا ارادہ کیا۔ آپ نے کہلا بھیجا کہ فقیر کو تیرنا نہیں آتا ہے۔ اگر تم یہاں آؤ گے تو فقیر خود کو پانی میں ڈال دے گا اگر وہ ہلاک ہوجائے تو اس کا وبال تمھاری گردن پر رہے گا۔ مقربانِ شاہی نے عرض کیا کہ حضرت کے خلافِ مرضی قدم اُٹھانا احتیاط کے خلاف ہے جس پر بادشاہ نے اپنا ارادہ ملتوی کیا لیکن قاصد کو بھیج کر اپنا اشتیاقِ ملاقات ظاہر کیا فرمایا کہ تمھارے بادشاہ کو ایک بزرگ سے شرفِ بیعت و صحبت حاصل ہے

عہ آپ لاولد تھے اس لئے سید محمد مدنیؒ فرزند حضرت شاہ عبدالمحی الدینؒ کو اپنی فرزندیت میں لے کر تعلیم و تربیت فرمائی اور خرقۂ خلافت دے کر اپنا قایم مقام کیا۔ ۱۲ ارجمادی الثانی ۱۰۳۲ھ کو بیجاپور میں آپ کا وصال ہوا اور اپنے پدر کے بازو دفن ہوئے۔

فقیر کی ملاقات سے یہ خلل واقع ہوگا کہ بادشاہ اپنے شیخ سے برگشتہ اور اس فقیر کا معتقد ہوجائے گا۔ یہ دونوں باتیں نامناسب ہیں لہذا ملاقات کی ضرورت نہیں۔ دوسری مرتبہ بادشاہ نے پھر گزارش کی اور ملاقات کی اجازت چاہی اور نیک نام خاں کو خدمتِ اقدس میں اس غرض کے لئے روانہ کیا۔ ارشاد فرمایا نیک نام خاں تمھارے بادشاہ کا مقصد فقیر کی دعا ہے اور فقیر مسلمانوں اور سلاطین اسلام کے لئے ہمیشہ دست بہ دعا ہے پس ملاقات ضروری نہیں۔ بادشاہ کو تشفی نہ ہوئی تیسری مرتبہ پھر گزارش پیش کی حضرت کو اس دفعہ ملال آگیا۔ فرمایا کہ "بادشاہ ترا بگو کہ تو درویشی مارا قبول نہ کنی و ما سلطنت ترا کہ برباد است اقبال نہ نمائم۔ پس طرفین را شرم ملاقات نخواہد شد" کچھ عرصہ نہ گزرا کہ عالمگیر نے فوج کشی کی اور حضرت کی پیشین گوئی پوری ہوئی۔

حضرت سید الابدالؒ کے چوتھے صاحبزادے حضرت سید شاہ طاہر قادری عرف شاہ حضرت کی نسبت بھی اسی قسم کی روایت مرقوم ہے۔ جب نواب غازی الدین خاں فیروز جنگ پدر نظام الملک نے اپنا اشتیاقِ ملاقات ظاہر کیا تو فرمایا "ایں فقیر تارک دنیا است۔ من از وے ارادۂ طلب دنیا ندارم و او از من امر عاقبت نمی خواہد۔ پس از ملاقات چہ نتیجہ خواہد بود"۔ البتہ جب نظام الملک کو بتوسط مسعود خاں جبکہ ان کی عمر سات سال تھی نواب غازی الدین خاں نے خدمت میں پیش کر کے معروضہ کیا "ہمیں یک عصائے نابینا است آنحضرت دعائے خیر در حق ایں پسر فرمایند کہ صاحب نصیب و فتحیاب گردد" تو آپ نے ان کو اپنی فرزندیت میں لے کر ستر بار فتح ان کی پشت پر تحریر فرما کر ارشاد کیا کہ "ایں پسر ہمیشہ مظفر و منصور خواہد بود"۔ اسی طرح جب اعظم شاہ پسر عالمگیر نے درخواست ملاقات کی تو فرمایا کہ "مقصود از فقرا حصول دعائے خیر است و فقیر حاضر و غائب داعی بالخیر است۔ احتیاج ملاقات و آمدن شہزادہ حاجت ندارد" شہنشاہ ہند نے ارادۂ ملاقات کیا تو نواب فیروز جنگ نے اعظم شاہ کو جو جواب ملا اس کا تذکرہ کرتے ہوئے گزارش کی کہ "حضرت ایشاں درویش مستغنی المزاج اند و قدرت کاملہ و قوت ولایت بمرتبہ دارند

ازجہاں پناہ ملاقات نخواہند کرد" حضرت کے یہ حالات سن کر شہنشاہ کی حسرت دید اور بڑھ گئی اور حکم دیا کہ کم از کم آپ کی تصویر کھینچ کر پیش کی جائے چنانچہ جب پیش کی گئی تو دیکھ کر کہا کہ "آرے شیخ با قدرت و پر غضب است" لطایف اللطیف سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کے صاحبزادوں سے شہنشاہ ہند کو ملاقات کا اتفاق ہوا اور اس ملاقات سے جو تاثرات شہنشاہ کے دل و دماغ پر مرتب ہوئے انہی کے الفاظ میں سن لیجیے ۔کہتے ہیں "مشائخین دکن ہمہ جاہل و طالب عزت و جاہ مگر فرزندان شاہ حضرت" حضرت کے صاحبزادے سید شاہ عبداللطیف سے جب ملاقات ہوئی تو صاحبزادے نے شہنشاہِ ہند سے مخاطب ہو کر فرمایا "شما اہلِ دل را نہ دیدہ باشید" ایک طرف شہنشاہ ہند کے جاہ و جلال کو پیش نظر رکھئے اور دوسری طرف اس انداز گفتگو کو دیکھئے اور اندازہ لگایئے کہ صاحبزادے کس شان و شوکت کے حامل تھے ۔اور کس بلند مرتبہ پر فایز تھے سچ ہے ؂

آئینِ جوانمرداں حق گوئی و بے باکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

بقول کسے ؂

علیؓ کا گھر بھی کیا گھر ہے کہ اس گھر کا ہر اک بچہ
جہاں پیدا ہوا شیرِ خدا معلوم ہوتا ہے

اسی مناسبت سے جب حضرت سید شاہ طاہر قادریؒ کا ۲۲ ذی قعدہ ۱۱۱۵ھ کو وصال ہوا تو کسی نے "شیرِ خدا" تاریخ لکھی جو حضرت کے مزار واقع ادونی پر بصورت کتبہ موجود ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پدر بزرگوار نے آپ کی ولادت کے بعد ہی یہ پیشین گوئی فرمائی تھی کہ "ایں فرزندم سید طاہر در وقت خویش فیض وہبی و نعمت اویسی از حضرت غوث الثقلینؓ حاصل نماید و مرتبہ غوثیت را بہ کمال رساند و یکے از جملہ ابدال حق باشد" چنانچہ یہی ہوا ۔فیض باطنی کے علاوہ آپ علوم ظاہری میں بھی درجہ کمال رکھتے تھے صاحبِ لطایف قادریہ تحریر کرتے ہیں کہ "شاہ حضرت قادری را استعداد علمی ہر علم و قوت و قدرت قابلیت ہر فن بکمال مرتبہ بود کہ ذات آنحضرت جامع کمالات بود" کنز النفایس اور "خوان نعما" آپ کی مشہور تصانیف

ہیں۔ فنِ خطاطی میں بھی کافی مہارت تھی آپ کے حُکم کی تعمیل میں جب آپ کے مُرید خاص مسعود خاں والی ادونی نے جامع مسجد تعمیر کی تو آپ نے نہ صرف اس کی تاریخیں نکالیں بلکہ اپنے دستِ خاص سے کتبے تیار کر کے مسجد کے بالائی حصّہ پر نصب کروائے چنانچہ یہ کتبے اب تک موجود ہیں اور فنِ خطاطی کا بہترین نمونہ ہیں۔

شعر و سخن سے آپ کو بہت دلچسپی تھی چنانچہ اعظم شاہ کے موسومہ اکثر مکاتیب بہ شکل نظم ہیں۔ کلام نمونہ کے طور پر چند رُباعیاں ملاحظہ فرمائیے۔ ارشاد فرماتے ہیں:-

طاہرا عزّت از قناعت دال | راست گفتند عزّ مَن قنع
ذِلّت و خواری از طمع خیزد | نشنودی کہ ذلّ مَن طمع

طاہرا ہرچہ در جہاں فانیست | دل برو بستنت ز نادانیست
دل براں حق لایموت بہ بند | کش بذات و صفات لافانیست

طاہرا عیب کس مجو ہرگز | عیب جوئے ز عیب دار عجیب
در پسِ ہر کسے نکوئی گو | نصّ قرآں نگر ولایغتب

طاہرا دل مابند در گیتی | زاں کہ وہ سجن ہا عذاب کنند
آنکہ شد طالب چنیں مُردار | نامش از زمرۂ کلاب کنند

حضرت عارف کے جدِّ امجد حضرت پیر شاہ محی الدین ثانیؒ آپ کے بڑے بھائی اور اپنے والدِ بزرگوار کے بہ روایت صاحب لطایف قادریہ محبوب ترین صاحبزادے اور ولی مادر زاد تھے چنانچہ وہ لکھتے ہیں "حضرت ایشاں از خمسہ لطیف محبوب ترین فرزندان سید الابدالؒ فرزند سوئم بودند کہ ولی مادر زاد و صاحب خوارق بود" شکل و شمائل میں آپ حضور غوث اعظمؓ سے مشابہت تامّہ رکھتے تھے اور اسی بنا پر آپ کو "محی الدین ثانی" کہا جانے لگا۔ غالباً یہ بھی محبوبیت کی ایک وجہ ہو گی۔ ولادت کے بعد پدرِ بزرگوار نے اپنے مبارک

ہاتھوں میں لیکر فرمایا "فرزندم محی الدین صحبہ چہل سالگی مرتبہ قطبیت حاصل نماید" آپ کی عمر ابھی سات سال کی تھی کہ خوارق عادات کا ظہور شروع ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ پدر بزرگوار کا مکان تعمیر ہو رہا تھا اس کے لئے شہتیر جب کاٹی گئی تو نصف گز طول میں کم پڑ گئی۔ کاریگر متردد تھے کہ کیا کیا جائے عین اس وقت آپ مکتب سے واپس ہوتے ہوئے اس مقام پر پہونچے اور وجہ تردد دریافت کی۔ عرض کیا گیا کہ شہتیر غلطی سے نصف گز کم کاٹ دی گئی ہے اور اب دوسری شہتیر خریدنے کے سوائے چارہ نہیں ہے۔ آپ نے یہ سن کر اس شہتیر کے ایک سرے کو پکڑ کر اپنی جانب کھینچا اور کہا کہ اب تم اس کو لگا سکتے ہو۔ فی الواقع طول نصف گز بڑھ چکا تھا۔ اس واقعہ کی اطلاع شدہ شدہ پدر بزرگوار کو پہونچی تو ارشاد فرمایا "بابا محی الدین دریں عمر تو تو اظہار خرق می نمائی معلوم شد کہ نزدیک من در قم نگرد (کم زول) نخواہی ماند وہم ترا نزد ما نخواہند گزاشت" چنانچہ یہی ہوا۔ حضرت سید الابدالؒ کے وصال کے بعد آپ حیدرآباد آگئے۔ یہاں حضرت شاہ ابدال سید میراں حسینی حمویؒ کے صاحبزادے حضرت سید عبدالقادر ملکاپوری کی صاحبزادی بی بی صاحبہؒ سے آپ نے عقد فرمایا اور اس کے بعد تقریباً چوبیس سال تک اپنے خسر بزرگوار کے دولت خانہ میں اقامت فرمائی اس کے بعد اس پیشین گوئی کی تکمیل کا وقت آگیا جو والد ماجد نے کی تھی کہ چالیس سال کی عمر میں منصب قطبیت سے سرفراز

عہ حضرت بی بی صاحبہ کا ۱۸ ذی قعدہ ۱۰۹۹ھ کو انتقال ہوا۔ مزار کاروان میں واقع ہے۔ آپ کے بطن سے ایک صاحبزادی امۃ الفاطمہ بی ولی صاحبہ اور تین صاحبزادے سید عبدالمحی الدین، سید عبداللطیف و سید پیر پاشا پیدا ہوئے۔ صاحبزادی حضرت سید عبداللطیف ثانی فرزند حضرت سید عبداللہ ابن حضرت سید الابدال سے منسوب ہوئیں اور آپ کا وصال ۵ رمضان ۱۱۴۰ھ کو ہوا۔ مزار روضہ حضرت سید شاہ طاہر قادری ادونی میں واقع ہے۔ حضرت سید عبدالمحی الدین کا وصال ۱۲ جمادی الاول ۱۰۸۵ھ کو عنفوان شباب میں ہوا مزار لنگر حوض میں واقع ہے حضرت بی بی حمید سلطان بنت سید حسن ثانی قادری ابن سید محمد قادری ابن سید حسن قادری حمویؒ آپ کے حبالہ عقد میں آئی تھیں۔ ان کا انتقال ۱۵ ذی قعدہ ۱۱۳۳ھ کو ہوا۔ حضرت سید عبدالمحی الدین کے وصال کے وقت آپ کے بڑے صاحبزادے سید درویش محی الدین قادری کی عمر ۴ سال اور چھوٹے صاحبزادے سید محمد مدنی کی عمر ۲ سال تھی۔ بڑے صاحبزادے نے اپنے جدِ امجد کے آغوش میں تربیت پائی دوسرے صاحبزادے حضرت سید عبداللطیف ابن حضرت سید موسیٰ قادری بیجاپوری کے جانشین ہوئے اس لئے کہ حضرت لاولد تھے۔ اور ان کا وصال ۲۹ ذی قعدہ ۱۱۲۰ھ کو ہوا مزار بیجاپور میں واقع ہے۔ منقول از شجرہ سید ظہیر الدین

ہوئے۔ چنانچہ گھر بار اور شہر کو چھوڑ اور لق ودق جنگل وصحرا یا کسی غار میں مصروفِ عبادت رہنے لگے اور ؎

آں کس کہ ترا شناخت جاں را چہ کند　　فرزند و عیال و خانماں را چہ کند
دیوانہ کنی و دو جہاں را بخشی　　دیوانۂ تو ہر دو جہاں را چہ کند

والا معاملہ پیش آیا۔ بسا اوقات کچکول منڈھ کے غار میں جو ٹولی چوکی کی راہ میں واقع ہے مشغولِ عبادت ہوتے اور مسلسل دو دو ماہ تک واپس نہ ہوتے۔ اُس زمانے میں وہاں گھنا جنگل تھا جہاں درندوں کے سوا کوئی آبادی نہ تھی۔ دن کے وقت بھی اس مقام پر جانے کی ہمت نہ ہوتی تھی لیکن بقول صاحبِ قصیدہ بردہ ؎

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُولِ اللّٰهِ نُصْرَتُهُ　　اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِیْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

جو خدا و رسول کے حفظ و امان میں ہو اور زمرۂ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ میں داخل ہو گیا ہو اس کو درندوں کا کیا خوف ہو سکتا ہے ؎

اَنَا مِنْ رِجَالٍ لَا يَخَافُ جَلِيْسُهُمْ ۔ رَيْبَ الزَّمَانِ وَلَا يَرٰى مَا يُرْهِبُ

اس کی شان ہو جاتی ہے۔

اس غار کے بالائے کوہ آپ کی یادگار میں کسی نے ایک چوکھنڈی تعمیر کی تھی جو اب بھی موجود ہے۔ بزمانہ طالبِ علمی میں راقم الحروف نے جب حضرت عارف کی معیت میں اس مقام کی زیارت کی تھی تو اس چوکھنڈی میں حسبِ ذیل قطعات خوشخط لکھے ہوئے پائے تھے

یک آں غار ست کاں سالار ابرار　　ز مکہ کرد ہجرت شد در آں غار
یک ایں غار ست کانش پیر شاہ ہے　　ز دنیا کرد ہجرت شد در ایں غار

ہست ایں غار ہمچو غارِ ثور　　شد بجائے کہ احمد مختار
وصفِ اُو آمدست در قرآں　　ثانی اثنین اذ هما فی الغار

ہر کس کہ ز تقیدِ جہاں آزاد ست ہر حال بود رستگیٔ غم شاد است

ایں جا چو بیاید او بگوید لاریب کیں چلہ گہِ صاحب ارشاد است

گزشتہ سال مکرر زیارت کا موقع ملا تو دیکھا کہ عمارت میں شگاف پڑ گئے ہیں اور قطعات صدر بھی مٹ چکے ہیں کاش محکمۂ آثارِ قدیمہ اس جانب توجہ کرے۔

اس عجالہ میں اس کی گنجائش کہاں کہ آپ کے تفصیلی حالات تحریر کئے جائیں اس لئے جستہ جستہ واقعات کی جانب اشارے کرتے ہوئے گزر رہا ہوں۔ صاحب لطیف اللطائف حضرت کے احوال میں رقم پذیر ہیں کہ:

"جناب محی الدین ثانی در کسب علوم ظاہر و معنوی و در اشغال باطنی و ریاضات شاقہ و مجاہدہ از بدو شعور طالب و راغب بودند کہ اکثر نعمات ایں راہ را از پدر بزرگوار یافتہ بودند و در ترک تجرید نظر نداشتند۔ اکثر اوقات مغلوب الحال بودند و گاہے بہ افاقہ می آمدند یعنے عالم استغراق بدرجہ داشتند کہ یک ہفتہ بہ یک جلسہ بودہ باز بہ غلبۂ حال مستغرق می شدند"

اس استغراق کی کچھ کیفیت حضرت سید عبد اللطیف ثانی ابن حضرت سید موسیٰ قادری بیجاپوری کے احوال میں گزر چکی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ناظم بلدہ رستم دل خاں کے توسط سے سلطان ابو الحسن نے ملاقات کی اجازت چاہی تو حضرت نے نامنظور فرمادی سلطان نے کئی دفعہ حضرت کے مقامِ ریاضت کی جانب بحیلہ شکار نکل کر ملنے کی کوشش کی لیکن ہر بار ناکامی ہوئی اس لئے کہ حضرت اس کے وہاں پہونچنے تک مقام تبدیل فرمادیا کرتے تھے۔ شہنشاہِ ہند عالمگیر کی درخواست بھی اسی طرح رد ہوگئی جس طرح آپ کے چھوٹے بھائی حضرت سید شاہ طاہر قادری نے رد فرمائی تھی۔ ۲۴ رجب ۱۱۰۵ھ کو جب آپ کا وصال ہوا اس وقت اتفاق سے عالمگیر حیدر آباد میں موجود تھے۔ انھوں نے حکم دیا کہ حضرت کی تدفین صحن بادشاہی عاشور خانہ میں کی جائے اور نمازِ جنازہ کے لئے میت جامع مسجد لائی جائے اور وہ خود بھی شرکت کریں گے۔ بہ تعمیل حکم صحن بادشاہی عاشور خانہ

ہیں مزار کے لئے زمین کھودی گئی تو ایک بڑی چٹان نکل آئی دوسرے مقام پر کوشش کی گئی وہاں بھی چٹان نکلی جب کئی جگہ یہی صورت پیش آئی تو شہنشاہ ہند کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ کیا کیا جائے۔ اس عرضداشت پر انھوں نے بالفاظ دیگر اپنا حکم سابق منسوخ کر دیا کہ "جائے کہ حضرت ایشاں رحلت نمودہ اند ہمو بجا مدفون نمایند کہ مرضی بزرگوار دراں جاست" سبحان اللہ کیا شان استغنا ہے کہ کسی کا احسان بعد وفات بھی لینا گوارا نہیں اور کس درجہ کی طہارت ہے کہ اپنی نعش پر تک دنیا کا سایہ پڑنے نہ دیا۔ الحاصل حضرت کے جائے قیام پر ہی تدفین عمل میں آئی۔

حضرت رمز الہیؒ فرماتے ہیں کہ "از مدت سہ چہار سال گاہ گاہے آستاں بوس روضہ حضرت محی الدین ثانی شدم و بحضور فائض النور دیدہ را منور ساختم ہر وقت کہ اتفاق بہ تحیۃ نماز کہ الانبیاء یصلون فی قبورھم واقع است آستین جبۃ بالا زدہ دیدم و گاہ در عین نماز دیدم کہ الذین ھم علی صلواتہم دایمون آمدہ"

حضرت کی تاریخ وصال "عارف کامل محبوب خدا" کسی نے خوب کہی ہے۔ باب الداخلہ پر "خوابگاہ عاشق" کندہ ہے اور یہ بھی تاریخ خوب ہے۔

گزر چکا ہے کہ آپ نے اپنے پوتے سید درویش محی الدینؒ کی مثل فرزند پرورش فرمائی۔ چنانچہ علوم ظاہری و باطنی کے علاوہ بیعت سے بھی ان کو سرفراز کیا البتہ خلافت کے متعلق ارشاد ہوا کہ اپنے چچا حضرت سید عبداللطیفؒ سے حاصل کریں۔ بہر حال اپنے جد امجد کی آغوش تربیت اور فیض صحبت کی تاثیر کی ایک مثال مولانا رومؒ نے حسب ذیل دی ہے۔

گلے خوشبوئے در حمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بہو گفتم کہ مشکی یا عبیری — کہ از بوئے دل آویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم — ولے یک مدتے با گل نشستم
جمال ہم نشیں در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

صحیح ہے ۔ الصحبۃ یؤثر ولو بساعۃ ۔ صحبت صالح ترا صالح کند ۔ صحبت طالع ترا طالع کند۔

اخبار الاخیار میں مرقوم ہے کہ " امیران ملکِ دکن اکثر مریدانِ حضرت ایشاں بودند و نظام الملک آصفجاہ بادب تمام ملاقات ایشاں کردند " لیکن اس کے باوصف صاحب لطایف قادریہ کی شہادت سُننے ۔ لکھتے ہیں کہ

" حضرت ایشاں باوجود اخراجات کثیرہ وجہ تعین از کسے قبول نمی فرمودند ۔ گزر آں بر توکلِ محض کرد " اور اس سلسلہ میں ایک واقعہ بھی انھوں نے تحریر کیا ہے کہ قاضی میر خلیل اللہ خاں ابن قاضی بابا مرحوم نے جنھیں آپ سے کمال عقیدت تھی اٹاپور جاگیر کی سند جس کا محاصل بارہ ہزار روپیہ تھا آصفجاہ کی مُہرِ خاص سے عریضہ کے ساتھ خدمت میں روانہ کیا ۔ اس وقت آپ قصبہ بسنت نگر میں تشریف رکھتے تھے ۔ رات کا وقت تھا ۔ اپنے بڑے صاحبزادے کو طلب کر کے ارشاد فرمایا " غلام محی الدین در جواب میر خلیل خاں بنویسد کہ فقیر شمارا از مخلصانِ خود تصوّر می کرد ۔ الحال از مفسدانِ خود داند ۔ اگر فقیر ایں را قبول کند تا حیاتِ ہمراش بفراغت باشد و بعد از من اولادِ من بہ طمع دُنیا بایکدیگر بجہت ترکہ مخاصمت خواہند کرد و چوں جاگیر مسطور ضبط گردد بنا براجرائے آں اولادِ من در بدر بخانہ منصدیاں باید می گردند ازیں چہ فساد دیگر ظاہر باشد ۔ فقیر را وجہ تعین زیبا نہ باید اگر شما محبت ازیں فقیر ست بار دگر چنیں حرکت نہ کنند " اور پھر اس سند کو چاک کر کے اس کے پُرزے اسی لفافہ میں بند کر کے واپس فرمادیا۔[عہ]

عہ بعد میں حضرت سید غلام قاسم قادری فرزند حضرت سید موسیٰ صاحب قادریؒ نے حاکم وقت کے اصرار پر جاگیر کی سند قبول فرمالی جو واقعات اس کے بعد ظہور پذیر ہوئے ان سے حضرت کی متذکرہ صدر پیشین گوئی حرف بہ حرف پوری ہوگئی۔ وراثت کی نزاع بھی پیش آئی جاگیر بھی ضبط ہوئی اور بالآخر فیصلہ بھی خلاف ہوا حضرت عارف نے جاگیر سے سبکدوشی کا شکریہ حضرت آصفِ سابع کی خدمت میں حسب ذیل پیش کیا تھا

حمدتُ اللہ عزّوجلّ لمّا | قضی لی الخلاص عن البلاءِ
و للسلطانِ آصفجاہ اشکر | وادعوا شوق معاد الدعاءِ

مطلب : خدا کا شکر ہے کہ اس نے مجھے ایک بلا سے نجات دی ۔ اور آصف جاہ کا بھی شکر گزار اور ان کے لئے دست بدعا ہوں۔

صاحب مشکوٰۃ النبوۃ تحریر فرماتے ہیں کہ "علمائے از فیض عام حضرت ایشاں بہ مرتبہ ہدایت رسیدند۔ تا مدت سی و چہار سال در تعلیم مریدین اشتغال داشتند۔ اکثر خلفائے آنحضرت صاحب کمال شدند مثل عارف خدا نما و شاہ توکل وغیرہ و چند اں رموز حقایق را آشکارا کردند کہ کسے در اولاد جناب عالی لا اُبالی نہ کردہ باشد و در خدمت حضرت ایشاں امرائے عظام را خلوص و اعتقاد تمام بود۔ اکثر اہل دول مرید بودند مثل خان عالم کلاں و امین خاں اعتمام جنگ وغیرہ کو ارادت کاملہ بہ حضرت ایشاں داشتند۔"

شعر و سخن سے بھی آپ کو دلچسپی تھی۔ بطور نمونہ اشعارِ ذیل پیش ہیں ؎

ذاتِ اُو را از صفات او حجابے ہست نیست — کائنات از مہر غیبش ہیچ تابے ہست نیست

آنچہ عالم نام دارد و آنچہ آدم خوانیش — بر سر دریائے ہستی جز حبابے ہست نیست

جملہ عالم توئی و بس حجابے کیستم — مطلع حسنش ہویدا شد نقابے کیستم

ذاتِ حق چوں موجزن گشتہ بہ دریائے محیط — بر سرِ امواج کثرت ایں حبابے کیستم

رحلت سے تین سال قبل اس مقام کی جہاں اب مزار ہے مٹی ہاتھ میں لے کر فرمایا "دوستو انسان کا خمیر اس مٹی سے ہوا ہے" جب مدفون ہوئے یعنی قبر میں اُتارا گیا تو عبداللہ خاں سے روایت ہے جو آپ کے مریدِ خاص تھے کہ حضرت محی الدین پاشاؒ نے حسب معمول چاہا کہ آپ کے چہرے کو رُو بہ قبلہ کریں اور اس غرض کے لئے کفن کا کسی قدر حصہ کھولا معاً آپ نے خود اپنا منہ قبلہ کی جانب پھیر لیا اور چہرے سے نقاب اُلٹ دی۔ خان مذکور زانو پر ہاتھ مار کر پکار اُٹھے کہ حضرت زندہ ہیں اور بیدار ہو رہے ہیں اس طرح جب انھوں نے شور و غل برپا کر دیا تو حضرت نے انگشتِ شہادت دہن مبارک پر رکھ کر با آواز بلند فرمایا کہ "خاموش" خاں صاحب کے جسم میں لرزہ شروع ہو گیا اور جو جو حاضر تھے ان پر سکتہ کا سا عالم طاری ہو گیا۔

صاحب مشکوٰۃ النبوۃ نے تاریخ وصال ۲۴ ذی حجہ ۱۱۵۰ھ تحریر کی ہے

مزار کاروان کے قریب واقع ہے۔ع

حضرت کے دوسرے صاحبزادے حضرت سیّد محی الدین محمدؒ عرف قادر بادشاہ صاحب فخر دودمانِ خاندان موسوی حضرت سیّد موسیٰ قادری کے پدر بزرگوار ہیں۔ آپ اپنے جدِ اعلیٰ حضرت پیرِ شہ محی الدین ثانی کے قدم بہ قدم اور ولی مادرزاد تھے ہمیشہ دایم الوضو رہتے۔ اکثر نماز عشا کے وضو سے صبح کی نماز ادا فرماتے۔ اشراق تک اس مقام پر جہاں آپ کی مزار واقع ہے تشریف رکھتے اور اوراد وظایف میں مشغول رہتے۔ تمام عمر میں کوئی نماز قضا نہیں کی۔ سترہ سال کی عمر میں والد ماجد نے بیعت و خرقۂ خلافت سے سرفراز کیا۔ مزاج میں کمال حلم و تواضع و حجاب تھا کسی نے کبھی آپ کا سینہ عُریاں نہ دیکھا کبھی کبھی فکرِ سخن بھی فرماتے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو ؎

درجہاں ہر طرف بہار خوش است	فکر ہر کس بہ کاروبار خوش است
بہر تسخیر عالمِ دلہا	دعوتِ عجز و انکسار خوش است

ع بطن حضرتہ سلطان صاحبہ بنتِ فرید صاحب بخاری سے آپ کو تین صاحبزادے ہوئے۔ (۱) سیّد محی الدین احمد (۲) سیّد محی الدین محمدؒ (۳) سیّد عبداللطیف اور یہ تینوں مقتدائے وقت ہوئے۔ سلطان صاحبہ کا ۱۶ ذی قعدہ ۱۱۵۶ھ کو انتقال ہوا۔ ان کی مزار حضرت کے مزار کے بازو واقع ہے۔ صاحبنی صاحبہ بنت قاضی خلیل خاں صاحب (جو اپنے زمانے کے بڑے عالم اور یکتائے روزگار سمجھے جاتے تھے اور جن کا انتقال ۲۲ رجب ۱۱۵۶ھ کو ہوا اور جن کے نام سے محلہ قاضی پورہ موسوم ہے جس میں یہ راقم الحروف سکونت پذیر ہے) حضرت سید محی الدین محمدؒ کے حبالۂ عقد میں آئیں۔ ان کے بطن سے دو فرزند پیدا ہوئے (۱) سید موسیٰ قادریؒ (۲) سید غلام محی الدین قادری عرف دستگیر صاحب۔ صاحبنی صاحبہ کا انتقال ۲۵ شعبان ۱۱۶۰ھ کو ہوا۔ مزار اپنے شوہر کے اجداد کے روضہ میں واقع ہے۔ بادشاہ بی صاحبہ بنت قطب منور خاں حضرت سیّد محی الدین محمدؒ کے حبالۂ عقد میں آئیں اور ان کا انتقال ۱۱ جمادی الثانی ۱۱۸۱ھ کو ہوا۔ مزار خسر بزرگوار کی مزار کے متصل واقع ہے۔
حضرت سیّد غلام محی الدین قادری عرف دستگیر صاحب کا انتقال ۱۱ جمادی الاول ۱۱۸۷ھ کو ہوا۔ مرقد پدر بزرگو کی مزار کے پائین واقع ہے۔ (ماخوذ از شجرۂ مولوی سیّد ظہیرالدین صاحب سجادہ۔ آدونی)

به رہ فقر گو تواں رفتن — قدم صبر و استوار خوش است
گرچہ نزدیک عارفاں ہمہ اوست — لیک کثرت با عتبار خوش است
ہمدریں عمر جانِ عاشق را — عیش و راحت بہ ذکر یار خوش است

خودی از خود بروں کن تا خدا پیدا شود آرے — یقیں ہر ظرف خالی را صدا پیدا شود آرے
غبارِ نفس بر دل ہمچو ایں ہم زنگئی دارد — بہ ذکر و فکر صیقل کن صفا پیدا شود آرے
خیال غیر از غیرت بہ بزم دل بسے دور است — ز دید چشم نامحرم حیا پیدا شود آرے
بہ فکر بیش و کم ہر گز نمی افتند درویشاں — توکل بر خدا کردن غنا پیدا شود آرے
جمالِ حسن مطلق را حجابے کے روا باشد — ولے صد پردہ از او تا بما پیدا شود آرے
لطافت موجب فیضِ فتوح باب دل آید — کشود غنچہ از باد صبا پیدا شود آرے
دمے دریاب نقد دیں دریں بازار اے مسکیں — متاع نیک را نیکو بہا پیدا شود آرے

مرض الموت کے ایک روز قبل حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا " اس فقیر کے حیات مستعار کے دس روز باقی رہ گئے ہیں چنانچہ دس روز کے بعد ۱۱ ہر ذی حجہ سنہ ۱۱۷۱ھ کو سبحان اللہ بحمدہ کے تکرار ثانی پر اپنی جان جان آفریں کے سپرد فرمادی ۔ مزار حضرت پیر شاہ محی الدین ثانیؒ کی مزار کے جانبِ شرق واقع ہے ۔ اپنے وصال کے دو سال قبل اپنے صاحبزادے سید موسیٰ قادری کو جبکہ ان کی عمر صرف ۱۴ سال تھی بیعت سے سرفراز فرمایا وصال سے ۱۵ روز قبل حسبِ معمول قدم بوسی کے لئے حاضر ہوئے تو فرمایا کہ رسّی پر جو جبہ لٹک رہا ہے لے آؤ جب صاحبزادے لے آئے تو اس کو پہننے کے لئے حکم دیا اور جب پہن لیا تو فرمایا مبارک ۔ یہ واقعہ ۲۱ ہر ذی حجہ سنہ ۱۱۷۱ھ کا ہے جبکہ صاحبزادے کی عمر ۱۶ سال تھی ۔

اپنے والدِ ماجد کی مانند صاحبزادے بھی ولی مادر زاد تھے ۔ صاحب مشکوٰۃ النبوۃ آپ کی نسبت تحریر فرماتے ہیں کہ " قدوۂ ارباب زمن در آداب طریقت و سخاوت و توکل و قناعت

وصدق وصفا و بے ریائی و خُلق و بے پروائی و استغنا وحید و فرید زمانہ بودند کہ نظیر نہ
ولادت کے بعد والدِ بزرگوار نے آپ کو اپنی ہمشیرہ کی فرزندیت میں دے دیا
جو مستعد پورہ میں رہتی تھیں۔ ایامِ طفلی میں اپنا پاؤں کبھی مشرق کی جانب اس خیا
نہیں کیا کہ اس طرف پدرِ بزرگوار کا دولتخانہ واقع ہے اسی طرح عہدِ طفلی سے سعادت
حصہ میں آئی تھی بمصداق ؎ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات ؎
ایں سعادت بزورِ بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ
نمازِ خمسہ کے علاوہ نمازِ عشا، کے بعد سے تہجد تک نوافل و مستحبات میں مصروف رہتے
دن تمام تلاوتِ قرآن میں مشغولیت رہتی۔ نشست برخواست اور کھاتے پیتے اد
حصن حصین پڑھا کرتے۔ بذل وسخا کا یہ عالم تھا کہ کسی سایل کو کبھی اپنے دروازے
ہاتھ واپس نہ کیا جو کچھ گھر میں رہتا اپنے اہل وعیال کے لئے نصف رکھ چھوڑتے اور با
درویشوں میں تقسیم کر دیتے اگر گھر میں کچھ نہ ہوتا تو پیالہ میں ٹھنڈا پانی لے کر سائل کے سا
پیش کر دیتے اگر ہاتھ سے کوئی چیز نیچے گر جاتی تو اُسے اُٹھا کر درویش کے حوالے نہ کر
فرماتے کہ ہم دراصل خدا کو نذر دیتے ہیں لہٰذا آدابِ نذر سے بعید ہے کہ گری ہوئی چیز
دی جائے یا خراب چیز پیش کی جائے۔ اکثر مستی و بے خودی کے عالم میں ہوتے۔ ایک
غلبۂ حال میں بامتثال امرِ الٰہی وَ اَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ یہ اعلان فرمایا کہ
"آنچہ بما دادہ اند کم کسے را دادہ باشند و کسے بمقام ما نرسد و نہ شناسد کہ کج
ایم"۔ حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ نے ایک موقع پر فرمایا تھا کہ اَنۡتُمۡ بَیۡنَ یَدَیَّ کالقوار
لوگ میرے سامنے شیشے کی مانند ہو یعنے جس طرح شیشے کے اندر کی چیز صاف نظر آجاتی
طرح تمھارے دلوں کا حال مجھے معلوم ہو جاتا ہے۔ اس صفت سے آپ کے اس صاح
کو بھی وافر حصہ ملا تھا۔ کسی کے قلب پر کوئی خطرہ گزرتا تو قلبِ صافی پر فوراً اس کا انعکا
ہو جاتا۔ سایل کے سوال کرنے کے قبل اس کا جواب دے دیتے مُشتے نمونہ از خروارے

واقعات پیش ہیں ۔

ایک دفعہ نواب سردار الملک عرف گھانسی میاں نے جن کے نام سے جاڑارِ گھانسی موسوم ہے بہ شکل نقد دوسو روپیہ بطور نذر روانہ کئے۔ صاحبزادے نے پانچ روپیہ آستین میں رکھ کر باقی رقم نذر گزرانی اس لئے کہ حضرت کبھی کہیں سے نقد رقم بطور نذر آجائے تو شمار نہیں فرماتے تھے۔ صاحبزادے سے دریافت فرمایا کہ کس قدر رقم ہے۔ صاحبزادے نے عرض کیا کہ سردار الملک نے دوسو روپیہ روانہ کئے ہیں۔ فرمایا ہمارے سامنے شمار کرو صاحبزادے پسینہ پسینہ ہو گئے اور بالآخر پدر بزرگوار کی نظر بچا کر پانچ روپیہ شامل کر کے شمار کرنے لگے۔ فرمایا اب شمار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

عمر خاں قایم خانی مجلس عاشورہ میں حضرت کے پس پُشت دوسری صف میں بیٹھے تھے۔ شربت تقسیم ہو رہا تھا۔ ان کے دل میں خیال گزرا کہ سب انہی کلیوں سے پی رہے ہیں میری جب نوبت آئے گی تو میں انکار کر دوں گا۔ معاً حضرت ان کی جانب متوجہ ہو کر فرمانے لگے خاں برادر حدیث میں سؤرالمومن شفاءٌ ہے اور پھر یہ سید الشہداء کی فاتحہ کا تبرک ہے بلا کسی خیال کے پی جاؤ۔ خاں صاحب کے بدن میں رعشہ پیدا ہو گیا اور تعمیلِ حُکم میں شربت نوش کر لیا۔

حضرت کے مطبخ میں جو کچھ پکتا گھر والے بھی وہی کھاتے اور باہر حاضرین کو بھی وہی سربراہ کیا جاتا ایک دن باہر خاں صاحب مذکور حاضر تھے ان کے پاس روٹی اور حلوہ بھیجا گیا تو انھیں خیال گزرا کہ آج خلافِ معمول مطبخ سے کھانا نہیں آیا شاید حضرت کے بغیر علم و اطلاع روٹی اور حلوہ بھیجا گیا ہے چونکہ بھوک لگ رہی تھی کھا لیا مگر بدگمانی بدستور رہی حسبِ معمول بین العصر والمغرب حضرت جب باہر تشریف لائے تو فرمایا کہ خاں برادر آج ہمارے گھر میں

کوئی چیز موجود نہ تھی کہیں سے نان و حلوہ آگیا تھا ہم نے بھی کھایا اور آپ کے پاس بھی بھیج دیا

خاں صاحب مذکور کا بیان ہے کہ بدوِ شعور سے ان کی تمنا تھی کہ خاندانِ قادریہ عالیہ میں بیعت کریں اسی دُھن میں وہ اپنے وطن سے قمر نگر (کرنول) گئے وہاں کے بزرگوں سے ملاقات کی اور بالآخر روضہ سید الابدال میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ حضرت فرزند صحیح النسب حضرت غوث الثقلین مجھے حضور ہی رہبری فرمائیں۔ اسی شب میں حضرت سید الابدال سے عالم رویاء میں مشرف ہوئے ارشاد ہوا کہ حیدرآباد میں تمہارے مرشد سید موسیٰ قادری ہیں وہاں جاؤ اور بیعت کرو اور ان کی شکل و شمایل بھی باریک پردہ میں سے بتادی۔ خاں صاحب حیدرآباد آئے اور حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے ارشاد ہوا کہ تم اسی روز سے داخل سلسلہ ہو چکے ہو جب سے کہ تم کو ارادت پیدا ہوئی ہاں رسم ظاہری باقی ہے تو فقیر اس کے لئے حاضر ہے چنانچہ بیعت سے سرفراز فرمایا۔

حکیم صادق حسین حضرت سید شاہ طاہر قادری عرف پیر صاحب قبلہ کے مُرید خاص تھے جب وہ کرنول سے حیدرآباد رخصت ہونے کے لئے اپنے پیر سے ملاقات کے لئے حاضر ہوئے تو فرمایا آئندہ ہماری تم سے ملاقات نہ ہوسکے گی حیدرآباد میں سید موسیٰ قادری ہماری برادری سے ہیں انھیں ہماری جگہ تصوّر کرنا اور ان کی خدمت میں حاضر رہنا چنانچہ یہاں آنے کے دوسرے دن آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت کی عادت بین العصر و المغرب باہر نکلنے کی تھی لیکن انھوں نے جرأت کر کے خادمہ کے ذریعہ اندر اطلاع کروائی کہ کرنول سے ایک صاحب بغرض پابوسی حاضر ہوئے ہیں حضرت فوراً باہر تشریف لائے اور ان کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا " حکیم صاحب خیریت سے تو ہیں " اور پھر اخفائے حال کے لئے فرمایا کہ فلاں حکیم صاحب آپ کے بالکل مشابہ ہیں اس لئے میں نے آپ کو اس طرح

مخاطب کیا کوئی اور خیال نہ کرنا ۔صادق حسین صاحب نے کہا کہ حضور روشن ضمیر ہیں اور
جو کچھ ارشاد ہوا عین حقیقت ہے غلام حکمت پیشہ ہے ۔

ایک روز عبدالنبی عرف بنّو صاحب جوہری نے ایک مینی کی انگوٹھی نذر گزرانی ۔آپ کے
تیسرے صاحبزادے سید غلام حسین عرف حسینی پاشا اس وقت حاضر تھے ان کے دل میں
خیال گزرا کہ یہ انگوٹھی حضرت مجھے عنایت فرمائیں تو ٹھیک رہے گا ۔معاً حضرت نے فرمایا" بابا
غلام حسین یہ انگوٹھی میرے لئے لائی گئی ہے چند روز پہننے کے بعد تم ہی کو دے دوں گا ۔چنانچہ
دو چار روز پہننے کے بعد آپ نے صاحبزادے کو یہ انگوٹھی عنایت فرما دی ۔

خاں زادی بی والدہ فضل علی خاں سے مروی ہے کہ ایک روز ان کے گھر کے سب لوگ
کسی شادی کی تقریب میں گئے ہوئے تھے گھر میں ان کے سوائے اور کوئی نہ تھا انھیں
پانی اور پان کی طلب ہوئی لانے والا کوئی نہ تھا ان کا مکان حضرت کے زیر سایہ دیوار
تھا معاً حضرت کا خیال آیا کہ حضرت روشن ضمیر ہیں اگر پان اور پانی سرفراز فرمادیں تو
میں سمجھوں گی کہ حضرت صاحب تصرّف بھی ہیں ۔کچھ دیر نہ گزری کہ حضرت نے اپنے صاحبزادے
کے ذریعہ پانی ایک صراحی اور کچھ پان مع مصالحہ ان کے پاس روانہ فرمایا ۔

انہی سے روایت ہے کہ ایک روز یہ خیال گزرا کہ حضرت آج ناریل مع مصری سرفراز فرمائیں
تو حضرت کے کمال تصرّف کی دلیل سمجھوں گی ۔ معاً حضرت اپنی جگہ سے اُٹھے ملاقچہ سے
کشتی چوبیں جس میں ناریل اور سفید شکر بھی نکال کر دروازے پر جو درویش حاضر تھا
اس کے پاس روانہ کر دیا اور خان زادی بی کے مخاطب ہو کر فرمایا کہ" مصری حاضر نہیں ہے
ناریل شکر کے ساتھ کھانا چاہتے ہو تو حاضر ہے ۔"

حضرت سید محمد مدنیؒ فرماتے ہیں چند روز کے لئے حضرت کے زیرِ سایۂ عاطفت سکونت کا مجھے موقع ملا تھا۔ ایک روز آدھی رات کے وقت حقہ کی طلب ہوئی لیکن نہ تمباکو تھا نہ آگ حضرت کا خیال آیا کہ آپ روشن ضمیری کیا عجب ہے کہ کوئی انتظام فرما دیں تھوڑی دیر نہ گزری تھی ایک کنیز محل سرا کا دروازہ کھول کر نکلی اور تمباکو اور آگ لا کر سامنے رکھ کر کہا کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ یہ تمباکو ہم کو اچھا معلوم ہوا اس لئے ہم نے تمھارے لئے بھی بھیجا ہے نوش کر کے دیکھو۔

نبو صاحب جوہری کا ایک اور واقعہ قابلِ ذکر ہے۔ سفرِ تجارت پر روانگی سے قبل حضرت سے رخصت ہونے کے لئے حاضر ہوئے سفر دریا کا تھا خیال ہوا کہ مکرّر ملاقات کا موقع ملے گا یا نہیں اس لئے فرطِ شوق میں حضرت کا طواف کرنا شروع کیا اور رخصت ہوئے۔ اثنائے سفر میں کشتی کو بادِ مخالف کا سامنا کرنا پڑا یہاں تک کہ سب اپنی زندگی سے مایوس ہو گئے۔ یہ حضرت کی جانب رجوع ہوئے۔ معاً کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت سطحِ آب پر کھڑے ہوئے ہیں۔ فرطِ مسرت میں یہ پکار اٹھے کہ دوستو خاطر جمع رہو حضرت تشریف لا چکے ہیں انشاءاللہ ہم کشتی سے صحیح و سلامت اتریں گے چنانچہ ایک لمحہ نہ گزرا تھا کہ بادِ موافق چلنے لگی اور سب ساحلِ مراد پر صحیح و سلامتی سے اتر گئے

اسی قسم کا واقعہ شیخ اسمٰعیل عرف جگو بھائی کو پیش آیا۔ یہ فوج میں ملازم تھے جنگ کے لئے جانے کے جب احکام ملے تو رخصت ہونے آئے۔ حضرت کا طواف کرنے لگے اور عرض کیا کہ غلام نظام الدولہ کے لشکر کے ساتھ جا رہا ہے معلوم نہیں حضور کی ملاقات پھر نصیب ہو گی یا نہیں فرمایا تم سے تو کئی بار ہماری ملاقات ہو گی انھوں نے عرض کیا کہ حضور دعا فرمائیں کہ تائیدِ غیبی شاملِ حال رہے اور سرخ رو واپس آؤں۔ ارشاد ہوا ہماری طرف دھیان رکھنا اور ہمیشہ ہم کو حاضر و ناظر سمجھنا۔ بہرحال یہ رخصت ہوئے

گھمسان کا رن پڑا ہر طرف سے تیروں کی بارش ہو رہی تھی اور ہر سمت ننگی تلواریں نظر آ رہی تھیں۔ یہ اپنے ساتھیوں سے چھوٹ کر میدانِ جنگ میں یکہ و تنہا رہ گئے معاً حضرت کی جانب رجوع ہوئے دیکھا کہ آپ ان کے سر پر سایہ گستر ہیں جب پچھلی جانب دیکھا تو اس سمت بھی حضرت کو پُشت پناہ پایا اس کے بعد بس آنکھ بند کر کے کارزار میں گھس پڑے اور پھر انھیں خبر نہ ہوئی کہ کس طرح وہ صحیح و سلامت اس معرکہ سے باہر آئے۔

نواب سردار الملک عرف گھانسی میاں کو حضرت سے کمال عقیدت تھی لیکن بیعت کی اس لئے جُرأت نہ کرتے تھے کہ ترکِ مُسکرات کی خود میں قدرت نہ پاتے تھے ایک دفعہ خدمت میں حاضر ہوئے تو ارشاد فرمایا کہ کیا ہمارے سامنے بھی تم شغل کروگے عرض کیا کہ خادم سے ایسی جُرأت کیسے ہو سکتی ہے فرمایا تو بس اس شرط پر بیعت قبول ہے کہ ہمارے سامنے شغل نہ کرنا چنانچہ انھوں نے آپ کے دستِ حق پرست پر بیعت کر لی۔ گھر پہونچے تو حسبِ معمول جام مئے طلب کیا ہاتھ میں لے کر نوش کرنا چاہتے تھے کہ سامنے حضرت کھڑے ہوئے نظر آئے۔ یہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور حجرے میں داخل ہو کر اندر سے دروازہ لگا کر شغل کرنا چاہا دیکھا تو وہاں بھی حضرت موجود ہیں فوراً اپنے ہاتھ سے جام پٹک دیا الحاصل ایک ہی دن میں انھیں توبۂ نصوح حاصل ہو گئی۔

اس قسم کے کئی واقعات آپ کی سوانح میں ملتے ہیں جنھیں بخوف طوالت چھوڑ رہا ہوں البتہ ایک دو واقعات آپ کے علم لدنی کے تعلق سے پیش کرنا چاہتا ہوں تاکہ تصویر کا کوئی رُخ غیر مکمل نہ رہے۔

ایک روز آپ کی خدمت میں ایک صوفی منش بزرگ آئے اور آپ سے دریافت کیا کہ نبوّت اور ولایت میں کیا فرق ہے فرمایا "عزیز من یہ فقیر اُمّی جاہل اور بے علم ہے ہاں

اہل اللہ سے یہ سُنا ہے کہ نبوت کا رُخ خلق کی جانب ہوتا ہے اور ولایت کا حق کی جانب ۔ نبی داعی خلق الی الحق ہوتا ہے اور ولی مستغرق بحق ہوتا ہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ الولایۃ افضل من النبوۃ ۔ ولی شہود ذات حق میں محو اور رجوع بحق ہوتا ہے اور نبی کو خلق کی دعوت اور ہدایت کے لئے بھیجا جاتا ہے ۔ اس جواب سے صوفی صاحب وجد کرنے لگے ۔

ایک روز مطیع الاسلام نامی ایک بزرگ جنھیں علمِ تصوف کا چسکا اور اکثر صوفیائے ظاہر کی صحبت کا موقع ملا تھا حاضرِ خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ آج ایک بیت سُننے میں آئی ہے جس سے سکونِ قلب غائب ہے ۔ حضرت اس کی شرح فرمائیں تو شاید تسکینِ خاطر ہو ۔ فرمایا سُناؤ کونسی بیت ہے ۔ مطیع الاسلام نے حسب ذیل بیت سُنائی ؎

خُدا لک است محمدؐ ہزار آدم یک　　بیا بہ مشربِ صوفی اگر نداری شک

فرمایا " فقیر اُمّی و جاہل ہے بزرگانِ وقت سے دریافت کرو" مطیع الاسلام نے حضرت کے قدم پکڑ لئے اور اصرار کرنے لگے کہ حضرت اس کی تشریح کریں ۔ فرمایا عارفانِ سلف سے مستفاد ہے کہ یہ بیت توحیدِ الٰہی اور نعتِ رسالت پناہی میں ہے اور یہ رندانِ صوفیا کا ایک معمہ ہے ۔ " لک " کو پلٹنے سے " کُل " ہوجاتا ہے ۔ معنے یہ ہوئے کہ خدا کُل ہے (ھُوالکُل) یعنے جو کچھ ہے اسی کا ظہور ہے (ہمہ اُوست) اور " محمدؐ ہزار " نعت رسالت پناہی ہے ۔ لفظ " ہزار " پلٹنے سے " رازہ " ہوجاتا ہے مطلب یہ ہوا کہ حضورؐ خدا کے رازدار ہیں اور " آدم یک " پلٹنے سے " آدم کے " بمعنے " کجا " ہوجاتا ہے ۔ حاصل مصرع یہ ہوا کہ " دراں وقت کہ حضرت حق سُبحانہ تعالیٰ تجلّی خود برخود داشت و حقیقتِ محمدی را در ضمن خود دید ظہور کمال اسما، نبود کہ آدم را گنجایش بود یعنے احدیت مطلقہ در ہمہ ساری ست و وحدت از زنگ تعین عاری پس واحدیت بہ کے شماری " مطیع الاسلام

نے یہ جواب سن کر اپنا سر ارادت حضرت کے قدموں پر رکھ دیا۔

کبھی کبھی غلبۂ حال میں آپ اشعار بھی فرماتے۔ افاقہ کے بعد ان اشعار کی اصلاح کی جانب متوجہ ہوتے یا پھر فرماتے کہ "نظم فقیر وضع دیوانگی دارد کہ قافیہ نہ ردیف" آپ کے فرزند اکبر و جانشین حضرت سید غلام علی شاہ صاحبؒ نے آپ کا کلام "دیوان موسوی" کی شکل میں مرتب کیا ہے جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ نمونہ کے طور پر چند اشعار پیش ہیں فرماتے ہیں ؎

الغیاث اے شمسِ رخشاں الغیاث — الغیاث اے ماہِ تاباں الغیاث

حال من با تو ہویدا است ہمہ — اے علیم رازِ پنہاں الغیاث

شد دل من تشنۂ دیدارِ تو — در لبانت آب حیواں الغیاث

من غلامانِ ویم موسیٰ لقب — بے کساں را اوست درماں الغیاث

نے بہر دل ہمچو او از نورِ یکتائی بود — ہر صدف کے قابل لولوئے لالائی بود

گرچہ من خورشید تابانم ہویدا بس عیاں — لیک دیدن کار بینا چشم بینائی بود

آں کسے باشد کہ خود را از خودی بیروں کند — تن بسوزد عشق چوں پروانہ شیدائی بود

جز عیونِ دل گدازاں شمع را دیدن چہ سود — سوزِ عشق موسوی باساز مولائی بود

یارب مرا تو در طمع سیم و زر مکن — بہر تلاش نان مرا در بدر مکن

دارم جناب موسئے شاہ علی رضا — لوح نصیبِ صاف مرا بد گہر مکن

حیدر آباد کے اکثر اعیان و اُمرائے دولت کو حضرت سے کمال عقیدت تھی اور رئیسِ وقت آصفجاہ ثانی بھی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے جب کبھی آپ کا ذکر آتا تو اپنے مصاحبین سے کہتے کہ "ہمہ بزرگان معاش دارند الا درویشِ متوکل سید شاہ موسیٰ قادری ست۔ وجودش باعث آبادی بلدہ و امن ملک از قدوم ایشان ست" ایک روز حاضر خدمت ہوکر عرض کیا کہ آیندہ ماہ میں میری لڑکی کی شادی ہے بر وقت حضرت کو تشریف آوری کی

زحمت دوں گا فرمایا اگرچہ بئس الفقیر علے باب الامیر آیا ہے لیکن آپ کے خلوص کی بنا پر اور اس لئے بھی کہ دعوت امر مسنون ہے فقیر شریک ہوگا۔ چنانچہ عقد کے روز تشریف لے گئے۔ آصفجاہ ثانی محل میں تھے خلوتِ مبارک کی حد درجہ آرایش وزیبایش کی گئی تھی اور درمیان میں ان کے لئے مسند لگائی گئی تھی۔ چوبدار نے آکر مسند نکال دی اور عرض کیا کہ سرکار نے پاسِ ادب سے اس کو برخواست کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس عرصہ میں آصفجاہ برآمد ہوئے اور حضرت سے ملاقات کی۔ آپ نے فرمایا "نواب صاحب فقیر بشرط اجازت کچھ کہنا چاہتا ہے" آصف جاہ نے عرض کیا "بسر وچشم" فرمایا آج شادی کا دن ہے مسند منگوایئے۔ آصف جاہ نے معذرت کی فرمایا فقرا کی بات سُننا موجب ترقی دولت ہے بالآخر آصفجاہ نے شمس الامراء کی جانب اشارہ کیا مسند لائی اور بچھائی گئی۔ آصف جاہ نے عرض کیا کہ حضرت بھی اس پر تشریف رکھیں چنانچہ حضرت اس پر قدم رکھ کر واپس ہوگئے اور پاندان وعطردان کا تک انتظار نہ فرمایا آخر ایام میں استغنا اور بے نیازی درجہ کمال کو پہونچ گئی تھی۔ اکثر فرماتے کہ ہم نہیں چاہتے کہ یہ دُنیادار ہماری جانب رجوع ہوں چنانچہ ان کی دعوت میں بھی تشریف نہ لے جاتے اور صرف غربا اور مساکین کی دعوت قبول فرماتے۔

المختصر اپنے والد ماجد کے بعدِ وصال ۴۴ سال تک مسند سجادگی پر متمکن رہ کر ایک عالم کی ہدایت فرمائی اور بالآخر ۲۱ ذی قعدہ ۱۲۱۵ھ کو واصل بحق ہوئے۔

شاہ قاسم علی حسینی جو حضرت سید محمد حسینی گیسو درازؒ کی اولاد سے تھے فرماتے ہیں کہ شب رحلت میں انھوں نے حضرت خواجہ گیسو درازؒ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں ابھی ابھی خواجہ عبداللہ نے مجھ سے آکر دریافت کیا کہ آپ نے حیدرآباد کی کوئی خبر سُنی ہے فرمایا نہیں عرض کیا کہ آج وہاں کے صدر المشائخین کا انتقال ہوگیا اور میں چاہتا ہوں کہ ان کے جنازے میں شرکت کے لئے جاؤں میرا کمربند اور دو شالہ لے آؤ حضرت خواجہؒ نے فرمایا

عبد اللہ توقف کرو میں بھی تمھارے ساتھ چلتا ہوں اس کے بعد شاہ قاسم علی بیدار ہو گئے اسی اثناء میں ایک شخص نے آکر یہ خبر سنائی کہ حضرت سید موسیٰ قادریؒ کا وصال ہو گیا۔
حضرت کے احوال میں یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ جس روز آپ کا وصال ہوا اکثر لوگوں نے بیرونِ شہر سبز پالکی میں سبز لباس پہنے ہوئے تشریف فرما ہیں پالکی تیز تیز جارہی ہے ساتھ کئی درویش ہیں۔ بعض نے دریافت کیا کہ حضور کہاں کا ارادہ ہے فرمایا "فقیر عازم بیت اللہ ہے اور تم سے یہ ہماری آخری ملاقات ہے" بعد میں معلوم ہوا کہ اسی روز حضرت کا وصال ہوا ؎ الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب اسی کا نام ہے ؎

چو شد شاہ موسےٰ بہ سوئے بہشت زیادغمش آسماں قوس شد
بفرمود رضواں بتاریخِ او تجلیٔ موسےٰ بفردوس شد

۱۲۱۵ھ

حضرت پیراں صاحب قادریؒ نے آپ کی تاریخ وصال "بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ" فرمائی جس سے بہتر اور کوئی تاریخ نہیں ہو سکتی۔
حضرت نے اپنے فرزندِ اکبر سید شاہ غلام علی قادریؒ کو اپنے وصال سے بہت عرصہ قبل خرقہ خلافت اور بیعت سے سرفراز فرما کر اپنا جانشین بنا دیا تھا اور حقیقی معنوں میں یہ اپنے پدرِ بزرگوار کے جانشین تھے۔ خاندانِ موسوی میں وہ اک آفتاب کی حیثیت رکھتے ہیں جس کی شعاعوں سے سیکڑوں قلوب نے روشنی حاصل کی۔ ہندوستان کے مشہور و معروف شاعر نصیرؒ[۲] دہلوی آپ کی توصیف میں یوں نغمہ طراز ہیں ؎

---

[۱] حضرت حسینی بی صاحبہ بنت شاہ محمد حافظ حسین شاہ علی بن شاہ ابوالحسن حسینی آپ کے حبالہ عقد میں آئی تھیں ان کا انتقال ۱۲ جمادی الاول ۱۲۳۱ھ کو ہوا۔ مزار حضرت کے گنبد کے اندر واقع ہے۔
[۲] شاہ نصیر دہلوی حضرت سید موسیٰ قادریؒ کے مرید خاص تھے۔ مرشد کی خاطر دہلی سے آکر حیدرآباد میں بس گئے تھے دفن بھی احاطہ درگاہ میں ہوئے۔ ادارہ ادبیاتِ اردو کی جانب سے لوحِ مزار نصب کی گئی ہے۔

حضرتِ شاہ غلام علی پیر و مرشد ایک ہے عالم معنی میں تمھاری صورت

رُخ وہ ہے اہلِ وظیفہ کہے سبحان اللہ قد وہ ہے صاحبِ تکبیر کہے قد قامت

ثُمّ باللہ اگر خلق میں دیکھے تم کو تو یہ عارف کہے کثرت میں ہے ظاہر حدت

مشک سے دھوئے نہ جب تک کہ زباں اپنی نعیمؔ کیا دہن ہے جو کرے آپ کی تعریف وصفت

حضرت بادشاہ صاحبؒ آپ سے یوں خطاب کرتے ہیں ؎

اے فردِ بیاضِ مصطفائی بیتِ دل تو بعد صفائی

حقا کہ ز دیوان موسوی ہم تو اولِ مصرعہ رُباعی

ذات تو قصیدۂ ہدایت انفاسِ تو غزل رہنمائی

ہر بیتِ شکستہ ریختہ ام را تعمیر صلاح .برو نمائی

شیرازۂ جمعیتم تو باتی تو مُصلح قال وحال مائی

مقصودِ محیُ دیں تو ہستی در دیدۂ من تو روشنائی

آپ ایک زبردست صوفی اور پیرِ طریقت ہونے کے علاوہ علومِ ظاہری سے بھی آراستہ تھے۔ چنانچہ کئی کتابیں تصنیف کیں جن میں دُرّ الدّارین فی مناقب غوث الثقلینؓ، مشکوٰۃ النبوت، شرح مثنوی مولانا رومؒ قابلِ ذکر ہیں اوّل الذکر دو تصانیف آپ کے تبحرِ علمی کا بیّن ثبوت اور آپ کے خامۂ فصاحت نگار کا شاہکار ہیں۔ سیرتِ حضرت غوثِ پاکؓ میں اب تک صدہا کتابیں لکھی جاچکی ہیں لیکن مبالغہ نہ ہوگا اگر یہ کہا جائے کہ کوئی تصنیف آج تک دُرّ الدارین کے معیار کو نہ پہنچ سکی۔ حضرتِ عارفؒ کے جدّ امجد حضرت سیّد محمد مرتضی قادریؒ نے اس کو طبع فرما کر تقسیم فرمایا تھا لیکن اب یہ کمیاب ہے۔ مشکوٰۃ النبوۃ اولیائے عظام کے احوال میں ہے اور ایک انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتی ہے۔ مطالعہ کرنے والا حیرت میں پڑ جاتا ہے کہ اس قدر تفصیلی حالات کس طرح فراہم ہو سکے۔ ایسی جامع تصنیف راقم الحروف کی نظر سے نہیں گزری۔ تذکرۃ الاولیا

ہو یا تاریخ اولیائے دکن یا کوئی اور کتاب اس تصنیف کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ اس کا ایک نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں اور دوسرا عثمانیہ کالج کرنول کی لائبریری میں محفوظ ہے جس سے سید قطب الدین صاحب قادری نے نقل تیار کی ہے۔ آدونی میں جب میں بحیثیت سب جج کارگزار تھا تو ان کے بھائی سید احمد پاشاہ صاحب قادری نے بغرض مطالعہ مجھے اس کی تینوں جلدیں لاکر دی تھیں جن سے مجھے استفادہ کا موقع ملا۔ متذکرۂ صدر دونوں تصانیف فارسی میں ہیں۔ اگر اردو میں ترجمہ کرکے ان کی اشاعت کی جائے تو عوام بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔ ان تصانیف کے علاوہ حضرتؒ کا فارسی دیوان ہے جو ہنوز قلمی حالت میں ہے۔ جس چوکھنڈی میں آپ کا مزار ہے اس میں وہ اشعار جو مولائے کائناتؓ کی منقبت میں آپ نے عرض کئے ہیں دیوار پر منقش ہیں۔ جو حسب ذیل ہیں ؎

بلند تر ست ز عرشِ علیٰ مقامِ علیؓ	مثالِ نص و حدیث است ہر کلامِ علیؓ
نبیؐ مدینۂ علم و علیؓ بود بابش	بہ شہر کس نہ درآید بجز سلامِ علیؓ
چہ مدح سازمش الحق کہ قدسیانِ عرش	زنند کوسِ ولایت ہمہ بنامِ علیؓ
حدیث لحمک لحمی بشانِ وے آمد	علیؓ وصیِ نبیؐ و نبیؐ امامِ علیؓ
بقولِ مصرعۂ کس وردِ عارفستؔ ہمیں	علیؓ امام من است و منم غلامِ علیؓ

حضرت سید شاہ افضل بیابانیؒ قاضی ورنگل کے حالات میں ان کی بیعت کا واقعہ یوں مرقوم ہے کہ ایک دفعہ جب وہ خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت کو محوِ خواب پایا لیکن قلب مبارک سے ذکر کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی اس واقعہ سے متاثر ہو کر انھوں نے حضرت کے دستِ حق پرست پر بیعت کی۔ خاندانِ موسوی کا یہ آفتاب ۱۲۵۸ھ میں غروب ہوا۔ "تصوف برفت" مادۂ تاریخ ہے ؎

سہ حضرت قطب النساء بنت سید حسین قادری عرف میراں صاحب جو حضرت سید سراج الدین عبدالجبار ابن حضرت غوث اعظمؓ کی اولاد سے تھے حضرت کے حبالۂ عقد میں آئی تھیں لیکن ان کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

حضرت عارفؔ آپ کے چھوٹے بھائی حضرت سید حسین قادریؒ کی اولاد امجاد سے ہیں
جن کے صاحبزادے حضرت سید غلام محی الدین قادری پدر بزرگوار حضرت سید محمد مرتضیٰ قادریؒ
تھے جو حضرت عارفؔ کے جدِ امجد بھی تھے اور پیرِ طریقت بھی۔ سید معین الدین صاحب جو
فوجداری بلدہ کے ممتاز وکیل تھے مجھ سے بیان کرتے تھے کہ "میں نے آپ کے پڑنانا (حضرت
سید محمد مرتضیٰ قادریؒ) کو دیکھا ہے۔ حضرت کی عادت تھی کہ "جمعتہ الوداع" مکہ مسجد میں ادا
فرماتے اور افطار و نماز مغرب کے بعد گھر واپس ہوتے۔ صحنِ مکہ مسجد میں جو منبر ہے اس سے
تکیہ لگا کر تشریف رکھتے۔ آپ کے جمالِ جہاں آرا کو دیکھنے کے لئے کثیر مجمع ہو جاتا تھا۔ ایسا
معلوم ہوتا کہ جیسے زمین پر آسمان سے کوئی فرشتہ اتر آیا ہے۔" حیدرآباد کے بڑے بڑے
اُمراء و اعیانِ ریاست حضرت کے ارادتمند تھے حضرت آصف جاہ سادس کو بھی آپ سے
کمال عقیدت تھی۔

حضرت عارفؔ فرماتے تھے کہ جس وقت حضرت آصف جاہ سادس نواب میر
محبوب علی خانؒ حضرت پیر شاہ محی الدین ثانیؒ کے در اقدس پر حاضر ہوئے مغرب ہو چکی
تھی۔ حضرت نمازِ مغرب کے بعد نوافل میں مشغول تھے۔ آپ کے انتظار میں آصفجاہ سادس
صحنِ درگاہ میں ٹھہر گئے۔ نوافل کے بعد حضرت اوراد و وظایف میں مصروف ہو گئے۔
میں بار بار حضرت کی خدمت میں حاضر ہوتا اور عرض کرتا کہ ظل اللہ آئے ہیں اور آپ
کے انتظار میں ہیں۔ حضرت صرف "ہوں" فرماتے اور بدستور وظیفہ جاری رکھتے۔
بہرحال وقتِ مقررہ پر اپنا وظیفہ ختم کر کے حضرت مسجد سے باہر نکلے تو پیشوائی کے لئے
آصفجاہ سادس بڑھے اور آداب کرتے ہوئے اپنا سر تعظیماً اتنا جھکا دیا کہ حضرت کے
زانو سے لگنے لگا۔ حضرت نے ان کے سر پر دستِ شفقت رکھ فرمایا "آباد رہو" اور پھر
ان کو لے کر روضہ شریف میں حاضر ہوئے۔

ذاتِ رسالت پناہی سے حضرت کو کمال درجہ عشق اور حد درجہ عقیدت تھی حجاز بلو

کے لئے چندے کی اپیل لے کر جب مُلّا عبد القیوم مرحوم حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ اپنے دولت خانہ سے جس حالت میں تشریف رکھتے تھے اسی حالت میں باہر تشریف لائے اور فرمایا کہ جو کچھ فقیر کے پاس ہے وہ حاضر ہے اور اپنے گھر کا سارا سامان نذر کردیا۔ اس واقعہ کی اطلاع جب خلیفۃ المسلمین سلطان عبد الحمید خاں کو ہوئی تو وہ بہت متاثر ہوئے اور آپ کو "شیخ المشایخ افتخار الاکابر و الاکارم" کا خطاب دیا۔ چنانچہ یہ فرمانِ شاہی راقم الحروف کے پاس محفوظ ہے۔

یہ تو اپنے مال و متاع کو حضور کے نام پر قربان کرنے کا واقعہ تھا کچھ دنوں بعد وہ وقت بھی آگیا جبکہ آپ نے خویش و اقارب، دوست احباب اور گھر بار کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہہ دیارِ حبیبؐ کی راہ لی۔ مدینۂ منورہ میں اس وقت مسجدِ نبویؐ کی تعمیر و ترمیم ہو رہی تھی اس موقع پر جب یہ پہونچے تو خود بھی مزدوروں کے ساتھ مٹی ڈھونے میں شریک ہو گئے۔ آپ کی سادہ زندگی، زہد و تقویٰ، علم و فضل اور شخصی وجاہت سے اہلِ مدینہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور جب ۷ ربیع الاول ۱۳۲۷ھ روز دوشنبہ کو آپ کا وصال ہوا تو آپ کو قبۂ اہلِ بیت میں دفن کیا گیا۔ واللہ یختص برحمتہ من یشاء۔

آخر گِل اپنی خاکِ درِ میکدہ ہی
پہونچی وہیں یہ خاک جہاں کا خمیر تھا

یہ تھے حضرت عارفؔ کے اسلاف جن کے حالات مختصراً بیان ہوئے۔

اگر یہ سچ ہے کہ اَلوَلَدُ سِرٌّ لِأَبِیهِ تو اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان اسلاف سے حضرت عارفؔ کے حصے میں کیا کیا اوصاف اور خوبیاں توریثاً آئی ہوں گی۔

بعض چیزیں اکتسابی ہوتی ہیں جو ذاتی جدوجہد اور کوشش سے حاصل ہوسکتی ہیں مثلاً علم وحکمت، زہد وتقویٰ، مال ودولت لیکن بعض چیزیں محض وہبی ہوتی ہیں جو ذاتی محنت اور تگ ودو سے حاصل نہیں ہوسکتیں ان کا انحصار صرف خدا کی دین پر ہوتا ہے مثلاً یہ کسی کے اختیار میں نہیں کہ وہ کسی نحس دن یا تاریخ کی بجائے کسی مُبارک دن تاریخ اور وقت میں پیدا ہو۔ اسی طرح کسی کے بس میں یہ بات نہیں کہ وہ کسی شریف اور اعلیٰ خاندان میں پیدا ہو۔ پھر ان وہبی چیزوں کا یکجا جمع ہونا بھی لازمی نہیں۔ دیکھا جاتا ہے کسی میں ایک صفت یا خوبی پائی جاتی ہے تو دوسری صفت نہیں پائی جاتی مثلاً کسی میں زہد وتقویٰ ہوتا ہے تو علم وفضل نہیں ہوتا۔ کسی میں علم وفضل ہوتا ہے مگر زہد وتقویٰ نہیں پایا جاتا اور کسی میں یہ دونوں خوبیاں ہوتی ہیں تو ذاتی وجاہت اور اعلیٰ نسبی نہیں ہوتی اور بعض وقت یہ ساری خوبیاں یکجا جمع ہوجاتی ہیں ؎

لیس علی اللہ بمستنکرٍ ان یجمع العالم فی واحدٍ

لیکن یہ بات شاذ و نادر ہوتی ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے ٭ بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

بہرحال ؎ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری والا معاملہ بہت کم پیش آتا ہے۔

فیاضِ ازل نے حضرت عارف کی حد تک بڑی فیاضی سے کام لیا تھا اور ان ساری فضیلتوں کو ان میں جمع کردیں تھیں کوئی ایسی خوبی نہ تھی کہ جو ان میں موجود نہ ہو۔ ان کو دیکھنے والا پکار اُٹھتا تھا کہ

اے تو مجموعۂ خوبی بچہ نامت خوانم؟

ان کی ولادت ۱۴ شعبان ۱۳۰۲ھ کو اس شب میں ہوئی جس کو قرآن میں "لیلۃ مُبارکۃ" کہا گیا ہے جو عام اصطلاح میں "شب برات" کہلاتی ہے۔ یہ وہ شب ہے جس میں انسانی تقدیروں کا فیصلہ ہوتا ہے فیھا یفرق کل امرٍ حکیم۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ

اس شب میں سارے محاسن اور فضائل حضرت عارف کے لئے مقدر و مختص کر کے انھیں اس عالم ناسوت میں بھیجا گیا تھا۔ پھر انھوں نے ایسے ماحول میں اپنی آنکھیں کھولیں کہ جس میں ہر سمت علم و فضل، زہد و تقویٰ، تسبیح و تقدیس اور ہر جانب رُکَّعًا سُجَّدًا یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃً کا رنگ تھا۔ وہ ایسے گھر میں پیدا ہوئے جس کی جامع اور مختصر تعریف بس یہ ہو سکتی ہے کہ ۔ ایں خانہ تمام آفتاب است۔

خاندان "خاندانِ نبوت" پھر اس "گلشن سیادت" میں بغداد کی بہار جس کا ہر نخل شجرِ طور، جس کا ہر ذرہ رُو کش آفتاب اور جس کی ہر روش کی یہ کیفیت کہ ۔

کرشمہ دامنِ دل میکشد کہ جا اینجاست

مادری سلسلہ بھی علم و فضل زہد و تقویٰ کی دولت سے مالامال۔ مادرِ مشفقہ[ع] حضرت شاہ عبد القادر مہاجر مدنی المعروف بہ نذر علی شاہؒ کی قرۃ العین اور بذاتِ خود "رابعۂ وقت" ہر وقت لب پر درود و سلام ۔ "دست بکار دل بہ یار" کی جیتی جاگتی تصویر غرض پدری سلسلہ ہو یا مادری سلسلہ ہر ایک "سلسلۃ الذہب" جس کی ہر کڑی کا ہونا ہر کسوٹی پر پورا اُترتا تھا۔ بقول مولانا آزاد

"اللہ کی نعمتوں میں جن کے ذریعہ وہ اس دُنیا میں اپنے بندوں کو سعادت بخشتا ہے ایک بڑی نعمت آبا صالحین کے لئے یہ ہے کہ اولادِ صالح عطا فرمائی کہ رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ اور وَوَھَبْنَا لَہٗ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَکُلًّا ھَدَیْنَا الخ اور اولاد کے لئے یہ ہے کہ والدین صالح ہوں۔ سورہ کہف میں جب موسیٰ علیہ السلام نے ایک گری ہوئی دیوار کو چن کر یتیموں کے دفینے کی حفاظت کی تو فرمایا وَکَانَ اَبُوْھُمَا صَالِحًا اور حضرت

ع آپ کا نام حضرۃ افضل بیگم صاحبہ تھا جن سے دو صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تولد ہوئیں (۱) حضرت محی الدین بیگم صاحبہ مادرِ مشفقہ راقم الحروف (۲) حضرت سید شاہ وحید بادشاہ صاحب قادری عارفؒ (۳) حضرت سید شاہ لطیف محی الدین صاحب قادریؒ (۴) حضرۃ فاطمہ بیگم صاحبہؒ۔

یوسف علیہ السلام کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اِنّما الکریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم اور ظاہر ہے کہ کسی خاندان میں عرصہ تک علم و صلاح کا باقی و جاری رہنا بغیر اس کے ممکن نہیں کہ ان دونوں نعمتوں سے فیضیاب ہو۔ آبا کو اولاد صالح اور اولاد کو آبا صالح نصیب ہوں ۔''

پس بلا شبہ حضرت عارف کے پدری و مادری دونوں سلسلے اس نعمت سے پوری طرح بہرہ ور تھے جس کی وجہ سے یہ نعمت ان کے حصے میں بھرپور آئی تھی۔

دادا نے نام " وحید" رکھا اور عرفیت " عارف" تجویز کی۔ معلوم نہیں یہ بات شعوری طور پر ہوئی تھی یا غیر شعوری طور پر۔ بہر حال یہ "وحید" آگے چل کر " وحید العصر" اور یہ "عارف" اسم با مسمّٰی "عارف" ہوا۔

بدوِ شعور سے سعادتمندی زندگی کا جزوِ لاینفک بن گئی جو آبا و صالحین کی اعلٰی تربیت اور شرافتِ خاندانی کا نتیجہ تھی ؎

بالائے سرش ز ہوشمندی　　　می تافت ستارۂ بلندی

مختلف اساتذہ سے کتبِ متداولہ اور محدثِ وقت مولانا منصور علی خاں (پدر نواب مقصود جنگ) سے کتبِ احادیث پڑھیں۔ ذکر و شغل اور مجاہدہ کی تکمیل اپنے جدِّ امجد و پیر طریقت سے کی جنھوں نے ۷ ربیع الثانی ۱۳۲۳ھ کو بیعت اور خلافت سے سرفراز کر کے انھیں مسندِ ارشاد پر بٹھا دیا۔ جس وقت حضرت ہجرت فرما رہے تھے آپ کے غمِ جدائی میں زار و قطار اشک بار تھے روضۂ مقدسہ کا صحن الوداع کہنے والوں سے بھرا ہوا تھا حضرت نے اپنے اس پوتے کا ہاتھ پکڑ کر سب سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ "میں نے وحید کو اپنے رنگ میں رنگ کر اس کو رنگریز بنا دیا ہے اور یہ ہزاروں کو رنگ دے گا" چنانچہ یہ پیشین گوئی حرف بہ حرف پوری ہوئی اور اس رنگریز نے ہزاروں کو اپنے رنگ میں رنگ دیا۔ مسندِ ارشاد پر بیٹھنے کے بعد سے جو رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع ہوا وہ آخر وقت تک قایم رہا۔

وعظ زیادہ تر فضایل و مناقب یا پھر ردّ عقاید باطلہ پر مشتمل ہوتا۔ جمعہ کی نماز سے قبل تفسیر یا احکامِ فقہ بیان فرماتے۔ غرّہ ربیع الاول سے ۱۱ ربیع الاول تک اور غرّہ ربیع الثانی سے ۱۱ ربیع الثانی تک اور اسی طرح غرّہ محرم سے ۹ محرم تک شب میں پابندی سے وعظ فرماتے اس کے علاوہ ربیع الاول اور ربیع الثانی میں بعد عصر زنانی مجالس ہوتیں۔ خاص خاص مواقع پر ان تقاریب کی مناسبت سے فضایل اور مناقب بیان فرماتے۔ طریقِ بیان محدثین کا ہوتا۔ یعنے حدیث کے ساتھ اس کے اسناد بھی بیان فرما دیتے اور آدابِ مجلس کا بہت خیال رکھتے یعنے عموماً تخت پر بیٹھ کر وعظ فرماتے جس پر قالین کا فرش ہوتا اور تکیے لگائے جاتے رات کی مجلسوں میں تخت پر دونوں جانب برقی گلدستے رکھے جاتے۔ سامعین کے لئے نیچے فرش کیا جاتا اور جب تک وعظ ہوتا اگربتیاں جلائی جاتیں جس سے مجلس میں ہر طرف خوشبو کی لپیٹیں آتیں وعظ سے پہلے اور بعد نعت یا منقبت ہوتی۔ ختمِ وعظ پر تبرّک تقسیم کیا جاتا۔

سیرتِ حضرت امام مالکؒ میں مرقوم ہے کہ امام حدیث بیان کرنے کے لئے اسی قسم کا اہتمام فرماتے تھے۔ مجلس میں تخت رکھا جاتا عود و لُبان کے بخور سے ساری محفل مہک اُٹھتی سامعین کے لئے پُرتکلف فرش کیا جاتا امام جب تخت پر رونق افروز ہوتے تو ہر طرف خاموشی چھا جاتی یہاں تک کہ احادیث لکھنے والے اس قدر آہستہ لکھتے کہ قلم چلنے کی آواز نہ آئے تاکہ امام کو ناگوار نہ گزرے۔

سیّد العارفین حضرت سیّد عبد القادر الجیلانیؓ کے احوال میں لکھا ہے کہ حضور کی مجلس میں ایک ایک لاکھ اشخاص کا مجمع ہوتا۔ تقریباً چار ساڑھے چار سو علماء قلم دوات کاغذ لے کر آپ کے ارشادات نقل کرنے حاضر رہتے باوجود اس اژدحام کے ہر طرف سناٹا رہتا۔ ایک دفعہ کسی نے بآوازِ بلند "اللہ" کہہ دیا۔ آپ نے اس کو فوراً ٹوک دیا اور فرمایا کہ فردائے قیامت میں تجھ سے اس کی نسبت بھی سوال ہوگا کہ تو نے یہ ریا سے تو

نہیں کہا تھا۔ ان مجالس کی ایک جھلک حضرت عارف کی مجلسِ وعظ میں نظر آتی تھی جس میں ہر شخص مودب اور ہر ایک ہمہ تن گوش بر آواز رہتا تھا۔ سارا ماحول متانت اور سنجیدگی کا ہوتا تھا۔ وعظ میں حقایق اور معارف کے سوا بذلہ سنجی، لطیفہ گوئی اور بے سروپا باتیں نہ ہوتی تھیں۔ طبعاً بھی آپ غیر سنجیدہ گفتگو اور گھٹیا قسم کے مذاق کو برداشت نہ کر سکتے تھے۔ غرض ؎

زبانِ حال سے کہتی تھی سب سے محفلِ عارف جو بیٹھو با ادب ہو کر تو اٹھو با خبر ہو کر

اور پھر یہ نہ تھا کہ "برونِ خانہ" ایک رنگ ہو اور "درونِ خانہ" دوسرا رنگ ہو جو متانت اور سنجیدگی باہر رہتی تھی وہی گھر کے اندر نظر آتی تھی۔ وہ اپنے اوقات بے نتیجہ گفتگو اور فضول باتوں میں ضایع کرنے سے حتی الامکان محترز رہتے تھے۔ ان کا مشغلہ تھا حدیث، تفسیر، علمی تحقیقات یا پھر تلاوتِ قرآن اور عبادت ان کا یہ ایقان تھا کہ ؎

اوقات ہمہ بود کہ در یاد بسر شد باقی ہمہ بے حاصلی و بے خردی بود

شب کا بیشتر حصہ ذکر و شغل میں گزرتا۔ نماز فجر کے لئے خود اُٹھتے تو گھر والوں کو بھی اُٹھا دیتے مسجد میں نماز با جماعت ادا کرتے اشراق تک اوراد و وظائف میں مشغول رہتے اس کے بعد اپنے جد اعلیٰ حضرت پیر شہ محی الدین ثانیؒ کے روضۂ پُر انوار پر حاضری دیتے۔ دس بجے گھر واپس آتے اور تب کہیں ناشتہ فرماتے۔ گھر والوں سے گفتگو کا یہی وقت ہوتا۔ ناشتہ کے بعد باہر سے آنے والوں کو ملاقات کا موقع دیتے یا پھر اخبار بینی فرماتے آخر عمر میں یہ وقت درس حدیث یا تجوید کے لئے مختص ہو گیا تھا۔ اس مشغولیت سے فراغت حاصل ہوتی تو کتب بینی اور علمی تحقیقات میں مصروف ہو جاتے جو کتاب زیرِ مطالعہ ہوتی اس کے حاشیہ پر اپنی تحقیقات کے نتایج لکھتے جاتے۔ یہ سلسلہ نمازِ ظہر تک رہتا جو بالعموم تاخیر سے ادا کرتے کیونکہ بار بار وضو کے لئے نشست و برخواست وجع مفاصل کے باعث دشوار تھی اسی وضو سے عشا تک نماز ادا فرماتے۔ نماز عصر کے بعد خاصہ تناول

کرتے اور مسجد میں آجاتے جہاں سے عشا کے بعد واپس ہوتے۔ ساری نمازیں باجماعت ادا کرتے۔ جمعرات کے دن صبح میں جب تک حضرت سید حبیب العیدروسؒ بقید حیات تھے ان کے حلقۂ ذکر میں شریک ہوتے اور شام میں مع اپنے صاحبزادوں اور مریدوں کے ختم قادریہ میں شرکت کرتے۔ اکثر آپ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت حبیب العیدروس میں پیا پیرو مرشد (حضرت سید شاہ مرتضیٰ قادریؒ) کی بہت مشابہت ہے اس لئے میں پابندی سے ان کے حلقۂ ذکر میں شریک ہوتا ہوں۔ حلقۂ ذکر سے فارغ ہونے کے بعد اپنی بڑی بہن یعنی اس خاکسار کی والدۂ مشفقہ سے ملاقات کے لئے آتے اور ناشتہ فرماتے۔ عموماً سارا دن بہن کے پاس گزارتے اور عصر کے کچھ دیر قبل یا بعدِ عصر واپس ہوتے۔ اس موقع پر ایک واقعہ یاد آگیا جس کو یہاں اس لئے بیان کر دینا چاہتا ہوں کہ دونوں بھائی اور بہن کی باہمی محبّت اور خلوص کا سب کو اندازہ ہو سکے۔ ایک دفعہ حسبِ معمول حلقۂ ذکر سے فارغ ہو کر آپ اپنی بہن کے گھر آئے تو ناشتہ تیار تھا لیکن آپ نفل روزہ سے تھے اس لئے بہن سے معذرت چاہی بہن نے کہا "بڑے میاں تم کو معلوم ہے کہ میں آج کے دن تمھارے ساتھ ناشتہ کرنے کے لئے منتظر رہتی ہوں آخر آج ہی روزہ رکھنے کی کیا ضرورت تھی خیر بے خیالی سے رکھ لیا ہے تو قضا کر لینا" اور پھر ماما کی جانب پلٹ کر کہا کہ صاحب کے ہاتھ پر پانی ڈالے۔ حضرت بے اختیار ہنس پڑے اور اپنا ہاتھ بڑھا دیا بہن کی دلجوئی کی خاطر روزہ توڑ دیا۔ واقعہ بظاہر معمولی معلوم ہوتا ہے لیکن غور کیجیے کہ آج اولاد بھی ماں باپ کی اس طرح خیال داری کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تا بہ دیگراں چہ رسد؟

آخر عمر میں وجع مفاصل نے بہت مجبور کر دیا تھا۔ نشست برخواست میں دشواری ہونے لگی تھی یہاں تک کہ رفع حاجت کے لئے پہیوں والی کرسی پر بیٹھ کر جایا کرتے تھے۔ نماز باجماعت کے لئے مکان سے مسجد تک کا فاصلہ طے کرنا دشوار تھا اس لئے درگاہِ شریف کی

مسجد سے متصلہ مکان کو تعمیر کر کے اس میں منتقل ہوئے۔ منتقلی کے قبل اپنی تمام جائداد اپنے ورثاء[ع] میں تقسیم فرما دی۔ اپنے لئے بجز اشیاء ما یحتاج، لباسِ پوشیدنی اور کتب خانے کے کچھ نہ رکھا۔

عدیلِ ہمت ساقی ست فطرتِ عرفی ۔۔۔ کہ حاتمِ دگران و گدائے خویشتن است

حوایج ضروری کی پابجائی کے بعد اگر کچھ رقم باقی رہ جاتی تو وہ بھی تقسیم میں آجاتی یا پھر کسی نیک کام میں لگا دیتے۔ اپنے اسلاف کے آثار کی نگہداشت کا بڑا خیال رکھتے چنانچہ اپنی نگرانی میں حضرت سید شاہ عبدالحی الدین قادریؒ اور حضرت سید شاہ درویش محی الدین قادریؒ و محل محترمہ حضرت سید شہ محی الدین ثانی قادریؒ کے مزارات موقوعہ لنگر حوض کاروان ساہو کی ترمیم کروائی۔ کرنول کو ہر سال اپنے جدِّ اعلیٰ کے عرس کے لئے پابندی سے جایا کرتے اور وہاں کچھ نہ کچھ خدمت کر کے واپس ہوتے۔ روضۂ منورہ کا باب الداخلہ، احاطہ کی دیوار، متصلہ مکان، نل۔ لائٹ۔ اور حنفی کی تعمیر اور درگاہِ شریف کا نقروی دروازہ یہ سب آپ کی یادگار ہیں۔ حضرت لاابالی قدس سرہ کے وصال کے دن عشاء کے بعد آپ کے مناقب اور حالات بیان فرماتے اور دوسرے دن زائرین اور وہاں کے لوگوں کو مدعو کرتے۔ اس بارے میں لا اسراف فی الخیر پر ان کا عمل تھا۔ زیارتِ حرمین کی چار دفعہ سعادت حاصل کی۔ پہلا حج ۱۳۵۱ھ میں دوسرا ۱۳۵۲ھ میں تیسرا ۱۳۵۴ھ میں اور چوتھا ۱۳۵۵ھ میں۔ فرماتے تھے کہ پیر و مرشد نے جب ہجرت فرمائی اور مدینہ منورہ پہونچے تو وہاں سے تحریر فرمایا تھا کہ میں نے جالی مبارک پکڑ کر دعا مانگی ہے کہ جب تک میری نسل باقی ہے میرے خاندان سے کوئی نہ کوئی یہاں کا زائر رہے یہ کہہ کر ارشاد فرماتے کہ

ع حضرت شاہ غلام محمد صاحبؒ ابن حضرت زرد علی شاہ صاحبؒ کی صاحبزادی حضرتہ سلطانی بیگم صاحبہ آپ کے حبالۂ عقد میں آئیں جن کے بطن سے سید شاہ عبداللطیف قادری۔ سید شاہ عبدالحی الدین قادری۔ سید شاہ محمد مرتضیٰ قادری۔ اُمتہ الفاطمہ عائشہ بیگم اور سید شاہ غلام قاسم قادری تولد ہوئے اور بفضلِ خدا یہ سب بقیدِ حیات ہیں۔

دُور سے سلام مسنون پر اکتفا فرماتے۔ طہارت کا اس درجہ خیال رکھتے کہ اگر احیاناً ہاتھ کسی سے مَس ہو جاتا تو اس کو پیٹرول سے صاف کر کے پھر صابن سے بار بار دھوتے الغرض مزاج میں حد درجہ نزاکت اور نفاست تھی۔ حضرت عارفؔ کی ملاقات کے لئے پیر صاحب تشریف لائے تو صاحبزادے کو بھی لیتے آئے اور راستے میں صاحبزادے کو تاکید فرماتے رہے کہ دیکھنا سلام پر اکتفا نہ کرنا ان سے مصافحہ بھی کرنا۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ حضرت پیر صاحبؒ کی نظر میں حضرت عارفؔ کی کیسی قدر و منزلت تھی۔

پہلی مرتبہ جب آپ بغداد شریف حاضر ہوئے تو وہاں سخت سردی پڑ رہی تھی۔ فجر کی نماز کے لئے کمرے سے باہر نکلنا محال تھا۔ کواڑ کھولتے ہی ایسا معلوم ہوتا کہ دشمن حملہ کر رہا ہے۔ سردی کی تیز لہر اندر گھس آتی اور سب کپکپانے لگتے۔ نوبت بایں جا رسید کہ ایک صاحب کو پیشاب کے لئے باہر جانے کی ہمت نہ ہوئی اور وہ بیٹھے بیٹھے اپنے کپڑوں میں فارغ ہو گئے۔ مگر واہ رے عزم و استقامت کہ باوجود کبر سنی اور شدید وجع مفاصل کے اس اللہ کے بندے کے پروگرام میں کوئی فرق نہ آیا۔ کہاں کی سردی کہاں کا بستر۔ وہاں تو تتجافی جُنوبہم عن المضاجع والا معاملہ تھا۔ ادھر فجر ہوئی اور اُدھر وہ بستر سے اُٹھ کھڑے ہوئے باوصف شدید سردی کے وضو کیا اور باب الشیخ پہونچ گئے۔ الاستقامۃ فوق الکرامۃ یہ نہیں تو پھر کیا ہے۔

زیارتِ حرمین ہو یا سفرِ عراق ان کی روانگی اور واپسی کا بھی عجیب انداز ہوتا تھا۔ روانگی تک ارادتمندوں قرابتداروں اور دیگر ملنے والوں کو چھوڑیئے خود گھر والوں کو یہ خبر نہ ہوتی کہ کس دن اور تاریخ روانگی ہو گی اگر کوئی جرأت کر کے پوچھ لیتا تو مسکراتے ہوئے فرماتے کہ "دیکھئے خدا کو کیا منظور ہے" بہرحال یکایک روانگی ہوتی اور اکثر

بے خبر رہ جاتے۔ اسی طرح واپسی کی تاریخ کا کسی کو علم نہ ہوتا۔ تشریف آوری کے بعد ہی پتہ چلتا کہ واپسی ہو چکی ہے۔ آج کل کے اعلانات، وداعی اور خیر مقدمی جلسوں، گل پوشیوں اور ضیافتوں کو دیکھو اور پھر اس سفر کو دیکھو جس میں ریا کا پتہ نہیں، نمود و نمائش کا شائبہ نہیں عبادت بس عبادت کے لئے ہو رہی ہے مخلصین لہ الدین حنفاء کی عملی تفسیر پیش کی جا رہی ہے ؎ یوں عبادت ہو تو زاہد ہیں عبادت کے مزے

رمضان کا مہینہ آتا تو عبادت کا ذوق و شوق اور بڑھ جاتا۔ عزم و استقامت کا رنگ نکھر آتا۔ ایسا معلوم ہوتا کہ قرآن کا جشن جوبلی ہو رہا ہے یا اس کی سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ شب و روز تلاوتِ قرآن، مسلسل کئی کئی ختم اور پھر تراویح میں روزانہ تین تین پاروں کی اور بعض اوقات پانچ پانچ پاروں کی بحالت قیام سماعت۔ خالی اوقات میں بیٹھ کر اٹھنا دشوار گھر ہی میں رفع حاجت کے لئے ٹھیل گاڑی کا استعمال لیکن نماز میں بالکل تندرست قیام بھی ہو رہا ہے قعود بھی۔ پھر پہلا عشرہ ختم نہ ہونے پاتا کہ دوسرے عشرہ کی فکر شروع ہو جاتی تلاش اس کی رہتی کہ کہاں تجوید اور ترتیل سے قرآن پڑھا جاتا ہے بمصداق ؎ ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں

اس بارے میں فاصلہ کی نزدیکی یا دوری یا مسجد کی سطح کی بلندی اور پستی کا کوئی سوال نہ ہوتا دور سے دور اور اونچی سی اونچی مسجد کے زینے طے کر جاتے۔

کثرتِ تلاوت کے باعث تقریباً قرآن حفظ ہو چکا تھا۔ کبھی ایسا نہ ہوا کہ حافظ سے سہو ہوا ہو اور آپ نے پیچھے سے رہبری نہ کی ہو۔ لیکن جس طرح چار حج کرنے کے بعد "الحاج" کا دُم چھلہ اپنے نام کے ساتھ نہیں لگایا، کبھی خود کو "قاری" لکھا نہ "حافظ" کے القاب استعمال کئے جائیں۔ وہ اس مقام استغنا پر فائز تھے جہاں پہنچے

کے بعد ان ساری چیزوں سے بے نیازی ہو جاتی ہے۔ ہاں انھیں ناز تھا تو بس اس پر تھا کہ
لوگ کہتے ہیں گدائے شاہِ جیلانیؓ مجھے

اِس نسبت اور اعلیٰ نسبی پر ان کی ذاتی وجاہت سُونے پر سہاگہ ہو گئی تھی۔ ارباب کشف اور صاحبانِ دل کا اس پر اتفاق تھا کہ یہ اپنے جدِ امجد حضور غوثِ اعظمؓ کے بالکل ہم شبیہہ تھے بجز اس کے کہ حضور نحیف البدن تھے اور یہ جسیم تھے۔

حضرت یٰسین میاں صاحبؒ ایک دفعہ راقم الحروف کے پاس تشریف لائے اور دعوت کا رقعہ دے کر خواہش کی کہ حضرت کو میں اپنے ساتھ لاؤں۔ ان سے مجھے پیشتر سے شناسائی نہ تھی میں نے کہا کہ آپ خود حضرت سے مل کر درخواست کریں جواباً انھوں نے کہا کہ میں حضرت عبد اللہ شاہ صاحبؒ کے پاس گیا تھا اور اُن سے یہ درخواست کی تھی انھوں نے کہا کہ حضرت آج کل وجع مفاصل کے باعث کسی دعوت میں شریک نہیں ہورہے ہیں اگر میں بھی اصرار کروں تو عُذرِ علالت فرمائیں گے محمود میاں کو حضرت کی مزاج میں بڑا دخل ہے ممکن ہے کہ وہ اصرار کریں تو حضرت رضامند ہو جائیں لہٰذا آپ محمود میاں کے پاس جائیں چنانچہ میں وہاں سے اُٹھ کر سیدھے آپ کے پاس آرہا ہوں۔ میں نے کہا کہ آخر آپ کو حضرت کی شرکت پر اس قدر کیوں اصرار ہے آج کل حضرت کے مرض میں بہت شدت ہے آپ اصرار نہ کریں تو مناسب ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ دراصل بات یہ ہے کہ حضرت حضور غوثِ پاکؓ کے بالکل ہم شبیہہ ہیں اور پھر حضور کی اولاد سے ہیں اس لئے میں ان کی شرکت کو حضور کی شرکت تصور کرتا ہوں ورنہ اصرار نہ کرتا۔

ایک دوسرا واقعہ سُنئے۔ دورانِ گفتگو میں ایک دفعہ حضرت وجودی شاہ صاحبؒ نے مجھ سے حضرت سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی اور ساتھ ہی یہ فرمایا کہ ملاقات ہو تو کیسی ہو ادھر میں

علیل ہوں اور اُدھر حضرت وجع مفاصل میں مبتلا ہیں۔ جب اس کا حال حضرت کو معلوم ہوا تو فرمایا میں نے شاہ صاحب کی نسبت سُنا ہے کہ یہ عاشقِ غوثؓ ہیں اور بہت سی خوبیوں کے حامل ہیں لہٰذا ہم خود ان سے ملنے کے لئے چلیں گے میں نے شاہ صاحب کے پاس اطلاع بھیج دی کہ کل حضرت تشریف لا رہے ہیں۔ الغرض دوسرے روز اپنی موٹر میں حضرت کو لے گیا۔ حضرت دیوان خانے کے ایک گوشہ میں بیٹھ گئے اور حضرت وجودی شاہ صاحب بھی آپ کے سامنے دوزانو بیٹھ گئے۔ اس کے بعد دونوں جانب خاموشی رہی۔ میں محوِ حیرت تھا کہ یا تو ملاقات کا اس قدر اشتیاق تھا اور اب ملاقات ہوئی تو سکوت طاری ہے۔ بہرحال کچھ دیر یہی حال رہا اور اس کے بعد سلسلہ کلام آغاز ہوا۔ اس واقعہ کے تقریباً ایک ہفتہ بعد حضرت شاہ صاحب کے پاس مجھے دوبارہ حاضری کا اتفاق ہوا۔ معلوم ہوا کہ چار پانچ روز تک ان پر عالمِ مستی و بیخودی طاری رہا۔ مجھ سے فرمانے لگے محمود میاں میں نے حضرت سے ملاقات کے قبل خواب میں حضورِ غوثِ پاک سلام اللہ علیہ سے مشرف ہوا تھا۔ آپ کے ماموں تشریف لائے تو دیکھا کہ ان کا چہرہ حضور کے چہرے کی مانند تاباں و درخشاں ہے اور دونوں میں کامل مشابہت ہے اور پھر یہ بھی اسی انداز سے اور اسی مقام پر بیٹھے جہاں میں نے خواب میں حضور کو تشریف فرما دیکھا تھا۔ بہرحال اس واقعہ کی وجہ سے میں بے قابو ہوگیا اور حضرت سے گفتگو کے قابل نہ رہا۔

کچھ دنوں کے بعد حضرت وجودی شاہ صاحبؒ بازدید کے لئے تشریف لائے تو بجائے حضرت سے دست بوسی کے دہلیز کو چوم لیا۔ الغرض شاہ صاحبؒ کو بارگاہِ غوثیت میں عجیب عقیدت و ارادت تھی۔ حضرتِ عارف سے جب وہ ملتے تھے تو ان کی نظروں میں کسی اور کا نقشہ ہوتا تھا سچ ہے طُرُقُ العشقِ کلّہا ادبٌ ؎

مشتق چو نیک در نگری عینِ مصدر است

کیں در صفاتِ ظاہر خود مضمر آمدہ

میں نے آپ کے سامنے دو پیرانِ طریقت کی شہادت اس لئے پیش کی ہے کہ آپ میرے بیان کو مبالغہ پر محمول نہ کریں۔

وَاِذَا لَمْ تَرَ الْھِلَالَ فَسَلِّمْ   لِاُنَاسٍ رَاَوْہُ بِالْاَبْصَارِ

حضرت کے معاصرین اکابرِ ملت آپ کا کس درجہ احترام کیا کرتے تھے واقعاتِ ذیل سے اس کا اظہار ہوگا۔

مکہ مسجد میں عروۃ الوثقیٰ کا جلسہ ہو رہا ہے۔ حضرت سید غلام غوث صاحب شطاریؒ کا وعظ ہو چکا ہے اب منبر پر شیخ الشیوخ حضرت سید محمد عمرؒ حسینی صاحب قادری وعظ فرما رہے ہیں۔ عین اس وقت حضرت عارف داخل ہوتے ہیں۔ شیخ الشیوخ کی حضرت پر نظر پڑتی ہے فوراً منبر سے یہ کہہ کر اتر جاتے ہیں کہ "حضرت آچکے ہیں مجھ سے کیا سنتے ہو دادا کا بیان پوتے سے سنو"۔

حضرت شیخ الشیوخ علیل ہیں حضرت عارف عیادت کے لئے جاتے ہیں مزاج پرسی کر کے واپس ہونے لگتے ہیں شیخ الشیوخ فرماتے ہیں کہ آج مجھ سے خلافِ عادت بات ہو رہی ہے میں ہمیشہ حضرت کو باہر تک آکر رخصت کیا کرتا تھا آج میں اس قابل نہیں کہ اٹھ سکوں اور پھر اپنے صاحبزادے کو طلب کر کے حکم دیتے ہیں کہ باہر تک حضرت کو لے جا کر رخصت کریں۔

حضرت مولوی عبد القدیر صدیقی حسرت سے کون واقف نہیں یہ ایک ہمہ گیر شخصیت کے حامل تھے، عالم بھی تھے صوفی بھی۔ سپاہی بھی اور فقیر بھی۔ ان سے خاکسار کو بھی شرفِ تلمذ حاصل ہے۔ ہر اتوار کو آپ کے پاس تفسیر کا درس ہوا کرتا تھا ایک دفعہ حضرت نے

مجھ سے دریافت کیا کہ کیا آپ مولانا کے پاس درس میں جایا کرتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ ایک عرصہ سے اتفاق نہیں ہوا۔ حضرت کے اس سوال سے منشاء معلوم ہوا کہ آپ شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں میں نے عرض کیا کہ اگر حضرت کا ارادہ ہے تو میں موٹر لے کر حاضر ہو جاؤں گا فرمائے اگر آپ جا رہے ہیں تو میں بھی آجاؤں گا چنانچہ دوسرے اتوار کو میرے ساتھ ملک پیٹھ تشریف لے گئے۔ درس شروع ہو چکا تھا ہال میں لوگ بھرے ہوئے تھے اس لئے حضرت آخری دروازے سے داخل ہو کر ایک گوشہ میں خاموش بیٹھ گئے۔ حبیب علی صاحبؒ خلیفۂ حضرت حسرتؔ کی نظر پڑ گئی۔ انھوں نے اپنے مرشد سے عرض کیا کہ حضرت تشریف لائے ہیں۔ یہ سننا تھا کہ حضرت حسرتؔ نے کہا کہ مجھے اٹھاؤ چنانچہ بغلوں میں ہاتھ دے کر اٹھایا گیا حضرت کی طرف مخاطب ہو کر سلام کیا اور فرمایا ادھر تشریف لائیے غرض ان کے اصرار پر حضرت اپنے مقام سے اُٹھے اور مولانائے محترم کے پاس جا بیٹھے۔ مولانا نے فرمایا کہ آج شب میں میرے گھر میں آپ کے جدِّ پاک کی مجلس ہے آپ تشریف لائیے میرے لئے ڈبل عید ہوگی اس کے بعد پوچھا "کیا حکم ہوتا ہے" حضرت نے فرمایا "بسم اللہ" چنانچہ سلسلۂ درس جو منقطع ہو چکا تھا پھر آغاز ہوا جو کچھ دیر بعد ختم ہوا۔ اس کے بعد مولانا نے صاحبزادے سے کہا کہ حضرت کو میرا حالیہ کلام سناؤ۔ صاحبزادے ترنّم سے سنانے لگے۔ حضرت عارفؔ بیحد محظوظ ہوئے اور جب تک یہ سلسلہ جاری رہا دونوں حضرات کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے ختم مجلس پر جب حضرت اُٹھے تو فرمایا "ہم آپ کے سماع قادریہ سے بہت محظوظ ہوئے" سچ ہے کہ جس طرح روئے دل آرام کے لئے حاجتِ مشاطہ نہیں اسی طرح کسی اچھے کلام کے اثر انداز ہونے کے لئے مزامیر لازمی نہیں بقول حضرت جلیلؔ ؎

مزے سے کوئی درد خالی نہیں — مگر اپنے دل میں مزہ چاہئے

سید جلال الدین صاحب قادری نائب ناظم جنگلات کے بنگلہ "نفیس گلشن" واقع

سوماجی گوڑہ میں محفلِ میلاد ہو رہی ہے۔ علماء مشائخین اور عہدہ دار سب جمع ہیں۔ حضرت بھی تشریف فرما ہیں۔ منقبت ہو رہی ہے۔ یکایک شیخ الاسلام حضرت سیّد محمد بادشاہ حسینی صاحب پر رقت طاری ہوتی ہے۔ اپنے مقام سے اُٹھتے ہیں اور حضرت سے آکر لپٹ جاتے اور رونے لگتے ہیں پھر عالمِ مستی میں اپنے سر سے عمامہ اُتارتے ہیں اور حضرت کے فرقِ مبارک پر سے وار کر منقبت خواں کی طرف پھینکتے اور پھر حضرت سے لپٹ کر رونے لگتے ہیں اور نذر گزرانتے ہیں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مئے محبّت سے سرشار ہیں۔ ان کا وجد و حال زبانِ حال سے کہہ رہا تھا کہ ؎

این خرقہ کی می پوشم در رہن شراب اولے
این دفترِ بے معنے غرقِ مئے ناب اولے

یا بقولِ حضرتِ جگر ؎
از خرقہ و عمامہ من ہیچ نمی دانم
گہ گہ مگر این ساماں در رہن شراب اولے

سیّد ہدایت محی الدین صاحب فدائی موظف ناظم دارالقضاء اور سجّادہ درگاہ حضرت معروف شاہ کا انتقال ہو چکا ہے۔ جانشینی کا مسئلہ پیش ہے۔ بھتیجے نامزد ہوتے ہیں اور یہ حضرت ابو النصر حموی کی خدمت میں جو اُس وقت شمس آباد میں قیام پذیر تھے حاضر ہو کر درخواست کرتے ہیں کہ تشریف لا کر انھیں خرقہ خلافت پہنائیں اور جانشینی کا اعلان کریں۔ حضرت ابو النصر صاحب اُن کو حضرت کے پاس روانہ کرتے ہیں اور حضرت دوبارہ ان کو حضرت ابو النصر صاحب کی خدمت میں بھیجتے ہیں کہ وہی یہ کام انجام دیں۔ مکرّر حضرت ابو النصر صاحب ان کو اس پیام کے ساتھ حضرت کے پاس بھیجتے ہیں کہ آپ اس کے زیادہ احق ہیں اور جب حضرت نے زیادہ اصرار کیا تو فرمایا "آپ کا ہاتھ میرا ہاتھ ہے۔" بالآخر حضرت عارف نے ہی خلافت دی اور جانشینی کا اعلان کیا۔

حضرت کے وصال کے بعد اکابرینِ ملّت نے جو تاثرات ظاہر کئے ان سے بھی قارئین کو اندازہ ہوگا کہ ان کے دلوں میں آپ کی کس قدر عظمت تھی۔ الغرض اعلیٰ نسبی، شخصی وجاہت، علم و فضل زہد و تقویٰ اور سب سے زیادہ اپنے جدِ پاک سے ان کی خاص نسبت نے ان کو اپنے اقران و معاصرین میں ممتاز کردیا تھا۔ اس نسبت کے بل بوتے پر وہ بڑی سی بڑی قوت سے ٹکرا جاتے تھے اور اس میں نفع یا نقصان مقبولیت یا غیر مقبولیت کی قطعاً پروانہ کرتے تھے۔ بارہا یہ کہتے ہوئے ان کو سُنا گیا کہ ؎

فاش می گویم واز گفتهٔ خود دل شادم　　بندهٔ عشقم واز ہر دو جہاں آزادم

جس وقت وہ اشعار ذیل ایک مستی کے عالم میں پڑھتے تھے تو سُننے والوں پر بھی ایک عجیب حالت بے خودی طاری ہوجاتی تھی۔ اپنے جدِ پاک سے مخاطب ہو کر عرض کرتے کہ ؎

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا　　شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کُتا تیرا
تجھ سے در۔ در سے سگ اور سگ سے ہے مجھ کو نسبت　　میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا
اس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے　　حشر تک میرے گلے میں رہے پٹّا تیرا
میری نسبت کی قسم کھائیں سگانِ بغداد　　ہند میں بھی ہوں تو دیتا رہوں پہرا تیرا

اُمورِ دینی میں وہ ہمیشہ حق کا ساتھ دیتے تھے مُداہنت مُروّت، دلجوئی اور رعایت کی ان کے مشرب میں گنجائش نہ تھی۔ جب کوئی فتویٰ دیتے تو احتیاط کا پہلو پیشِ نظر رکھتے جو فتویٰ ہوتا "اقرب للتقویٰ" ہوتا۔ مُشتے نمونہ از خروارے چند مثالیں ملاحظہ فرمائیے۔

صدقۂ فطر کے سلسلہ میں یہ سوال اُٹھا کہ "صاع" اور "مُد" کی ہم وزن مقدار موجودہ اوزان میں کیا ہوسکتی ہے اور کس قدر فطرہ دیا جانا چاہئے۔ صدارت العالیہ کی

جانب سے سوا سیر گیہوں مقدارِ فطرہ بتائی گئی تو سخت اختلاف رُونما ہوا۔ آپ نے دلائل فقہی اور احادیث سے سوا دو سیر گیہوں مقدارِ فطرہ قرار دی اور اس مُد کا حوالہ دیا جو راقم الحروف کے جدِ اعلیٰ کے پاس اباً عن جد آیا تھا اور جس پر اسناد درج ہیں۔ مولانا حُسام الدین فاضل ؒ فرماتے تھے کہ سوا سیر فتویٰ ہے اور سوا دو سیر تقویٰ۔ سوا سیر میں سوا دو سیر شامل نہیں لیکن سوا دو سیر میں سوا سیر شامل ہے لہذا سوا دو سیر فطرہ دینا تقویٰ اور اقویٰ ہے۔

اسی طرح ریڈیو سے رُویتِ ہلال کی اطلاع کا مسئلہ مابہ النزاع بن گیا تھا۔ بعض کی رائے تھی کہ کیوں جدید ذرائع سے کام نہ لیا جائے ریڈیو سے کسی مقام پر رُویت ہونے کی اطلاع مل جائے تو ختم ماہِ صیام کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ حضرت اس رائے کے مؤید نہ تھے ریڈیو کی اطلاع آپ کے پاس "الخبر یحتمل الصدق والکذب" سے مستثنےٰ نہ تھی شرعاً عینی شاہد کا عاقل بالغ اور معتبر ہونا ضروری ہے ان شرائط کی ریڈیو کی اطلاع سے تکمیل نہیں ہوتی اس لئے بریں آپ نے بعض اہم خبروں کو جو ریڈیو سے نشر کی گئیں تھیں لیکن جن کی بعد میں تردید کی گئی تھی جمع کر کے استدلال فرمایا کہ اگر اسی طرح رویت کی اطلاع پر عمل کیا جائے اور بعد میں یہ پتہ چلے کہ اطلاع غلط ملی تھی تو اس سے ایک طرف ایک دن کا روزہ جاتا رہے گا اور دوسری طرف عید کی نماز ماہِ صیام کے آخری دن پڑھنے سے ادا نہ ہوگی۔ یہ دُور اندیشی بہت جلد صحیح ثابت ہوئی غالباً ۱۹۵۰ء کا ذکر ہے کہ ۲۹ رمضان کو ریڈیو کی اطلاع پر کہ شمالی ہند کے کسی مقام پر چاند نظر آیا حیدرآباد میں منجانب رویتِ ہلال کمیٹی رُویت کا اعلان کر دیا گیا حالانکہ حیدرآباد اور اس کے اضلاع میں رؤیت نہیں ہوئی تھی۔ اس اعلان سے عجیب انتشار پیدا ہو گیا۔ بعضوں نے روزہ توڑ دیا اور عید کر لی اور کہا کہ ؎

ہے رُویت ہلال کمیٹی کا فیصلہ   اب چاہے چاند ہو کہ ہو عید ہوگئی

اور بعضوں نے اپنا روزہ پورا کیا اور دوسرے دن نماز عید پڑھی۔

سال گزشتہ بھی یہی صورت پیش آئی۔ بعض جماعتوں کے کارکنوں نے مختلف محلوں میں گشت لگاکر ریڈیو کی اطلاع پر کہ کسی مقام پر ۲۹ کو رویت ہوئی کئی لوگوں کا روزہ تڑوادیا لیکن بعد میں توثیق ہوئی کہ رویت نہیں ہوئی جن لوگوں نے احتیاطاً روزہ نہ توڑا تھا ان کا روزہ پورا ہوا اور جنھوں نے توڑا تھا وہ کفِ افسوس ملنے لگے۔

اس سال جبکہ یہ مضمون اشاعت کے لئے بھیج رہا تھا اننت پور میں یہی صورت پیش آئی ریڈیو کی اس اطلاع پر کہ کشمیر میں چاند نظر آیا۔ ۳۰ ر رمضان کو قدیم بستی میں عید کی نماز پڑھی گئی۔ نئی آبادی کے لوگوں نے اس اطلاع پر اعتماد نہیں کیا۔ ۳۰ ر کو انھوں نے روزہ رکھا اور حیدرآباد میں بھی یہی عمل ہوا۔

ریڈیو کی اطلاع پر عمل کرنے کے نتایج آپ کے سامنے ہیں اس سے افتراق پیدا ہورہا ہے یا اتحاد غور کرلیا جاسکتا ہے۔ مسئلہ صاف سیدھا تھا کہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر ختم کرو۔ کسی دُور دراز مقام کا مطلع اور ہمارا مطلع ایک نہیں ہوسکتا۔ اگر کسی ملک میں رُویت ہوجائے تو یہ ضروری نہیں کہ ہم بھی رویت کا اعلان کردیں گو ہمارے علاقہ میں باوجود مطلع صاف ہونے کے رویت نہ ہوئی ہو لیکن ہماری تجدّد پسندی نے اس سیدھے سادھے مسئلہ کو اُلجھا دیا جس کا انجام یہ ہوا کہ ملّتِ اسلامیہ دو جماعتوں میں منقسم ہوگئی اور اتحاد کا شیرازہ بکھر گیا۔ سہولت پسندی مقصود تھی دشواری کا سامنا ہوگیا۔

اسی طرح نماز میں آلۂ مکبّر الصّوت کے استعمال کا مسئلہ باعثِ تفریق بنا ہوا ہے۔ اس کی ابتدا اس وقت ہوئی جبکہ رمضان ۱۳۷۸ھ میں مکہ مسجد میں نماز جمعہ کے اندر میکروفون کے استعمال کی کوشش کی گئی جو ناکام ہوئی حضرت کو جب اس کی اطلاع ملی تو تمام علماء کے

تمام اس مسئلہ پر تبادلۂ خیال کے لئے دعوت نامے جاری فرمائے چنانچہ ۱۲ر رمضان ۳۷ھ کو آپ کے دولت خانے پر علماء کا اجتماع ہوا اور کامل چار گھنٹے کی بحث وتحقیق کے بعد بالاتفاق یہ تصفیہ ہوا کہ آلۂ مکبر الصوت خطبہ کی حد تک استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن نماز کے اندر غیر صحیح اور ناجائز ہے ان دلایل اور براہین کو مولانا سید حبیب اللہ قادری عرف رشید بادشاہ صاحب کامل الحدیث وصدر المصححین دائرۃ المعارف نے ایک رسالہ کی شکل میں جمع کر کے طبع کرائیں اور اس پر حیدرآباد کے تقریباً سب علماء کی دستخط موجود ہے۔ اس رسالہ میں مولوی سید عبدالرحمن صاحب مرحوم اور مولوی ذکی الدین صاحب سابق ریڈر سس طبیعات جامعہ عثمانیہ کی تحقیقاتی رپورٹ کا بھی حوالہ ہے کہ میکروفون کی آواز اور متکلم وامام کی آواز دونوں عین نہیں ہیں۔ نیز حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کا فتوی بھی درج ہے کہ اس آلہ کو داخل مسجد کرنا احترام مسجد کے خلاف اور اس کے استعمال میں مجالس غیر مشروعہ کے ساتھ تشبہ ہے اور یہ کہ تبلیغ صوت سامعین بعید تک شرعاً غیر ضروری ہے۔ مولانا عبدالماجد دریا بادی کا فتوی بھی جنھیں علم دین میں ایک خاص بصیرت حاصل ہے بحوالۂ صدق جو رہنمائے دکن مورخہ ۵ر اپریل ۱۹۵۹ء میں شائع کیا گیا تھا نقل کیا گیا ہے جس میں صاحبِ موصوف نے تحریر فرمایا تھا کہ "اہلِ تحقیق کا فیصلہ ہے کہ جو عبادتیں متعین ومنصوص ہیں ان میں صرف مغز وروح ہی نہیں بلکہ ان کی مخصوص وضع وہیئت وصورت بھی مطلوب ہے جس میں نہ کمی ہو سکتی ہے نہ زیادتی نماز بھی عبادت منصوص ہے۔ اس کی تکبیرات قرأت وغیرہ ہیں پھر امام ونائب امام یا شریک جماعت کے کسی انسان کی بھی مداخلت خارج سے قبول نہیں چہ جائیکہ کسی مادی آلہ کی! پھر ان برقی آلات ریڈیو وغیرہ سے جو آواز نکلتی ہے وہ بجنسہ انسانی آواز ہوتی بھی تو نہیں۔ آواز نام ہے تموج ہوائی کا اور ان آلات کے سامنے بولنے والے کی آواز معاً تبدیل ہو جاتی ہے گویا اصل آواز کو قلب ماہیت کی دو منزلوں سے گزرنا پڑ

ہے اس لئے وہ آواز آواز کے حکم میں نہیں بلکہ گونج (صدائے بازگشت) کے حکم میں داخل ہوجاتی ہے پس ان حالات میں نماز کے اندر اس آلہ کا استعمال کسی طرح جائز نہیں"۔

عوام ان باریک نکات کو کیا جانیں وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ علماء قدامت پسند لکیر کے فقیر ہیں یہ ہر جدید چیز کے استعمال سے روکتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اہلِ تحقیق کی آواز نقار خانے میں طوطی کے بول کے مانند ہوجاتی ہے اور وہ چیز رائج ہوجاتی ہے جو پسند عوام ہوتی ہے۔

حضرت عارفؔ کا وجود اس قسم کے مطالبات کی تکمیل میں بڑی حد تک حایل تھا ان کے پیش کردہ دلایل اور ان کی شخصیت نے علماء اور عوام کے ایک بڑے طبقہ کو ان کی اصابت رائے تسلیم کرنے پر مجبور کردیا تھا۔ لیکن ان کے وصال کے بعد ہی اس تصفیہ شدہ مسئلہ کو پھر تازہ کیا گیا۔ عیدگاہ میں آلۂ مکبر الصوت سے نماز عید ہونے کی جب افواہیں پھیلنی شروع ہوئیں تو سابقہ فیصلہ کا حوالہ دیتے ہوئے عیدگاہ میں ایک جماعت کی جانب سے پمفلٹ تقسیم کئے گئے اور اپیل کی گئی کہ نماز میں آلۂ مکبر الصوت کا استعمال نہ کیا جائے لیکن نہ اب حضرت عارفؔ تھے اور نہ وہ خطیب تھے جنہیں ملازمت سے سبکدوشی گوارا تھی لیکن آلۂ مکبر الصوت سے نماز پڑھانا گوارا نہ تھا۔ جو لوگ اس کے خلاف تھے وہ بھی "فلیغیرہٗ بیدہٖ" نہیں بلکہ " ومن لم یستطع فبقلبہٖ" کے گروہ سے تعلق رکھتے تھے اور انھوں نے خیریت اسی میں دیکھی کہ محلہ کی مساجد میں نماز عید ادا کرکے اپنی نماز کی حفاظت کرلیں چنانچہ حضرت علامہ ابوالوفا نے بھی جو پابندی سے عیدگاہ تشریف لایا کرتے تھے عیدگاہ میں نماز عید ترک کردی جب یہ صورتِ حال پیش آئی تو یہ طے کیا گیا کہ مکہ مسجد کی حد تک نماز میں مکبر الصوت کا استعمال نہ ہوگا تاکہ وہ لوگ جو اس کو نماز میں خلل انداز سمجھتے ہیں کثیر جماعت کے ثواب سے محروم نہ ہوں اور وہاں نماز پڑھ لیں۔

تھوڑی دیر کے لئے اس مسئلہ کی باریکیوں کو چھوڑیئے اور ایک دوسرے نقطۂ نظر سے غور کیجئے کہ اِستَفتِ قلبک ولو افتاک المفتون کی خود شارع نے اجازت دی ہے۔

عبادت کی روح خشوع خضوع ہے۔ اگر نماز صورت وشکل کے اعتبار سے نماز ہو لیکن اس میں خشوع وخضوع نہ ہو تو وہ ایک جسدِ بے رُوح ہے۔ میکروفون جب امام کے سامنے ہوتا ہے تو وہ اس کی توجہ کا مرکز بن جاتا ہے اور مقتدیوں کی بھی توجہ اسی جانب ہو جاتی ہے وقوموا للہ قانتین کی کیفیت پیدا ہونی نہیں پاتی اسی وجہ سے مساجد کی زینت وآرائش پر باہمی فخر ومباہات کو حضورِ اکرم نے آثارِ قیامت میں شمار فرمایا تھا۔ حضرت ابنِ عمرؓ کے حالات میں مرقوم ہے کہ کان ابن عمر لا یدع موضع الصلاۃ مصحف ولا سیف الا نزعہ ولا کتاباً الا محاہٗ کہ نماز کی جگہ اگر مصحف یا تلوار یا کوئی تحریر ہوتی تو اس کو ہٹا دیتے۔ اسی بنا پر فقہا نے محراب مسجد اور قبلہ رُو دیوار پر نقش ونگار کو مکروہ بتایا اور یہ توجیہ کی کہ اس سے مُصلّی کا دل مشغول ہو جاتا ہے۔ آپ مکبر الصوت لگا کر نماز پڑھیئے اور خود ہی اندازہ لگائیے کہ آپ کے خشوع وخضوع کا کیا حال ہے۔ اگر آپ نماز کو صرف قواعد پریڈ کا درجہ دینا چاہتے ہیں تو پھر کچھ کہنا نہیں ہے لیکن اگر آپ وہ نماز چاہتے ہیں جس کو "معراج المومنین" کہا گیا ہے تو پھر اس "مزمار الشیطان" کو نکال پھینکنا ہوگا۔

آلۂ مکبر الصوت کی طرح حضرت عارف "سماع بالمزامیر" کے بھی مخالف تھے۔ ابتدا آپ "عیسیٰ بدین خود وموسیٰ بدین خود" پر کاربند رہے کہ "وللناس فیما یعشقون مذاہب"۔ ایک دفعہ اس بارے میں گفتگو آئی تو ارشاد فرمایا کہ پہلے سماع کا اتنا زور وشور نہ تھا جو اب نظر آتا ہے اور پھر اُسی زمانے میں باوجود اختلاف رائے کے ایک دوسرے کے مشرب کا بہت پاس ولحاظ کیا جاتا تھا۔ چنانچہ جب حضرت شاہ خاموشؒ کے عرس میں حضرت قبلہ تشریف لے جاتے تو وہ درگاہ میں فاتحہ کے لئے چلے جاتے جبکہ [illegible] مجلسِ سماع گرم رہتی۔ آپ کا خادم خیرالدین جا کر حضرت

سید محمد شاہ صاحبؒ کو آپ کی تشریف آوری کی اطلاع دیتا حضرت موصوف فوراً مجلس سماع سے اُٹھ جاتے۔ حضرت قبلہ سے آکر ملاقات کرتے اور پھر تناولِ طعام کے لئے ساتھ لے جاتے اور واپسی تک آپ ہی کے ساتھ رہتے۔ یہ واقعہ بیان کر کے حضرت عارف نے مزید فرمایا کہ بزرگوں کا یہی عمل تھا چنانچہ جب حضرت امام شافعیؒ حضرت امام اعظمؒ کی مزار پہ گئے تو وضو اور نماز دونوں میں حضرت امام اعظمؒ کا طریقہ اختیار کیا اور جب پوچھا گیا تو فرمایا تعظیماً لصاحب ھٰذا القبر لیکن اب اس کے برخلاف ہو رہا ہے اور اب تو سلسلۂ قادریہ سے نسبت رکھنے والے بھی محض رونق مجلس اور شہرت عام کی خاطر اپنے مشرب کے خلاف ڈھول پیٹ رہے ہیں۔
مجلس قادری کی جب بنا پڑی تھی تو یہ طے ہوا تھا کہ اس مجلس میں مزامیر کا استعمال نہ ہوگا چنانچہ اس کے دستور العمل کی دفعہ ۱۱ میں اس کی صراحت کر دی گئی تھی لیکن اس سے بچنے کے لئے بعض نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ عصر سے مغرب تک نعت و منقبت کا سلسلہ رکھتے اور مغرب کے بعد سماع بالمزامیر کا لطف اُٹھاتے۔ پوچھا جاتا تو یہ کہہ دیتے کہ اس مجلس سماع کا تعلق مجلس قادری سے نہیں ہے یہ بھی ہونے لگا کہ باہر سے کوئی صاحبزادے تشریف لاتے تو ان کو مجلس سماع میں مدعو کیا جاتا تاکہ ان کی شرکت سے عوام پر یہ تاثر قایم کیا جائے کہ اگر یہ چیز ناجائز ہوتی تو یہ مجلسِ سماع میں شریک نہ ہوتے چنانچہ نقیب الاشراف حماہ حضرت سید محمد مرتضیٰ جیلانی۔ حضرت سید علاء الدین جیلانی اور حضرت سید نجم الدین جیلانی کی تشریف آوری کے مواقع پر یہی عمل ہوا۔
بات بڑھتے بڑھتے یہاں تک پہونچی کہ اباحت سماع سے متعلق جو مضامین شائع ہوئے ان میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ سماع بالمزامیر کو نعوذ باللہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ کے صحابہؓ، حضرت امام اعظمؒ اور سید العارفین حضرت غوث اعظمؓ نے سماعت فرمایا تھا حاکش بدہن۔ ایک مضمون نگار نے یہاں تک لکھ دیا کہ گھر میں

ستار سارنگ طبلہ وغیرہ رکھنا سنّت عائشہؓ ہے اور پھر چونکہ "غنیۃ الطالبین" میں حضور غوثیت مآبؓ کا یہ کھلا فتویٰ موجود ہے کہ

"ویستحب الاجابۃ الی ولیمۃ العرس ھذا الّذی ذکرنا اذا کان خالیاً عن المنکر فان حضرۃ منکر کالطبل والمزمار والعود والنّای والتشریق والتبابۃ والرّباب والمغانی والطنابیر والجعرات الّذی یلعب بھا الترک لا یجلس ھناک لانّ جمیع ذالک محرّم وامّا الدّف فیجوز استعمالہٗ فی النکاح"

جس کا حوالہ دیتے ہوئے حکیم الاُمّت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے رسالہ "حق السماع" میں حرمت بالمزامیر کا فتویٰ دیا ہے تو کہا جانے لگا کہ غنیۃ الطالبین حضور کی تصنیف ہی نہیں ہے بلکہ کسی اور کی تصنیف ہے جو حضور سے منسوب کردی گئی ہے۔ بعض لوگ جن سے اتنی جسارت نہ ہو سکی وہ عبارت صدر کی یہ تاویل کرنے لگے کہ مزامیر کے ساتھ حضرت نے ان اشعار کو منع فرمایا ہے جو حمد و نعت سے خالی اور فحش مضامین پر مشتمل ہوں اگر حمد و نعت کے اشعار مزامیر کے ساتھ سُنائے جائیں تو قباحت نہیں ہے لیکن اس تاویل کے وقت اُنھیں یہ خیال نہ رہا کہ حضور نے آگے یہ وضاحت فرمادی ہے کہ

فما کان منھا من انشاء الاشعار المُتّعربۃ من الملاھی علیٰ ضربین مباح ومحظور فالمباح مالا سخف فیہ والمحظور ماکان فیہ سخف فامّا ماینقسم الی الملاھی محظور سواء خلا من السخف او قارن السخف الّا انہ اذا قارنہ سخف حصل الحظر لعلّتین۔ یعنے وہ اشعار جو بلا مزامیر پڑھے جائیں ان کے دو قسم ہیں (۱) مباح (۲) ممنوع۔ ان اشعار کا پڑھنا مباح ہے جو سُبکی اور کم ظرفی و بے عقلی سے خالی ہوں یعنے بیہودہ اشعار نہ ہوں لیکن ان اشعار کا پڑھنا ممنوع ہے جن میں سُبکی کم ظرفی و بے عقلی ہو یعنے بیہودہ اشعار ہوں لیکن وہ اشعار جن کے ساتھ ساز ہو تو وہ ممنوع ہیں ان اشعار میں بیہودگی ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ جب مزامیر

کے ساتھ بیہودہ اشعار ہوں تو ان کی ممانعت دو علتوں کی وجہ سے ہو گی ایک علت اشعار کی بیہودگی اور دوسری مزامیر۔

سماع بالمزامیر کی اباحت کے ثبوت میں بعض نے یہ بھی جسارت کی کہ ایک قصہ گھڑ دیا، کہ حضرت خواجہ اعظم سید معین الدین چشتیؒ کی خاطر حضور غوثِ اعظمؓ نے مجلسِ سماع منعقد فرمائی تھی اور عوارف المعارف کا حوالہ دے دیا جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کی تصنیف منیف ہے۔ مولانا سید عبد الکریم بغدادی نے بھی حضور غوثِ پاکؓ کی جو سیرت لکھی اس میں بحوالہ عوارف المعارف یہ واقعہ تحریر کیا ہے۔ وہ مجھ سے بیان کرتے تھے کہ دراصل انہوں نے کسی رسالہ میں بحوالۂ عوارف المعارف یہ روایت دیکھی تھی۔ الغرض ایک دفعہ وہ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت نے عوارف المعارف پیش کر کے ان سے اس واقعہ کی نشاندہی کے لئے کہا باوصف تلاش کے یہ روایت نہ مل سکی اس کے برخلاف اس حضرت شیخ نے یہ روایت تحریر فرمائی ہے کہ

عن الحسن انه قال لیس الدف عن سنّة المسلمین والذی نقل عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم انه سمع الشعر لا یدّل علی اباحة الغناء فانّ الشعر کلامٌ منظوم وغیرہٗ کلامٌ منثور فحسنه حسنٌ وقبیحهٗ قبیح وانّما یصیر غناء الالحان حضرت حسن فرماتے ہیں کہ دف مسلمانوں کی سُنّت نہیں اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ حضور اکرمؐ نے اشعار سماعت فرمایا تو اس سے غنا کی اباحت نہیں نکلتی۔

آگے چل کر حضرت شیخ تحریر فرماتے ہیں کہ

اِن اَنصف المنصِف وتفکّر فی اجتماع اهل الزمان وقعود المغنّی بدفه والمشبّب بشبابته وتصوّر فی نفسه هل وقع مثل اهل الجلوس الهیئة بحضرت رسول اللّٰہ وهل استحضر واقوالاً وقعدوا مجتمعین لاستماعه لا شك بانّهٗ ینکر من حال رسول اللّٰہ واصحابه ولو کان فی ذالك فضیلة

نطلب ما اھملوھا فمن یشیر بانّہ فضیلۃ تطلب یجتمع لھا لم یحظ بذوق معرفۃ احوال رسول اللہ واصحابہ والتابعین واستروح فی استحسان بعض المتاخرین وکثیرا ما یغلط النّاس فی ھذا وکلما احتج علیھم بالسلف الماضین یحتجون بالمتاخرین وکان السلف اقرب الی عھد رسول اللہ و ھدیھم اشبہ بھدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

یعنے اگر کوئی انصاف کرنے والا انصاف کرے اور اس زمانے کے لوگوں کے اجتماع پر غور کرے کہ جس طرح گانے والا اپنے دف کے ساتھ اور نے نواز اپنی نے کے ساتھ بیٹھتا ہے کیا اس ہیئت کے ساتھ کبھی آنحضرتؐ کے سامنے بیٹھا گیا اور کیا صحابہ نے قوالوں کو بلاکر اس قسم کے جلسہ منعقد کئے تو وہ اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ نہ حضورؐ نے ایسا کیا نہ صحابہ نے اور اگر اس میں کچھ فضیلت ہوتی تو وہ اس کو کبھی نہ چھوڑتے لہذا اب جو کوئی کہتا ہے کہ یہ بڑی فضیلت کی بات ہے تو یہ کہنا ہوگا کہ اس شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ اور تابعین کے احوال کی معرفت اور ذوق سے حصہ نہیں ملا۔ اور یہ جو لوگ متاخرین کے عمل کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں تو انھیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ سلف کا زمانہ آنحضرت سے بہت قریب تھا اور ان کا طریقہ آنحضرتؐ کے طریقہ سے زیادہ مشابہ تھا لہذا متاخرین کے عمل کو بطور حجت پیش کرنا غلطی ہے۔" آپ نے دیکھ لیا کہ کس طرح حضرت شیخ نے مسئلہ کے تار پود بکھیر کر رکھ دیئے ہیں جس سے حضورِ اکرمؐ اور آپ کے صحابہ وتابعین کے سماع بالمزامیر سُننے کا دعوی باد رہوا جاتا ہے۔ اب رہی وہ روایات جن میں بعض بزرگوں کا سماع سُننا مذکور ہے تو ان کی نسبت حضرت عارف کا کہنا تھا کہ یا تو وہ سماع بلا مزامیر سنتے تھے یا پھر مغلوب الحال تھے ان دونوں صورتوں سے سماع کا جواز نہیں نکلتا اس خصوص میں وہ اخبار الاخیار صٓ ۹۲ کا حوالہ دیا کرتے تھے جس میں تحریر ہے کہ ؎ روزے از مریدان شیخ نظام الدین اولیا مجلسے داشتند واز دف زناں سرودے شنیدند۔ شیخ نصیر الدین محمود

در مجلس بود برخاست تا بر آید یاراں تکلیف نشستن کردند۔ گفت خلاف سنت است گفتند از سماع منکر شدی و از مشرب پیر بر گشتی۔ گفت حجت نمی شود دلیل از کتاب وحدیث می باید۔ بعضے از عرض گویاں ایں سخن بخدمت شیخ رسانیدند کہ شیخ محمود چنیں گوید۔ شیخ را صدق معاملہ او معلوم بود فرمود راست می گوید حق آنست کہ او میگوید

یہ شیخ نصیر الدین محمود حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کے پیر طریقت تھے۔ حضرت سید شاہ راجو قتال حسینیؒ بھی جو حضرت خواجہؒ دکن کے پدر بزرگوار تھے یہی مشرب رکھتے تھے چنانچہ اپنے صاحبزادے کے لئے انھوں نے جو کتاب تحفۃ النصائح تحریر فرمائی ہے اس میں اُن کی یہ نصیحت ملتی ہے کہ ؎

مطلق بداں حُرمت غنا مشنو ملاہی ہیچ گہ — طنبور و بربط چنگ و نے جملہ حرام ست در خبر

در طبل ہم حرمت بداں الّا کہ طبل غازیاں — دف ہم مزن در ہیچ جا جُز در عروسی اے پسر

فوائد الفواد میں ہے کہ "حضرت سلطان المشائخ فرمودند کہ چند چیز موجود شود سماع آں گاہ شنود و آں چیست مسمع است و مسموع و مستمع و آلۂ سماع است فرمودند مسمع گوینده است و فرمودند کہ مرد تمام باشد کودک و عورت نباشد مسموع آنچہ میگوید باید کہ ہزل و فحش نباشد امّا مستمع آنکہ می شنود باید کہ بحق شنود و مملو باشد از یادِ حق امّا آلۂ سماع و آں مزامیر ست چوں چنگ و رباب و مثل آں باید کہ درمیاں نباشد ایں چنیں سماع حلال باشد۔

حضرت خواجہ گیسو درازؒ کے صندل کے روز جو بند سماع ہوتا ہے اس سے اس سماع کی ایک جھلک نظر آتی ہے جو سلسلۂ چشتیہ کے شیوخ سُنا کرتے تھے اور اس سے ان کے سماع بالمزامیر سُننے کی الزام تراشی کی تردید ہو جاتی ہے۔

بہر حال جب پانی سر سے اونچا ہو گیا قرآن خوانی کی مجلسیں سُنسان اور ویران اور سماع کی مجلسیں بارونق ہو گئیں اور پھر بزرگوں کے اسماء جواز سماع کے لئے لئے جانے

لگے تو آپ سے ضبط نہ ہو سکا چنانچہ ایک تحقیقاتی مقالہ اس موضوع پر قلمبند فر
شایع کیا۔ بعض لوگ یہ کہہ کر پہلو تہی کر جاتے ہیں کہ یہ مختلف فیہ مسئلہ ہے لیکن م
اور مخالف دلایل سے کچھ دیر کے لیے صرفِ نظر کر کے دیکھنا چاہیئے کہ کیا تقوے کا ا
نہیں کہ دَعْ ما یُرِیبُکَ الیٰ ما لا یُرِیبُکَ یعنے مشتبہ چیز ترک کی جائے ا
چیز اختیار کی جائے جو شک و شبہ سے پاک وصاف اور مختلف فیہ نہ ہو۔ اگر
نقطۂ نظر سے یہ مسئلہ دیکھا جائے تو پھر ترکِ سماع اقرب للتقویٰ ہے اور یہی ح
عارف کا مسلک اور فتویٰ ہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ حضرت عارف اُمورِ شرعی کی سختی سے نگرانی فرماتے اور ہ
احتیاط اور تقوے کا پہلو پیشِ نظر رکھتے تھے پس اس اعتبار سے وہ " اکرمُ الا
تھے کہ اِنَّ اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔

دستارِ فضیلت ہو یا لباس زُہد و تقویٰ، خرقۂ خلافت و طریقت ہو یا عم
عزیمت، ہر پوشش ان کے جسم پر ٹھیک اُترتی تھی سے جامہ بود کہ بر قامت او دوخ
اور پھر اس خلعتِ فاخرہ کا حُسن، عشق و محبت اور ربط و نسبت کے طرۂ امتیاز
دوبالا ہو گیا تھا۔ بادۂ عشق سے نہ صرف وہ سرشار و مخمور تھے بلکہ یہی مئے وہ دو
کو بھی پلا پلا کر مست بناتے تھے۔ دل اور رُوح کی ساری بیماریوں کے لئے ان
پاس یہی ایک نسخۂ شفا تھا جس سے وہ شکوک و ارتیاب، اوہام و انکار
عوارض کا علاج کرتے تھے بمصداق ؎

یکے دو است بدارالشفاء میکدہ ہا

ز ہر مرض کہ بنالا کسے شراب دہید

اور جب ۲۵ ذی قعدہ ۱۳۷۹ھ کو ؎

وہ دوکاں اپنی اُٹھا کر چل دئے
بیچتے تھے جو دوائے دردِ دل

تو کسی نے کہا کہ ؎ "آں قدح بشکست وآں ساقی نماند" کسی نے کہا کہ "ان کی وفات
ے زمین سے اللہ کی رحمت اُٹھ گئی" کوئی حسرت بھرے لہجہ میں یہ کہہ رہا تھا کہ "اب ایسی
مقدّس صورتوں کے لئے آنکھیں ترستی رہیں گی ؎ قرنہا باید کہ یک صاحب دلے پیدا شود"
کسی کو یہ کہتے ہوئے سُنا گیا کہ "سلسلۂ قادریہ کا یہ ایک ایسا آفتاب تھا کہ جس کی ضیا پاشی
سے سارے وابستگان سلسلہ فیض یاب ہو رہے تھے۔ آہ افسوس کہ اس مقدّس ہستی
کی کوئی نظیر نہ اب سیرتاً ہے نہ صورتاً" اور کوئی یہ سوال کر رہا تھا کہ "وہ زہد و تقویٰ وہ علم و
ریاضت اب ہم کہاں ڈھونڈیں ؎ وہ دھوپ تھی جو ساتھ گئی آفتاب کے" اور کوئی
اپنے گرد و پیش کا جائزہ لے کر یہ کہہ رہا تھا کہ ؎ صدیوں میں خدا کا ایسا بندہ پیدا ہوتا
ہے۔ اب ایسے پکّے قادری اور خالص اور پکّے حنفی چراغ لے کر ڈھونڈیں گے تو بھی
نہ ملیں گے" اور کئی قلوب اس احساس سے غمگین تھے کہ ؎ مَوْتُ الْعَالِمِ مَوْتُ
الْعَالَمْ۔ الحاصل

وَمَا مَوْتُہٗ کَالْمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدٍ
وَلٰکِنَّہٗ بُنْیَانُ قَوْمٍ تَہَدَّمَ

ابوالفضل سیّد محمود
مارچ ۱۹۶۷ء

دیوڑھی حضرت مولوی سیّد محمود صاحبؒ
اندرون فتح دروازہ

شیخ الشیوخ

از

حضرت علامہ مولانا ابو الوفا سابق شیخ الفقہ جامعہ نظامیہ

حضرت علامہ مولانا سید وحید بادشاہ صاحب قادری (جو کہ حضرت علامہ عارف حافظ حدیث شیخ عبد الرزاق قادری جیلانی بغدادی و حضرت شاہ عبد اللطیف لاأبالی و حضرت سید شاہ موسیٰ قادری کے خاندان کے چشم و چراغ تھے) کی ولادت باسعادت شعبان کی ۱۵ ر شب ۱۳۰۲ھ میں ہوئی۔ یہ وہ رات ہے جس کے قیام اور اس کے دن روزہ رکھنے کی ترغیب حدیث شریف میں آئی ہے۔ کتب حدیث آپ نے حضرت مولانا منصور علی خاں (پدر نواب مقصود جنگ) سے پڑھی۔ علم تصوف و ذکر و شغل و مجاہدہ کی تکمیل آپ نے اپنے جد امجد (حضرت افتخار الاکابر و الاکارم سید شاہ مرتضیٰ صاحب قادری مہاجر مدنی) سے فرمائی (جن سے آپ نے ۱۷ ر جمادی الثانی ۱۳۲۳ھ کو بیعت فرمائی) آپ کی سب سے زیادہ فضیلت یہ ہے کہ جیسے آپ نسبتاً قادری تھے ویسے طریقہ قادریہ بھی اپنے آباد اجداد سے قرناً بعد قرنٍ آپ کو پہونچا تمام عمر آپ نے عبادت، مجاہدہ و زہد و اعمال صالحہ اور خدمت علم میں گزاری۔ اعمال صالحہ اور مجاہدہ کا نور آپ کے چہرۂ مبارک سے دائماً نمایاں رہا جس کا عالم شاہد ہے۔ وفات کے بعد بھی چہرۂ مبارک چاند کی طرح چمکتا رہا۔ علمی تحقیقات میں آپ کی ساری عمر گزری۔ ہمیشہ اپنے کتب خانہ سے غیر منفک رہے اور حق گوئی ہمیشہ آپ کا شعار رہا۔ بلا لوم لائم زبانِ دُرفشاں اور قلمِ گوہر فشاں پر ہمیشہ حق جاری رہتا اور اس کے لیے مردِ مجاہد رہے تہذیب اور اخلاق اور ادب میں یگانۂ روزگار رہے کبھی نا ملائم لفظ زبان پر نہیں آیا۔ اولیائے کرام اور صالحین کا ذکر اس انداز سے فرماتے کہ بڑا سے بڑا ادیب اس ادا سے عاجز ہوتا آپ کے مواعظِ حسنہ سے ہمیشہ عامۃ الناس محظوظ ہوتے رہے۔ ربیع الاول کے بارہ دنوں اور ربیع الآخر

ی گیارہ دنوں میں سیرتِ مبارک پر مواعظ کا سلسلہ رہا باوجود ضعف اور علالت کے یہ مواعظ برابر جاری رہے۔ بیماری کی وجہ سے اگرچہ آپ چلنے پھرنے سے معذور ہو گئے لیکن اس حالت میں بھی آپ کی عبادت اور ذکر و شغل میں کوئی فرق نہ آیا نہ آپ کے علمی مشاغل کم ہوئے۔ ماہ ذی قعدہ ی ۱۳۱۱ھ میں آپ کو پیچش ہو گئی جو پندرہ سولہ روز تک رہی۔ اجابتوں کی کثرت سے آپ بہت نحیف اور عاجز ہو گئے مگر فرائض کی ادائی میں اس حالت میں بھی لیٹے لیٹے مشغول رہے۔ ۲۵ ماہ ذی قعدہ یوم یکشنبہ گیارہ بج کر پینتالیس پر اس بیماری سے آپ واصل بحق ہو گئے اور شہادت کا رتبہ پایا۔ حدیث شریف میں آیا ہے المبطون شہید یعنی اجابتوں کی بیماری سے وفات پانے والا شہید ہے۔ افسوس کہ یہ آفتاب ہمیشہ کے لئے غروب ہو گیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ولد فی لیلۃ مبارکۃ وعاش سعیداً ومات شہیداً۔ رحمہ اللہ ورضی عنہ مع الابرار۔ حدیث شریف میں آیا ہے جس کے راوی حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ ہیں کہ ۲۵ ماہ ذی قعدہ کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے پاس کعبہ کو نازل فرمایا۔ یہ پہلی رحمت تھی جو نازل ہوئی۔ جو شخص اس دن روزہ رکھے تو اس کے ستر سال کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا ایں سعادت بزور بازو نیست۔ ایسی مبارک رات میں پیدا ہوئے اور ایسے سعید دن میں واصل بحق ہوئے۔ بوقتِ انتقال آپ کی عمر ۷۷ سال ۳ ماہ دس دن تھی۔ افسوس کہ اب ایسی ہستیوں کی پیدائش کی کم توقع ہے ؎

قرنہا باید کہ تا یک مرد حق پیدا شود
بایزید اندر خراسان یا اویس اندر قرن

صدیوں میں خدا کا ایسا بندہ پیدا ہوتا ہے اب ایسے پکے قادری اور خالص اور پکے حنفی چراغ لے کر ڈھونڈیں گے تو بھی نہیں ملیں گے۔ افسوس کہ ان کی وفات سے زمین سے اللہ کی رحمت اٹھ گئی۔ اللّٰھمّ املا قبرہٗ نوراً وسروراً و برّد ضریحہٗ وجازہٗ عنّا خیر الجزاء ولا تفتنا بعدہٗ۔ آمین

حضرت عبد العارف کے وصال پر اکابرین ملت کے تاثرات

۱۔ حیدر آباد کے خاندانِ غوثیہ کے فردِ فرید قطبِ وقت آج ۲۵ ذی قعدہ ۱۳۷۹ھ کو راہی عالم بقا ہوئے۔ ادخله اللّٰه فی جنة الفردوس (علامہ مفتی سید محمود صاحب قادری سابق شیخ الجامعہ نظامیہ)

۲۔ حضرت مرحوم اعلی اللّٰہ مقامہ ان اکرمکم عند اللّٰہ اتقاکم کے مصداق تھے۔ جعل اللّٰہ مثواہ جنۃ الفردوس (مولانا حکیم محمد حسین صاحب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ)

۳۔ موت العالِم موت العالَم۔ موت العالِم ثلمۃ فی الاسلام۔ نور اللّٰہ ضریحہ (مولانا مفتی محمد رحیم الدین صاحب سابق شیخ جامعہ نظامیہ)

۴۔ سلسلۂ قادریہ کا یہ ایک ایسا آفتاب تھا کہ جس کی ضیا پاشی سے سارے وابستگان سلسلہ فیض یاب ہو رہے تھے آہ افسوس کہ اس مقدس ہستی کی کوئی نظیر نہ اب میسّر آتا ہے اور نہ ہو گا۔ (مولانا سید محمد فرید بادشاہ صاحب قادری سجادہ نشین درگاہ گلشن باغ)

۵۔ اب ایسی مقدس صورتوں کے لئے آنکھیں ترستی رہیں گی ؎

قرنہا باید کہ یک صاحبدلے پیدا شود

(مولانا سید شیخن احمد صاحب شطاری کامل)

۶۔ آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

(ابو الفضل مولوی سید محمود صاحب ناظم عدالت)

۷۔ خاندانِ موسوی کا درخشاں آفتاب غروب ہو گیا۔

(پروفیسر مولوی سید شاہ عبد الرزاق صاحب قادری جعفر)

۸۔ حضرت مرحوم علم و عمل صبر و شکر صورت و سیرت حسب و نسب میں ہر طرح ممتاز اور سب خوبیوں کے حامل تھے۔ افسوس کہ ہم سے جدا ہو گئے۔ وہ تو اچھے گئے مگر ہم ان کی صحبت سے محروم ہو گئے۔

(مولانا سید شاہ قطب الدین حسینی صاحب چشتی صابری سجادۂ درگاہ حضرت شاہ خاموش ؒ)

۹۔ وہ زہد و تقوے وہ علم و ریاضت اب ہم کہاں ڈھونڈیں ؂
وہ دھوپ تھی جو ساتھ گئی آفتاب کے

(مولانا سید شاہ یحیٰی عالم صاحب قادری سجادہ نشین درگاہ موسویہ)

۱۰۔ حضرت مرحوم نہ صرف عالمِ باعمل بلکہ فقیر تھے۔ ایسی ہستی اب ملنا دشوار ہے۔

(مولانا سید شاہ محی الدین صاحب قادری سجادہ درگاہ حضرت خواجہ محبوب اللہؒ)

۱۱۔ وحید العصر حضرت سید وحید بادشاہ صاحب قادری عارف فی نفسہٖ عارفِ حق تھے۔ اپنے وقت کے بے بدل صوفی اور ممتاز شیوخ سے تھے اکابرینِ ملت میں آپ کا نام سرِ فہرست تھا آپ خاندانِ غوثیت کے چشم و چراغ اور بزم ہدایت کے آفتاب تھے۔ اسلاف کے آپ سچے خلف متقدمین اولیاء کے کامل نمونہ تھے حُسنِ صورت و حُسنِ سیرت کے علاوہ حسنی اور حُسینی شانِ سیادت آپ میں جلوہ گر تھی۔

(مولانا سید عبدالکریم حسینی القادری البغدادی)

۱۲۔ حضرت سید وحید بادشاہ صاحب قادری الموسوی حیدرآباد کے ممتاز علماء میں سے تھے جن کا نسبی تعلق حضور غوثِ پاکؓ سے تھا اور حیدرآباد بجا طور پر آپ پر فخر کرتا تھا مجلس علمائے دکن کو ۲۷ سال تک آپ کا تعاونِ عمل رہا۔ مجلسِ علماء حضرت کی جدائی پر انتہائی محزون و مغموم ہے۔

(مولانا سید محمد بادشاہ حسینی صاحب معتمدِ مجلس علمائے دکن۔ ۲۸ مئی ۱۹۶۰ء)

(اقتباسات)

خانوادۂ قادری کا ایک چراغ گل ہوگیا

علامہ وحید پاشا الموسوی کا وصال: حیدرآباد ۲۳ مئی ۱۹۶۰ء:- یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سُنی جائے گی کہ علامہ حضرت الحاج مولانا سید شاہ وحید بادشاہ صاحب قادری الموسوی نے ۲۲ مئی سنہ ۱۹۶۰ء م ۲۵ ذی قعدہ سنہ ۱۳۷۹ھ کو داعی اجل کو لبیک کہا حضرت ممدوح جہاں ایک زبردست محدث و فقیہ تھے اس کے ساتھ زہد و تقویٰ و ریاضت میں اپنی نظیر آپ تھے۔ حضرت قطب الاقطاب سیدنا غوث اعظمؓ کے خاندان میں حیدرآباد میں آپ ایک ممتاز شخصیت کے حامل تھے تقریباً دو ہفتہ کی علالت کے بعد خانوادۂ قادریہ کا یہ آفتاب غروب ہوگیا خدائے تعالیٰ حضرت کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔

(رہنمائے دکن مورخہ ۲۳ مئی سنہ ۱۹۶۰ء)

خبر و نظر

علامہ وحید پاشا کا سانحۂ رحلت:- گزشتہ آٹھ دس سال کے دوران میں حیدرآباد میں جو علماء و فضلاء یکے بعد دیگرے ہمارے درمیان سے اُٹھتے چلے جارہے ہیں اس سے ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ حیدرآباد اہلِ علم و فضل سے خالی ہوتا جارہا ہے اور ان کی جگہ کسی سے پُر ہوتی نظر نہیں آتی ہے۔ حضرت علامہ الحاج مولانا سید وحید پاشاہ صاحب قادری الموسوی حیدرآباد کے جید اور صاحب ریاضت علماء میں شمار ہوتے تھے جن کے انتقال سے اہلِ علم میں ایک بڑی کمی ہوگئی۔ علم و فضل کے ساتھ آپ میں حسب و نسب کی شرافت بھی جمع تھی جس کے باعث آپ اپنے اقران و امثال میں ایک بلند اور ممتاز مقام رکھتے تھے۔ علوم حدیث و فقہ میں آپ کو بڑا تبحّر حاصل تھا اور ساتھ ہی زہد و تقویٰ میں اپنا مثل نہیں رکھتے تھے۔ شہرت پسندی، دربار داری اور دُنیا سازی اسے آپ کوسوں دُور تھے اور ہر حال میں گوشہ نشینی کو ترجیح دیا کرتے تھے۔ علمی مسائل میں غامض نظر رکھتے تھے۔ . . . جب بھی کوئی شرعی مسئلہ مابہ النزاع ہوجاتا تو اس بارے میں بلاخوف لومۃ لائم صحیح صورتِ حال پیش کر

رویت ہلال کے تعلق سے آج سے کوئی سات آٹھ سال پہلے جو اختلافات نام نہاد علماء نے پیدا کئے تھے انھیں اپنے علم اور دلایلِ شرعی سے رفع کیا اسی طرح دو سال پہلے نماز میں آلۂ مکبر الصوت کے استعمال کے بارے میں دو رائیں ہوئیں اور بعض تجدد پسند طبائع احکامِ شرع کے فہم و تسلیم میں موشگافیاں کرنے لگے تو اس وقت علامہ مرحوم نے بلدہ کے ممتاز علماء کو جمع کر کے اصل مسئلہ کو واضح فرمایا اور آلۂ مکبر الصوت کے جواز کے قائلین کو دلایل قاہرہ سے ساکت کر دیا اور اس خصوص میں جو حکم شرع کتاب و سنّت اور اجماع و قیاس سے فقہائے متقدمین کی اتباع میں قابلِ تسلیم تھا اس کو ظاہر کر دیا۔ ہر زمانے میں ایسے ہی علمائے حق نے شریعت غرا کی حمایت کی و نصرت کر کے عوام کو صحیح راستہ دکھایا ہے۔

اس دارِ فانی سے اگرچہ ہر کس و ناکس کو کوچ کرنا ہے لیکن رنج اس بات کا ہے کہ علمائے حق کے اٹھ جانے سے عوام دین کی صحیح رہنمائی سے محروم ہو جاتے ہیں۔ موت العالم موت العالم در اصل انہی علمائے حق کی رحلت پر صادق آتا ہے (رہنمائے دکن مورخہ ۲۴ رمئی سنہ ۱۹۶۰ء)

قرارداد لطیفیہ عربی کالج :- یہ جلسہ حضرت سید شاہ وحید پاشاہ صاحب قادری الموسوی عارف کی وفات حسرت آیات پر اپنے عمیق جذبات رنج و الم کا اظہار کرتا ہے۔ ہندوستان کی بد قسمتی ہے کہ ایسے فقید المثال علماء سے ملک محروم ہوتا جا رہا ہے۔ دعا ہے کہ حق تعالیٰ حضرت مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور متعلقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

(رہنمائے دکن مورخہ ۲۴ رمئی سنہ ۱۹۶۰ء)

صدر مجلس علمائے دکن کا پریس نوٹ :- حضرت مولانا الحاج سید السادات سید شاہ وحید پاشاہ صاحب قادری الموسوی (معزز رکن صدر مجلس علمائے دکن) کا انتقال پُرملال عالم اسلامی کے لئے عموماً اور ملتِ اسلامیہ دکن کے لئے خصوصاً ایک سانحۂ عظیم ہے۔

(رہنمائے دکن ۲۶ رمئی سنہ ۱۹۶۰ء)

تواریخِ رحلت

(۱)

واعظ و علامہ و شیخ و خطیب — مفتخر گردید با وصل حبیب

سالِ رحلت گفت محمودِ حزیں — آں وحید العصر شد جنت نصیب

۱۳۷۹ھ

(ابوالفضل سید محمود محمودؔ)

(۲)

آہ رحلت پائے علامہ وحید القادری — بالیقیں یہ بات ہر اک کے لئے ماتم کی ہے

سالِ رحلت آپ کا ہو اس سے بڑھ کر کیا رقم — موت اک عالم کی سچ ہے موت اک عالم کی ہے

۱۳۷۹ھ

دیگر

(۳)

ہے اس عالم کی موت پر افسوس — آفتاب ایک علم کا ڈوبا

دنیا کس انتہائے رنج سے آج — کہتی ہے علم کا چراغ بجھا

۱۳۷۹ھ

دیگر

(۴)

وحید القادری الموسوی بد عارف کامل — تعالی اللہ او داگشت قرب آں وحید حاصل

چہ خوش گفتہ ولی القادری ایں مصرعِ سالش — وحید القادری عارف وحید العصر حق واصل

۱۳۷۹ھ

(ابوالحسنات مولوی سید ولی اللہ صاحب قادری ولیؔ)

(۵)

داغِ فرقت سب کو دے جاتے ہیں سارے باکمال — عارفانِ بے مثال و عالمانِ خوش خصال

ہے وحید عصر کی تاریخِ رحلت حسبِ ذیل — تخرجہ سے ایک کے نکلے گا سالِ انتقال

موت العالم الاجل الوحید ملوت العالم ۱۳۷۹ھ

ولہ

(۶)

چہ دانہ قضا ز خدائے قدیر یافت — قصرے بخلد عاشقِ پیرانِ پیر یافت

از سرِ بقا برفت و سروشے بگفت سال — سید وحید پادشہِ وصلِ حبیب یافت

۱۳۷۹ھ

(ابوالقاسم مولوی سید مہدی حسن صاحب قادری مہدیؔ)

(۷)

"پیر طریقت سید وحید القادری" (از مرزا بدر الدین بیگ صاحب شمسؔ)

یعنی

کلامِ فصاحت التیام وحید العصر شیخ المشائخ حضرت سید وحید بادشاہ صاحب قادری عارفؒ

مرتبہ

ابوالفضل سید محمود قادری

گوش کن گوش کلام عارف
با خبر شو ز پیام عارف
جرعه گیر ز میخانهٔ او
می عشقست بجام عارف

مصطفیٰ را حق بدان و حق ببیں
مصطفیٰ بُد نورِ ربّ العالمیں
(رومی)
بحضور
سرورِ کونین
علیہ التحیۃ والسلام
بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبی است
(اقبال)

بَلَغَ الْعُلٰى بِكَمَالِهٖ
كَشَفَ الدُّجٰى بِجَمَالِهٖ
حَسُنَتْ جَمِيْعُ خِصَالِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَآلِهٖ

...ت سے ہے دل میں مرے ارمانِ مدینہ — دکھلا دے خدا جلد گلستانِ مدینہ

...ت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھوں — یارب مجھے مل جائے جو بستانِ مدینہ

...یں ہیں وہاں اور یہاں خسروِ خوباں — فردوس سے بڑھ کر ہے گلستانِ مدینہ

...وں کی تمنا ہے نہ کچھ خواہشِ طوبیٰ — نظروں میں ہے اک سروِ خرامانِ مدینہ

...وف ہے توقیرِ مکاں ذاتِ مکیں پر — سلطانِ مدینہ سے بڑھی شانِ مدینہ

...وش ہیں سب پی کے مئے ساقیٔ کوثر — دارین سے بے فکر ہیں مستانِ مدینہ

...وب کی محبوب ہوا کرتی ہے ہر شے — کیوں کر نہ دل و جان ہوں قربانِ مدینہ

عارف یہ سمائی ہے سرِ سودا زدہ میں

ہوں میرے قدم اور بیابانِ مدینہ

تڑپ رہا ہوں دکن میں مدینے جانے کو
قفس میں بیٹھ کے روتا ہوں آشیانے کو

دلِ حزیں کو تسلّی یہ دے رہا ہوں میں
نسیمِ لطف مدینے سے اب ہے آنے کو

بہت زمانے سے یہ میں نے دل میں ٹھانی ہے
درِ نبیؐ پہ چلوں قسمت آزمانے کو

خدا گواہ بجز ذکرِ پاکِ حضرت کے
جی چاہتا ہے ہر اک چیز بھول جانے کو

بہت چھپائے رہے اپنا حال ہم عارف
نہ جانے کیسے خبر ہو گئی زمانے کو

سردارِ جمیع انبیا ہو　　محبوبِ خُدا ہو مُصطفےٰؐ ہو

مجھ سے کیا وصف آپ کا ہو　　ممدوحِ جنابِ کبریا ہو

ہے آپ کی مرضی حق کی مرضی　　ہوتا ہے وہی جو آپ چاہو

ہوتا ہے وہی خُدا کا منشا　　منشا جیسا حُضور کا ہو

ہے منزل اس کے ٹھوکروں میں　　حضرت سا جس کا رہنما ہو

یادِ آپ کی آپ کا تصوّر　　دل سے نہ مرے کبھی جُدا ہو

دراصل اسی کی زندگی ہے　　جو آپ کی یاد میں جیسا ہو

عارفؔ بیمارِ مُصطفےٰؐ کو

ہرگز نہ خُدا کرے شفا ہو

رسولؐ اللہ اس عالم میں کیا با احتشام آئے
کہ حضرت کے جِلو میں انبیا سب خوش خرام آئے

تقاضائے عقیدت ہے کہ جب حضرت کا نام آئے
خلوصِ قلب سے لب پر درود آئے سلام آئے

نرالی ہے رسولِؐ ہاشمی کی شانِ محبوبی
گروہِ انبیا کے شاہِ دیںؐ بن کر امام آئے

ستارے بن کے چمکے انبیا اپنے زمانے میں
جب آئی باری شہؐ کی بن کے یہ ماہِ تمام آئے

سرِ محشر جو پہنچے شہؐ پہن کر تاج رحمت کا
ہوا غل شافعِ روزِ جزا خیر الانام آئے

زہے وہ معصیت جس کی خبر لیں شافعِ محشر
خوشا وہ تشنگی جس کے لئے کوثر کا جام آئے

مرے اعمال ہی کیا تھے قیامت میں جو کام آتے
بھہے تھے عشقِ حضرت میں جو آنسو بس وہ کام آئے

کرم سے اپنے عارفؔ کو بلائیں گر مدینے میں
تو پھر کہتا ہوا لبیک شاہا یہ غلام آئے

تخمیس

بر کلام جانفزائے حضرت شاہ خاموش رحمۃ اللہ علیہ

کیا کمی ہے مرے سلطان ترے کوچہ میں
خوب ہے فضل کا سامان ترے کوچہ میں

ہے عجب طرح کا فیضان ترے کوچہ میں
فیض بخشی کی ہے کیا شان ترے کوچہ میں

مور بن جائے سلیمان ترے کوچہ میں

کوئی جلوے میں ہے حیران ترے کوچہ میں
وجد میں ہے کوئی غلطان ترے کوچہ میں

نذر کرتا ہے کوئی جان ترے کوچہ میں
روح تو رہتی ہے ہر آن ترے کوچہ میں

آئے کیوں کر تنِ بے جان ترے کوچہ میں

دل میں جو آتا ہے بس منہ سے وہی بکتا ہوں
ترے ملنے کی ہے جو راہ وہی تکتا ہوں

ہر گھڑی تیرے تصور کا مزہ چکھتا ہوں
آ نہیں سکتا ہوں واں یاں نہ بلا سکتا ہوں

رات دن رہتا ہے بس دھیان ترے کوچہ میں

جسم سے دور ہوں میں تجھ سے کہیں میں ہوں کہیں
ہے رگِ جاں سے تو نزدیک مگر دل کے مکیں

جاذبہ عشق ترا کیا مجھے کھینچے گا نہیں
مسکنِ روح مرا بعدِ فنا ہوگا وہیں

دفن ہو یا نہ ہوا ے جان ترے کوچہ میں

کون ہے جس کے نہیں دل میں ترا عشق و ولا　　شمعِ رُخ پہ ترے پروانہ ہے ادنیٰ اعلیٰ

جبکہ خود شیفتہ تیرا ہُوا تیرا مولیٰ　　کیا عجب ہے کہ بنے صورتِ مجنوں لیلیٰ

چیر کر اپنا گریبان ترے کوچہ میں

جان سے اپنے ہے وہ جسمِ مقدّس بہتر　　ہے روا عرش سے گر آن ہیں آئے جا کر

آرزو ہے کہ وہ تلووں سے ملے نورِ نظر　　خاک پر نقشِ کفِ پا ترا ہوے کیونکر

فرش ہیں دیدۂ حیران ترے کوچہ میں

ترے دیوانے ہیں دُنیائے دنی سے روپوش　　بادۂ عشق سے ہیں بیخود و مست و مدہوش

درِ عالی پہ پڑے رہتے ہیں عارف بے ہوش　　چھوڑ دروازہ ترا جائیں کہاں ہم خاموش

جان تو کر چکے قُربان ترے کوچہ میں

فارسی کلام

آرزو دارم طوافِ روضۂ والا کنم
گہ درت بوسم گہے بر سنگ در سجدہ کنم

ایں تمنا ہست در دل چوں بکوئے تو رسم
گرد کوئے راہِ تو بر روئے خود غازہ کنم

لطف فرما و بیا در خانۂ ویرانِ من
تا کہ از وصلِ تو امشب را شبِ اسریٰ کنم

لَاتُفَضِّلُوْنِیْ عَلٰی اَحَدٍ چو خود فرمودۂ
کے بود ممکن کہ اوصافِ ترا انشا کنم

لائقِ دربارِ دُربارِ تو شاہا نیستم
آرزو دارم ہمیں کہ با سگانت جا کنم

دستگیرِ من توئی اُمید گاہِ من توئی
غیرِ تو ملجا و ماوایم کرا شاہا کنم

عارفا آں دم کہ بر سنگِ درش دارم جبیں
راسِ فخرم از مقامِ استوا بالا کنم

جان و دل قربان یک جادو نگاہے ساختم
در خمِ محراب ابرو سجدہ گاہے ساختم

انبساطِ عید من باشد جمالِ روئے دوست
کوئے جاناں را برایم عید گاہے ساختم

سجدہ گاہ و قبلۂ ہر مذہب و ملّت جُداست
قبلۂ من جانبِ یک کج کُلاہے ساختم

در رہِ پُر پیچ عشقم چوں کسے رہبر نبُود
نقش پائے یار خود را خضر راہے ساختم

مسندِ فقرم شد عارف رُو کش تختِ شہی
کلبۂ احزان خود را بارگاہے ساختم

تخمیس

بر کلام فصاحت التیام حضرت آصف جاہ سابع مدظلہ وعم نوالہ

اے شانِ کبریا شدہ شایانِ شانِ تو — عرشِ عظیم گشت چہ بالامکانِ تو
زیبا زبانِ حق ز برائے بیانِ تو — اے نُطقِ اوّلیں ز ازل خُطبہ خوانِ تو
در دو جہاں کسے نبود ہم عنانِ تو

دستت یداللہ ہست و زبانش زبانِ تو — خود میخورد خدائے تو سوگند جانِ تو
جُز ربِّ تو کسے نبود رُتبہ دانِ تو — اے نُطقِ اوّلیں ز ازل خُطبہ خوانِ تو
در دو جہاں کسے نبود ہم عنانِ تو

شد وسعتِ زمین و سما بہرِ خوانِ تو — گشتست جملہ خلقِ خدا میہمانِ تو
بیروں ست از بیاں کرمِ بیکرانِ تو — اے نُطقِ اوّلیں ز ازل خُطبہ خوانِ تو
در دو جہاں کسے نبود ہم عنانِ تو

اے مُظہرِ خزانۂ مخفی و نورِ ذات — مرآتِ حُسنِ لم یزلی مَظہرِ صفات
روشن چراغِ ہستی و نورت شش جہات — اے باعثِ ظہورِ جہاں فخرِ کائنات
در دہر ہر چہ ہست ہمانا از آنِ تو

